U48616 , Date 3-4-0

Title – ATALEEQ-E-ARABI; JIS MEIN ARABI ZUBAN KI TALEEM PAR NIHAYAT SHIREH-O-BAST KE SAATH BEHES KI GAYEE HAI

Creator – Zahidul Qadri

Publisher – Deen Duniya Publishing company (Delhi)

Date – N.A.

Pages – 200

Subject – Arabi Zuban – Qawaaid.

فہرست مضامین

دیباچہ

عربی زبان کو دُنیا کی دوسری زبانوں پر جو فضیلت حاصل ہے وہ کسی پر مخفی نہیں۔ عربی زبان وہ زبان ہے جسے اُم الالسنہ کہا جاتا ہے یعنی دُنیا میں اُس وقت جتنی بھی زبانیں موجود ہیں اُن کی ماں عربی زبان ہے۔ عربی زبان کس قدر پُرانی اور قدیم ہے۔ اس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ آفرینش عالم کے بعد جو پہلی زبان عالم وجود میں آئی وہ عربی زبان تھی۔

دُنیا میں بہت سی زبانیں پیدا ہوئیں اور فنا ہو گئیں لیکن عربی زبان کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ انتہائی قدیم ہونے کے باوجود نہ صرف قائم اور باقی رہی بلکہ زمانہ کے ساتھ ساتھ ترقی کرتی چلی گئی۔ اور اس نے فصاحت و بلاغت کا وہ اعلیٰ درجہ حاصل کیا جو آج تک دُنیا کی کسی زبان کو بھی حاصل نہیں ہو سکا ہے۔

عربی زبان چونکہ زمانہ کے ساتھ ساتھ ترقی کرتی رہی اس لئے اس میں علوم و فنون کے وہ بے پایاں خزانے جمع ہوتے رہے جن کو انسانی دماغ کی ہزاروں برس کی کاوش کا نتیجہ کہا جا سکتا ہے۔ چنانچہ مغرب کے وہ ترقی یافتہ ممالک جن کو اپنے علوم و فنون پر ناز ہے ہزاروں برس تک عربی زبان کے ذخیروں سے فائدہ اُٹھانے کے بعد آج اس قابل بنے ہیں کہ وہ دُنیا کی دوسری زبانوں میں علوم و فنون کے ذخائر پیش کر سکیں۔ حقیقت یہ ہے کہ عربی زبان سے دُنیا کی تمام زبانوں نے استفادہ حاصل کیا ہے۔ اور اس کا کھلا ثبوت یہ ہے کہ انگریزی فرانسیسی۔ اطالوی۔ جرمنی۔ ایرانی۔ ہندی اور جس زبان کے لُغت کا بھی مطالعہ کیا جائے اس میں کثرت سے عربی کے الفاظ ملتے ہیں۔

عربی زبان کی اس ہمہ گیری کے باوجود کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ ہم اس قابل قدر زبان سے ناآشنا ہیں جسمیں علوم و فنون کے خزانے دفن ہیں۔ ہماری بدنصیبی پر ماتم کرنا چاہئے کہ آج اس برعظیم کے مسلمانوں میں ایک فی صدی بھی عربی سے واقف نہیں۔ حالانکہ ہر مسلمان رسول عربی کا شیدائی اپنے آپ کو بتاتا ہے۔ خدا کا فرمان عربی زبان میں نازل ہوا ہے لیکن مسلمانوں کی بدبختی کہ وہ قرآن پاک کے نکات سے تشنہ رہتے ہیں۔ اور زندگی کو اس تاریکی میں ختم کر کے قبر کے گوشہ میں چلے جاتے ہیں۔

میں نے مسلمانوں کے جذبات کا جہاں تک مطالعہ کیا ہے وہ عربی سے ایک گہری دلچسپی رکھتے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ اس نعمت سے صرف اس لئے محروم ہیں کہ عربی زبان کو انتہا سے زیادہ مشکل بنا دیا گیا ہے۔ میں نے اکثر اسلامی مجلسوں میں بچشم خود دیکھا ہے کہ جب خطیب قرآن مجید کی آیتیں اور حدیثیں اور عربی عبارتیں پڑھتے ہیں تو ہزاروں مسلمان خاموش بیٹھے ہوئے یہ تمنا کیا کرتے ہیں کہ کاش ہم بھی عربی زبان سے واقف ہوتے اور ہم بھی عربی بول سکتے اور سمجھ سکتے اس وقت ان کی مضطربانہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ جلد سے جلد عربی زبان سے واقف ہو جائیں اور بلاتکلف عربی سمجھ سکیں اور بول سکیں لیکن یہ اضطراب صرف اس لئے فنا ہو جاتا ہے کہ ہندوستان کے علماء نے عربی زبان کو ایک ہیبت بنا دیا ہے۔ اور عربی پڑھنے والوں کے لئے ایک ایسا خوفناک نصاب تعلیم تجویز کیا ہے کہ عشق اپنی پہلی ہی منزل میں سرد پڑ جاتا ہے۔

میں نے اس کتاب کے لکھنے سے پہلے ہندوستان کے عربی مدارس اور طرز تعلیم کا اچھی طرح سے مطالعہ کیا تو مجھے معلوم ہوا کہ طالب علموں کی زندگیوں کو تباہ کیا جاتا رہا ہے اور بیشتر [illegible] سے بڑا کر ان کو غارت کر دیا جاتا ہے جہاں سے کامیابی کیساتھ [illegible] نکلنا اگر دشوار نہیں تو آسان بھی نہیں [illegible] افسوس ہوا۔

جب میں نے دیکھا کہ پندرہ پندرہ سال کی مسلسل محنت کے بعد طلبا عام طور پر اس قابل بھی نہیں ہوتے کہ صحیح عربی لکھ پڑھ سکیں اور بول سکیں۔ جب پندرہ سال کی کوشش کے بعد طلباء کا یہ عالم ہو تو بتایئے کہ ایسی تعلیم کیا مفید ہو سکتی ہے اور ایسے نصاب تعلیم کو کس حد تک کار آمد کہا جا سکتا ہے۔

عربی طلبا کی ان مشکلات نے میرے دل میں یہ جذبہ پیدا کیا کہ جدید طریقِ تعلیم کو دُنیا کے سامنے پیش کر کے یہ بتا دوں کہ عربی زبان دُنیا کی سہل ترین زبان ہے۔ چنانچہ میں نے کام شروع کر دیا۔ اور مشرق و مغرب کے جدید اصول کے ماتحت اس کتاب کو مُرتب کرنا شروع کر دیا۔ اور آج میں آتالیقِ عربی کو جدید طریقِ تعلیم کے اصول کے ماتحت آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

اس اہم کام کا انجام دینا کچھ آسان کام نہ تھا اور ایک ایسے شخص کے لئے جس نے خود ہندوستان میں تعلیم حاصل کی ہو۔ انتہا سے زیادہ دُشوار تھا لیکن میں نے تمام دُشواریوں پر مصر و حجاز کے علماء کے مشوروں سے عبور حاصل کر لیا۔ جامعہ ازہر مصر کے علماء نے اس کتاب کی تیاری میں مجھے بے حد مدد دی ہے۔ اور میں اُن کا ممنون ہوں کہ آج ان کی کوشش اور محنت کی بدولت میں دُنیا کے سامنے بالکل نئی چیز پیش کر رہا ہوں میں نے اس کتاب میں نہایت آسان اور عام فہم سبق لکھے ہیں اور عربی بولنے اور سمجھنے کے لئے جن الفاظ اور کلمات کی ضرورت ہوتی ہے ان کو مناسب ترتیب کے ساتھ جمع کر دیا ہے۔ اور میں نے وہ زبان لکھی ہے۔ جو اس وقت مصر و حجاز کے اہلِ زبان بولتے ہیں۔ گویا اس کتاب کے مطالعہ کے بعد قدیم عربی اور جدید عربی دونوں سے کافی واقفیت حاصل ہو سکتی ہے۔

اس کتاب کی ترتیب تعلیمی اصول کے ماتحت رکھی گئی ہے۔ اور وہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے جس سے پڑھنے والوں کے دماغ پر تو کسی قسم کا بار نہ پڑنے پائے۔ اور عربی زبان آ جائے۔ یہ جدید تعلیمی طریقہ اس وقت مصر اور یورپ میں رائج ہے۔ اور بے انتہا

کامیاب ہورہا ہے۔ کتاب کے آخری حصہ میں عربی گرامر اور عربی ڈکشنری بھی شامل کر دی گئی ہے تاکہ طالب علم کو کسی طرح کی دشواری محسوس نہ ہو اور کم سے کم وقت میں عربی زبان پر طلبا عبور حاصل کر سکیں۔

مجھے امید ہے کہ میری یہ کوشش قدر کی نگاہ سے دیکھی جائے گی اور مجھے توقع ہے کہ مسلمانوں کا بیشتر طبقہ اس نعمت کو حاصل کر سکے جس کی تمنا ہر مسلمان اپنے دل میں لئے ہوئے قبر میں چلا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ مجھے یقین ہے کہ علاوہ مسلمانوں کے دوسری اقوام کے وہ افراد جو علوم و فنون کے پرستار ہیں اور عربی زبان کی اہمیت سے واقف ہیں۔ اس کتاب سے کافی فائدہ اٹھائیں گے۔ آخر میں ہندوستان کے ماہرین تعلیم سے میں گزارش کروں گا کہ اگر ان کے نزدیک کتاب میں کچھ خامیاں رہ گئی ہوں تو وہ ان سے مجھے واقف کر دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ان خامیوں کو دور کر دیا جائے خدائے قدوس اس کتاب کو قبولیت عطا فرمائے اور اس سے دنیا کو مستفید ہونے کی توفیق دے۔

خاکسار

زاہد القادری

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلدَّرْسُ الْاَوَّلُ

سبق نمبر ۱
چند الفاظ اور ان کے معنی

اَللّٰهُ	خدا	اِنْسَانٌ	انسان	طَعَامٌ	کھانا	عَاقِلٌ	عقلمند
لَذِيْذٌ	خوش ذائقہ	وَاحِدٌ	ایک	بَيْتٌ	گھر	تُفَّاحٌ	سیب
وَاسِعٌ	فراخ	حُلْوٌ	میٹھا	حَقٌّ	سچ	بَلَدٌ	شہر
مُرٌّ	کڑوا	جَمِيْلٌ	خوبصورت	كِذْبٌ	جھوٹ	شَنِيْعٌ	برا

جملے اور ان کے معنی

اَللّٰهُ وَاحِدٌ ۔	خدا ایک ہے	اَلْاِنْسَانُ عَاقِلٌ	انسان عقلمند ہے
اَلطَّعَامُ لَذِيْذٌ	کھانا لذیذ ہے	اَلْبَيْتُ وَاسِعٌ	گھر فراخ ہے
اَلتُّفَّاحُ حُلْوٌ	سیب میٹھا ہے	اَلْحَقُّ مُرٌّ	سچ کڑوا ہے
اَلْبَلَدُ جَمِيْلٌ	شہر اچھا ہے	اَلْكِذْبُ شَنِيْعٌ	جھوٹ برا ہے

اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ

سبق نمبر ۲
مذکر و مؤنث الفاظ اور انکے معنی

رَجُلٌ	مرد	اِمْرَأَةٌ	عورت	اَبٌ	باپ	اُمٌّ	ماں

اَخٌ بھائی	اُخْتٌ بہن	نَوْمٌ نیند	نَائِمٌ سونے والے
نَائِمَةٌ سونے والی	سَخِیٌّ فیاض	صَادِقٌ سچا	صَادِقَةٌ سچی
اَلرَّجُلُ سَخِیٌّ مرد سخی ہے		اَلْمَرْاَۃُ سَخِیَّۃٌ عورت سخی ہے	
اَلْاَبُ صَادِقٌ باپ سچا ہے		اَلْاُمُّ صَادِقَةٌ ماں سچی ہے	
اَلْاَخُ نَائِمٌ بھائی سو رہا ہے		اَلْاُخْتُ نَائِمَةٌ بہن سو رہی ہے	

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ

سبق نمبر ۳

ضمیریں

	واحد (ایک)	تثنیہ (دو)	جمع (دو سے زیادہ)
(مذکر)	هُوَ وہ ایک مرد	هُمَا وہ دو مرد	هُمْ وہ بہت سے مرد
(مؤنث)	هِیَ وہ ایک عورت	هُمَا وہ دو عورتیں	هُنَّ وہ بہت سی عورتیں
(مذکر)	اَنْتَ تو ایک مرد	اَنْتُمَا تم دو مرد	اَنْتُمْ تم بہت سے مرد
(مؤنث)	اَنْتِ تو ایک عورت	اَنْتُمَا تم دو عورتیں	اَنْتُنَّ تم بہت سی عورتیں
مذکر و مؤنث مشترک	اَنَا میں ایک مرد یا ایک عورت		نَحْنُ ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں ہم بہت سے مرد یا ہم بہت سی عورتیں

	صیغہ ہائے مذکر	صیغہ ہائے مؤنث
واحد	هُوَ رَجُلٌ وہ ایک مرد ہے	هِیَ اِمْرَاَۃٌ وہ ایک عورت ہے
تثنیہ	هُمَا رَجُلَانِ وہ دو مرد ہیں	هُمَا اِمْرَاَتَانِ وہ دو عورتیں ہیں
جمع	هُمْ رِجَالٌ وہ بہت سے مرد ہیں	هُنَّ نِسْوَۃٌ وہ بہت سی عورتیں ہیں

واحد	اَنْتَ صَادِقٌ تو ایک مرد سچا ہے	اَنْتِ صَادِقَۃٌ تو ایک سچی عورت ہے
تثنیہ	اَنْتُمَا صَادِقَانِ تم دو مرد سچے ہو	اَنْتُمَا صَادِقَتَانِ تم دو عورتیں سچی ہو
جمع حاضر	اَنْتُمْ صَادِقُوْنَ تم سب مرد سچے ہو	اَنْتُنَّ صَادِقَاتٌ تم سب عورتیں سچی ہو
واحد متکلم	اَنَا غَنِیٌّ میں ایک مرد یا ایک عورت دولتمند ہوں	نَحْنُ اُمَرَاءُ ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں امیر ہیں

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ

سبق نمبر ۴

اسمائے اشارہ

هٰذَا یہ (مذکر کے لئے)	هٰذِهٖ یہ (مونث کے لئے)
ذٰلِكَ یہ وہ (مذکر کے لئے)	تِلْكَ وہ (مونث کے لئے)
هٰذَانِ یہ دونوں (تثنیہ مذکر)	هَاتَانِ یہ دونوں (تثنیہ مونث)
هٰؤُلَاءِ یہ سب مرد یا یہ سب عورتیں	هٰهُنَا یہاں
اُولٰٓئِكَ وہ سب مرد یا وہ سب عورتیں	هُنَاكَ وہاں

تُفَّاحٌ سیب ضَیْفٌ مہمان رَفِیْقٌ دوست رَائِحَۃٌ خوشبو

حَرَارَۃٌ گرمی بَرْدٌ سردی

هٰذَا تُفَّاحٌ یہ سیب ہے	هٰذِهٖ رَائِحَۃُ الطَّعَامِ یہ کھانے کی خوشبو ہے
هٰذَانِ رَفِیْقَانِ یہ دونوں دوست ہیں	هَاتَانِ اُخْتَانِ یہ دونوں بہنیں ہیں
ذٰلِكَ جَمَلُ الْغَنِیِّ یہ دولتمند کا اونٹ ہے	تِلْكَ سِلْسِلَۃُ الْكَلْبِ یہ کتے کی زنجیر ہے
ذٰلِكَ اَبُوْهُ یہ اس کا باپ ہے	تِلْكَ اُمُّهٗ یہ اس کی ماں ہے

هٰؤُلَاءِ أَحْبَابُ مَحْمُوْدٍ یہ سب محمود کے دوست ہیں أُولٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ وہ سب جانوروں کی مانند ہیں

هٰهُنَا بَرْدٌ یہاں سردی ہے أُولٰئِكَ إِخْوَانُ يُوْسُفَ وہ سب یوسف کے بھائی ہیں

هٰؤُلَاءِ ضُيُوْفٌ یہ سب مہمان ہیں هُنَاكَ حَرَارَةٌ وہاں گرمی ہے

هٰذَا رَفِيْقِيْ یہ میرا دوست ہے هٰذِهٖ أُخْتِيْ یہ میری بہن ہے

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ

سبق نمبر ۵

کلمات استفہام

مَنْ کون كَيْفَ کس طرح كَمْ کتنا۔کتنی۔کس قدر أَيْنَ کہاں

مَتٰى کب أَيُّ کونسا لِمَ کیوں أَيْشٌ[1] کوئی چیز

أَ کیا هَلْ کیا مَا کیا مَاذَا کیا

مَنْ هٰذَا یہ کون ہے مَنْ أَنَا تو کون ہے مَنْ فِي الْمَسْجِدِ مسجد میں کون ہے

لِمَنْ هٰذَا التُّفَّاحُ یہ سیب کس کا ہے؟ كَيْفَ أَنْتَ تم کیسے ہو؟

كَيْفَ مِزَاجُكُمْ آپ کا مزاج کیسا ہے؟ كَمْ هُوَ هٰذَا یہ کس قدر ہے!

كَمْ عِنْدَكَ مِنَ الدَّرَاهِمِ تمہارے پاس کتنے درہم ہیں كَمْ ثَمَنُهٗ اس کی کیا قیمت ہے

بِكَمْ هٰذَا اسکی کتنی قیمت ہے أَيْنَ حَامِدٌ حامد کہاں ہے أَيْنَ بَيْتُ خَالِدٍ خالد کا گھر کہاں ہے أَيْنَ تَسْكُنُ تم کہاں رہتے ہو؟ أَيْنَ خَادِمُكُمْ آپ کا نوکر کہاں ہے؟ مَتٰى تَجِيْءُ کب آؤ گے؟ مَتٰى تَتَشَرَّفُ بِزِيَارَتِكُمْ ہم آپ کی زیارت سے کب مشرف ہونگے

أَيُّ شَيْءٍ هٰذَا یہ کونسی چیز ہے أَيُّ كِتَابٍ تَقْرَءُ تم کونسی کتاب پڑھتے ہو

أَيُّ شَيْءٍ وَجَدَتْهُ اس نے کونسی چیز پائی ہے مِنْ أَيِّ شَيْءٍ يَضْحَكُ وہ کونسی بات پر ہنس رہا ہے

[1] یہ لفظ أَيُّ شَيْءٍ کا مخفف ہے۔

لِمَ سَافَرْتَ إِلَى بَمْبَئِيْ تم نے بمبئی کا سفر کیوں کیا لِمَ تَذْهَبُ هُنَاكَ تو وہاں کیوں جاتا ہے اَيْشٍ عِنْدَكَ تیرے پاس کیا چیز ہے اَيْشٍ عِنْدَهُ اس کے پاس کونسی چیز ہے اَهٰذَا خَادِمُكُمْ کیا یہ تمہارا نوکر ہے اَلَيْسَ هُوَ بِمَجْنُوْنٍ کیا وہ مجنون نہیں ہے۔ هَلْ هُوَ اَمِيْرٌ کیا وہ امیر ہے مَا عِنْدَهُ اس کے پاس کیا ہے مَاذَا تَقُوْلُ تم کیا کہتے ہو؟

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ

سبق نمبر ۶

اسمائے موصولات

اَلَّذِيْ جو جس (واحد مذکر کے لئے)

اَللَّذَانِ جو جن (تثنیہ مذکر کے لئے)

اَلَّذِيْنَ جو جن (جمع مذکر کے لئے)

مَنْ جو (ذوی العقول کے لئے)

اَلَّتِيْ جو جس (واحد مؤنث کے لئے)

اَللَّتَانِ جو جن (تثنیہ مؤنث کے لئے)

اَللَّاتِيْ جو جن (جمع مؤنث کے لئے)

مَا جو (غیر ذوی العقول کے لئے)

اَيْنَ الرَّجُلُ الَّذِيْ كَانَ قَائِمًا — وہ شخص کہاں ہے جو کھڑا ہوا تھا۔

هٰذَانِ الرَّجُلَانِ اللَّذَانِ جَاءَا مِنَ الْكَهْنَوْ — یہ وہی دو نوں شخص ہیں جو لکھنؤ سے آئے ہیں۔

هُمُ الرِّجَالُ الَّذِيْنَ جَاءُوْا مِنْ بَمْبَئِيْ — یہ وہی لوگ ہیں جو بمبئی سے آئے ہیں۔

هِيَ امْرَاَةٌ الَّتِيْ رَاَيْتُهَا اَمْسِ — یہ وہی عورت ہے جس کو میں نے کل دیکھا تھا۔

هُنَّ الْبَنَاتُ اللَّاتِيْ وَقَفْنَ فِي السُّوْقِ — یہ سب وہی لڑکیاں جو بازار میں ٹھہر گئی تھیں۔

خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَنْفَعُ النَّاسَ — انسانوں میں اچھا وہ ہے جو انسانوں کو نفع پہنچائے۔

مَنْ تَابَ فَقَدْ نَجَا — جس نے توبہ کی بیشک اس نے نجات پائی

مَا تَعَلَّمْتَ يَنْفَعُكَ — جو کچھ تو نے سیکھا ہے وہ تجھے نفع پہنچائے

اِصْنَعْ مَا شِئْتَ — جو چاہے سو کر

اِسْمَعْ مَا اَقُوْلُ لَكَ — سن جو کچھ میں تجھ سے کہتا ہوں۔

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ

سبق نمبر ۷

ایک نو وارد شخص سے بات چیت

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ — تم پر سلامتی ہو — وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ — اور تم پر بھی سلامتی ہو

كَيْفَ مِزَاجُكُمْ — آپ کا مزاج کیسا ہے — اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَنَا بِخَيْرٍ — خدا کا شکر ہے میں خیریت سے ہوں

مَا اِسْمُ جَنَابِكَ — جناب کا نام کیا ہے — اِسْمِيْ مُحَمَّدْ تَوْفِيْقْ — میرا نام محمد توفیق ہے

مِنْ اَيْنَ جِئْتَ — آپ کہاں سے آئے ہیں — مِنْ بُمْبَيَّ — بمبئی سے۔

مَا هُوَ وَطَنُكَ — آپ کا وطن کہاں ہے؟ — جِدَّةُ — جدہ

اَنَا مَمْنُوْنٌ مِنْكَ — میں آپ کا ممنون ہوں

اِنِّيْ وَاللّٰهِ اُحِبُّكَ كَثِيْرًا — خدا کی قسم مجھے آپ کے ساتھ بہت محبت ہے

لِاَيِّ سَبَبٍ جِئْتَ هُنَا — آپ یہاں کس غرض سے آئے ہیں

لِلسِّيَاحَةِ — سیر و سیاحت کے لیے

وَالْاٰنَ اَيْنَ تُرِيْدُ الذَّهَابَ — اب آپ کہاں جائیں گے؟

عربی	اردو
إلى أفغانستان	افغانستان کی طرف
أقيموا عندي قليلاً من الأيام	آپ تھوڑے دن میرے پاس قیام کیجئے۔
طيب أنا متشكر منك	بہت اچھا میں آپ کا شکر گزار ہوں
أنت سيدي و أخي و إني مشتاق لك	آپ میرے سردار اور بھائی ہیں اور میں آپ کا مشتاق ہوں۔

الدرس الثامن

سبق نمبر ٨

عربی	اردو
تفضل اشرب شاياً	آپ چائے پی لیجیے
تفضل كل تنبول	لیجئے پان کھائیے
الطعام حاضر كل	کھانا حاضر ہے کھائیے (کھانا تیار ہے کھا لیجیے)
تعال تفضل عندي	آئیے میرے پاس تشریف رکھیے
اجلس بجانبي	میرے قریب بیٹھیے
لست جوعان	مجھے بھوک نہیں ہے
لماذا لست جوعان قطعاً	کیا آپ کو قطعاً بھوک نہیں ہے (لا نہیں)
هل تشرب السجارة عادةً	کیا آپ کو سگرٹ پینے کی عادت ہے (لا نہیں)
الآن ماذا تبتغي أن أعمل لك	میں اس وقت آپ کی کیا خاطر کروں
لا تتكلف	تکلیف نہ کیجیے
إن كنت تبتغي شيئاً أنا أحضره	اگر آپ کو کسی چیز کی ضرورت ہو تو میں حاضر کروں۔
لا ليس ضرورة شيئاً	نہیں کسی چیز کی ضرورت نہیں

لَا لَيْسَ ضَرُورَةٌ شَيْئًا	نہیں کسی چیز کی ضرورت نہیں
اَلْآنَ اِسْتَرِحْ	اب آپ آرام کیجئے
مَتٰى تَفْرُغُ مِنَ الشُّغْلِ	آپ کام سے کب فارغ ہو جائیں گے
بَعْدَ سَاعَتَيْنِ	دو گھنٹے کے بعد
اِسْتَاذِنُ حَضْرَتَكُمْ	میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں
فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ — اللہ کی امان میں	(یہ دونوں جملے الوداعی ہیں)
مَعَ السَّلَامَةِ — سلامتی کے ساتھ	

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ

سبق نمبر ۹

هَلْ تَذْهَبُ مَعِيَ اِلَى السُّوْقِ	کیا آپ میرے ساتھ بازار چلیں گے
تَفَضَّلْ اِذْهَبْ	آپ تشریف لے جائیں
اَتَاكُلُ تَنْبُوْل	کیا آپ پان کھاتے ہیں (لا نہیں)
تَفَضَّلْ اِجْلِسْ هُنَا اَنَا اَجِيءُ	آپ تشریف رکھیے میں ابھی آتا ہوں
عِنْدِيْ شُغْلٌ ضَرُوْرِيٌّ	مجھے ایک ضروری کام ہے
مَتٰى تَجِيءُ آپ کب آئیں گے؟	مَتٰى تَعُوْدُ آپ کب واپس آئیں گے۔
بَعْدَ سَاعَةٍ	ایک گھنٹہ کے بعد
عِنْدِيْ شُغْلٌ اَعْطِنِي الْاِذْنَ	مجھے اجازت دیجئے کہ میں کام کروں
اَنَا اَلْتَمِسُ اَنْ تَقْرَءَ الْقُرْاٰنَ	میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ قرآن شریف پڑھیے
اَسْمِعْنَا سُوْرَةَ الرَّحْمٰنِ	ہمیں سورۂ رحمٰن سنائیے

هٰذَا أَخِيْ وَهٰذَا صَدِيْقِيْ	یہ میرے بھائی ہیں اور یہ میرے دوست ہیں
هٰذَا وَلَدِيْ وَهٰذِهٖ بِنْتِيْ	یہ میرا لڑکا ہے اور یہ میری لڑکی ہے
هٰذَا رَجُلٌ كَبِيْرٌ فِيْ هٰذَا الْبَلَدِ	یہ اس شہر کے ایک بزرگ آدمی ہیں
مَا هُوَ بُعْدُ بَيْتِكَ	آپ کا مکان کتنی دور ہے
أَقْرَبُ	بہت قریب ہے
هَلْ أَنَا أَذْهَبُ مَعَكُمْ	کیا میں آپ کے ساتھ چل سکتا ہوں
نَعَمْ تَفَضَّلْ إِذْهَبْ مَعِيْ	جی ہاں آیئے میرے ساتھ چلیئے
مَا فَهِمْتُ كَلَامَكَ	میں آپ کی بات نہیں سمجھا (آپ کی بات میری سمجھ میں نہیں آئی)
قُلْ مَرَّةً أُخْرٰى مِنْ فَضْلِكَ	براہ کرم دوبارہ ارشاد فرمایئے

اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ

سبق نمبر ۱۰

أَنَا أَلَاقِيْ حَكِيْمَ أَجْمَلْ خَانْ اَلْيَوْمَ	میں آج حکیم اجمل خاں سے ملوں گا
مَتٰى يَجِيْءُ هَاشِمِيْ صَاحِبْ	ہاشمی صاحب کب آئیں گے
اِطْمَئِنْ أَنَا أَسْعٰى لَكَ فِي الْخَيْرِ	آپ اطمینان رکھیئے آپ کے فائدہ کیلئے کوشش کرونگا
فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ مَوْلَانَا أَحْمَدْ سَعِيْدْ يُلْقِيْ خِطَابَةً	اس وقت مولانا احمد سعید (صاحب) کی تقریر ہو رہی ہے۔
اَلنَّاسُ يَسْتَمِعُوْنَ لَهٗ	لوگ اسے غور سے سن رہے ہیں
اِنْتَهِ الْاٰنَ وَاشْتَغِلْ فِيْ وَقْتٍ اٰخَرَ	آپ کام ختم کیجئے پھر کسی دوسرے وقت کیجئے
أَنَا مُتَأَسِّفٌ عَلٰى تَكْلِيْفِكَ	افسوس ہے میں نے آپ کو تکلیف دی

بِسَبَبِي اِخْتَلَّتْ رَاحَتُكَ جِدًّا	میری وجہ سے آپکے آرام میں بہت خلل واقع ہوا
لَيْسَ فِيْهِ حَرَجٌ	نہیں کوئی حرج نہیں
اَنَا اَجِيءُ عِنْدَكَ غَدًا	میں کل صبح آپکے پاس آؤں گا
اَنَا اَنْتَظِرُ میں آپ کا انتظار کروں گا	مَتٰى تَرْجِعُ آپ کب واپس آئینگے
اَنَا كُنْتُ مُنْتَظِرُكَ میں آپ کا منتظر تھا	اَنَا كُنْتُ فِي اِنْتِظَارِكَ میں آپکے انتظار میں تھا
مَا فَهِمْتُ كَلَامَهُ	اس شخص کی بات میری سمجھ میں نہیں آئی
اَنَا اَفْهَمُ بِسُهُوْلَةٍ	میں بآسانی سمجھ لیتا ہوں
اَنَا اُعَرِّفُكَ بِهٰذَا الرَّجُلِ	میں اس شخص سے آپ کا تعارف کراتا ہوں
هٰذَا الرِّسَالَةِ اَلْفَاضِلِ رَئِيْسُ	یہ رسالہ اسلامی دنیا کے ایڈیٹر ہیں
التَّحْرِيْرِ جَرِيْدَةِ "اسلامی دنیا"	

اَلدَّرْسُ الْحَادِيْ عَشَرَ

سبق نمبر ۱۱

مَتٰى تَقُوْمُ مِنَ النَّوْمِ آپ سو کر کب اٹھینگے	بَعْدَ نِصْفِ سَاعَةٍ آدھ گھنٹہ کے بعد
هَاتِ الْمَاءَ پانی لاؤ	اَعْطِنِيْ مَاءً مِنْ فَضْلِكَ
	براہ کرم پانی عنایت کیجئے
اِذْهَبْ بِهٰذَا الْمَكْتُوْبِ یہ خط لے جا	اِرْمِ بِهٰذَا اس کو پھینک دو
قُلْ لَهُ بِالْعَرَبِيِّ ان سے عربی میں کہو	كَمْ ثَمَنُ هٰذَا اس کی کیا قیمت ہے
اَنَا مَا اَقْدِرُ اَقُوْلُ لَكَ عَلَى التَّحْقِيْقِ	میں آپ سے تحقیق کے ساتھ نہیں کہہ سکتا
اَنَا مَا اَذْهَبُ بِهٰذَا الْمَكْتُوْبِ	میں یہ خط نہیں لے جاؤں گا
لِاَنَّ ذٰلِكَ لَا يُنَاسِبُ عِزَّتِيْ	یہ کام میری حیثیت کے خلاف ہے

أَنَا أَقُوْلُ لَكَ	میں تجھ سے کہتا ہوں
أَنَا أُرِيْدُ هٰذَا	میں یہ چاہتا ہوں
أَيْنَ نَزَلْتَ	آپ کہاں قیام پذیر ہیں
قِيَامِيْ فِيْ بَيْتِ زَاهِدِ الْقَادِرِيْ	میرا قیام زاہد القادری کے مکان پر ہے
أَنَا أُلَاقِيْكَ فِيْ مَسْجِدٍ جَامِعٍ	میں آپ سے جامع مسجد میں ملاقات کروں گا
أُتْرُكْ هٰذَا الْكَلَامَ	اس کلام کو ترک کیجئے
تَكَلَّمْ فِيْ مَوْضُوْعٍ آخَرَ	کسی دوسرے موضوع پر گفتگو کیجئے

اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ عَشَرَ

سبق نمبر ۱۲

مَتٰى أَجِيْءُ عِنْدَ جَنَابِكَ	میں آپ کے پاس کب آؤں؟ افدا کل
مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ	یہ شخص کون ہے
غَيْرُ مَعْلُوْمٍ بِالتَّحْقِيْقِ وَلٰكِنْ ظَنِّيْ أَنَّهٗ غَيْرُ مُسْلِمٍ	تحقیق کے ساتھ معلوم نہیں لیکن میں سمجھ رہا ہوں یہ غیر مسلم ہے
أَنَا أَذْهَبُ الْيَوْمَ عِنْدَ سیٹھ احمد صدیق کھتری	میں آج سیٹھ احمد صدیق کھتری کے پاس جاؤں گا۔
مَاذَا يَقُوْلُ حَافِظُ عَبْدُ الْمَجِيْدِ فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ	حافظ عبد المجید اس معاملہ میں کیا کہتے ہیں
هَلْ هٰذَا الرَّجُلُ مُعْتَبَرٌ	کیا یہ شخص معتبر ہے؟
هَلْ جَاءَ حَافِظُ كَرِيْمٍ الْيَوْمَ عِنْدَكُمْ	کیا آج حافظ کریم کے پاس آئے تھے
مَاذَا تُجِيْبُنِيْ فِيْ هٰذِهِ الْمُعَامَلَةِ	آپ اس بارے میں مجھے کیا جواب دیتے ہیں؟

لِاَيِّ شَيْءٍ — کس بارے میں

فِيْ بَابِ تَعْلِيْمِ النِّسَاءِ — عورتوں کی تعلیم کے بارے میں

مَا هُوَ مَوْضُوْعُ تَقْرِيْرِكَ الْيَوْمَ — آج آپ کی تقریر کا کیا موضوع ہوگا

لَا اَدْرِيْ — مجھے کچھ معلوم نہیں

اَيْنَ مُفْتِيْ سَيِّدْ شَوْكَتْ عَلِيْ — مفتی شوکت علی کہاں ہیں

يُمْكِنُ الْيَوْمَ اَنْ يَكُوْنَ فِيْ مِيْرَٹھ — ممکن ہے آج میرٹھ میں ہوں

سَاَلَنِيْ عَبْدُ الْبَارِيْ فِيْ بَابِ اَخْبَارِ الْحِجَازِ — عبدالباری نے مجھ سے حجاز کی خبروں کے متعلق سوال کیا۔

مَا اِسْمُ هٰذَا الشَّيْءِ فِيْ قُسْطُنْطُنِيَه — قسطنطنیہ میں اس چیز کا کیا نام ہے؟

يُسَمّٰى هُنَاكَ قَلَمَ الرَّصَاصِ — وہاں اس کو "قلم الرصاص" (یعنی پنسل) کہتے ہیں۔

اَنَا اَعْطَيْتُ كِبْرِيْتَ لِاِبْرَاهِيْمَ — میں نے ابراہیم کو "دیا سلائی" دی

دَعْ هٰذَا الْقَلَمَ فِي الصَّنْدُوْقِ — اس قلم کو صندوق میں رکھ دو

اَلدَّرْسُ الثَّالِثَ عَشَرَ

سبق نمبر ۱۳

اِذْهَبْ يَا اَخِيْ اِلٰى لُوْكَنْدَه — آیئے بھائی ہوٹل چلیں

تَفَضَّلْ اِشْرَبْ قَهْوَة — لیجئے قہوہ نوش کیجئے

اَنَا اَدْفَعُ ثَمَنَه — اس کی قیمت میں دیتا ہوں

لَا هٰذَا غَيْرُ مُنَاسِبٍ — نہیں یہ غیر مناسب ہے

لِاَيِّ شَيْءٍ تُخَجِّلُنِيْ — آپ مجھے کیوں شرمندہ کرتے ہیں

اَنَا لَا اَعْلَمُ عَرَبِيًّا فَصِيْحًا وَلٰكِنْ اَفْهَمُ قَلِيْلًا	میں اچھی طرح عربی نہیں جانتا لیکن کسی قدر سمجھ لیتا ہوں۔
لِاَنَّهٗ تَبَيَّنَ لِيْ اَنَّ لُغَتَكَ سَلِيْسَةٌ	اس لئے آپ مجھے آسان لفظوں میں سمجھا دیجئے۔
حَافِظُ فَضْلُ الرَّحْمٰنِ يَدْعُوْكَ	حافظ فضل الرحمٰن آپ کو بلاتے ہیں
شَيْخُ عَبْدُ الْحَقِّ يَنْتَظِرُكَ	شیخ عبد الحق آپ کا انتظار کر رہے ہیں
مَاذَا اُجِيْبُهٗ	میں ان کو کیا جواب دوں
مَاذَا اَقُوْلُ لَهٗ	میں ان سے کیا کہوں
مَا رَأْيُكَ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ	اس معاملہ میں آپ کی کیا رائے ہے
اَنَا اُوَافِقُ رَأْيَكَ	میں آپ کی رائے سے موافقت کرتا ہوں
اَنَا مُتَّفِقٌ مَعَكَ	میں آپ سے متفق ہوں
مَوْلَانَا اُرِيْدُ اُكَلِّمُ جَنَابَكَ	مولانا میں آپ سے کچھ کہنا چاہتا ہوں
اَنَا قُلْتُ لِجَنَابِكَ اَرْسِلْ مَحْمُوْدًا اِلَيَّ	میں نے آپ سے کہا تھا کہ محمود کو میرے پاس بھیج دیجئے
جَنَابُكَ لَا تَتَوَجَّهُ	آپ کچھ توجہ نہیں کرتے
لِاَيِّ شَيْءٍ اَنْتَ سَاكِتٌ	کیا سبب ہے کہ آپ خاموش ہیں
لِمَاذَا اَنْتَ صَامِتٌ	آپ کیوں خاموش ہیں

اَلدَّرْسُ الرَّابِعَ عَشَرَ

سبق نمبر ۱۴

هَلْ اَنْتَ تَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَعَ التَّجْوِيْدِ	کیا آپ تجوید کے ساتھ قرآن شریف پڑھتے ہیں

نَعَمْ وَلٰكِنِ الْيَوْمَ اَنَا عَلِيْلٌ	جی ہاں لیکن میں آج بیمار ہوں
دُعَائِیْ لِلّٰهِ اَنْ يُتِمَّ شِفَاءَكَ	میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپکو شفا عطا فرمائے
هَلْ اِلْتَقَيْتَ مَعَ سيٹھ مياں مهر بخش	کیا آپ سیٹھ میاں مہر بخش صاحب سے مل چکے ہیں۔
هُوَ رَجُلٌ كَبِيْرٌ فَهِمْتُ اِنَّهٗ قَدْ مَدَدَكَ	وہ ایک بڑے آدمی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ آپ کی مدد کریں گے
اَنَا اُقَابِلُكَ بَعْدَ الظُّهْرِ فِیْ مَكَانِیْ	میں ظہر کی نماز کے بعد آپ سے اپنے مکان پر ملوں گا
اِذَا لَزِمَتْ شَیْءٌ فَاطْلُبْهُ مِنِّیْ	اگر آپ کو کسی چیز کی ضرورت ہو تو مجھ سے طلب کیجئے
اَنَا اَطْلُبُ مِنْكَ وَاحِدَ تَمْبُوْل	میں آپ سے ایک پان مانگتا ہوں
مَتٰى يَكُوْنُ اللِّقَاءُ كَ بَعْدَ هٰذَا الْوَقْتِ	(دیکھئے) آپ اس وقت کے بعد آپ سے کب ملاقات ہو
مَتٰى يَكُوْنُ اللِّقَاءُ بَيْنَنَا	(دیکھئے) ہماری آپ کی کب ملاقات ہو
هَلْ اَنْتَ تَجِیْءُ اِلَى الْمَكْتَبَةِ	کیا آپ دفتر میں آئیں گے
مِنَ اللَّازِمِ اَنْ تَجِیْءَ اِلَى الْمَكْتَبَةِ	آپ ضرور دفتر میں تشریف لائیے
اَنْتَ لِمَنْ تَسْتَنْظِرُ	آپ کس شخص کے انتظار میں ہیں
مَاذَا تَنْتَظِرُ هُنَالِكَ	آپ کو یہاں کس بات کا انتظار ہے
اَيْنَ اَقَارِبُكَ	آپ کے رشتہ دار کہاں ہیں
مَاذَا تَعْمَلُ	آپ کیا کام کر رہے ہیں
مَاذَا تَشْتَغِلُ	آپ کس کام میں مشغول ہیں
اَنَا كَتَبْتُ	میں لکھ رہا ہوں۔

أَنَا أَقْرَءُ
میں پڑھ رہا ہوں

هَلْ عِنْدَكَ شُغْلٌ ضَرُوْرِيٌّ
کیا آپ کوئی ضروری کام کر رہے ہیں

نَعَمْ أَنَا أَجِيْءُ بَعْدَ قَلِيْلٍ مِنَ الْوَقْتِ
جی ہاں میں تھوڑی دیر کے بعد آؤں گا

غَدًا أَجِيْءُ عِنْدَكَ صَبَاحًا أَوْ مَسَاءً
میں کل صبح یا کل شام کو آپ کے پاس آؤں گا۔

اَلدَّرْسُ الْخَامِسَ عَشَرَ

سبق نمبر ١٥

أَنَا أَجِيْءُ عِنْدَكَ إِنْشَاءَ اللّٰهُ بَعْدَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ
میں انشاء اللہ آپکے پاس بعد نماز مغرب آؤں گا

غَدًا أَحْضُرُ لَدَيْكَ فِي الصَّبَاحِ
میں کل صبح آپ کی خدمت میں حاضر ہوں گا

أَنَا أُلَاقِيْكَ بَعْدَ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ
میں آپ سے جمعہ کی نماز کے بعد ملاقات کرونگا

هٰؤُلَاءِ جَمِيْعًا مِنْ أَقَارِبِيْ
یہ سب میرے رشتہ دار ہیں

هٰؤُلَاءِ جَمِيْعًا يُحِبُّوْنَ أَنْ تُصَلِّيَ بِهِمْ
ان سب کی یہ خواہش ہے کہ آپ نماز پڑھائیں

تَفَضَّلْ كُنْ إِمَامَةً
آپ امامت کیجئے

كَلِّمْنِيْ بِالْأُرْدُوْ
مجھ سے اردو میں بات چیت کیجئے

أَنَا أُجِيْبُكَ بِالْعَرَبِيَّةِ
میں آپ کو عربی میں جواب دوں گا

خَاطِبْنِيْ بِاللُّغَةِ الْفَصِيْحَةِ
آپ مجھ سے فصیح زبان میں خطاب کیجئے

لَا تُكَلِّمْنِيْ بِاللُّغَةِ الْعَامِيَّةِ
مجھ سے عامیانہ زبان میں بات چیت نہ کیجئے

أَنَا لَا أَفْهَمُ اللُّغَةَ الْعَامِيَّةَ
میں عامیانہ زبان نہیں سمجھتا

إِذَا أَمْكَنَكَ فَكَلِّمْنِي بِاللُّغَةِ الْفَصِيحَةِ مِنْ فَضْلِكَ	اگر ممکن ہو تو براہِ کرم مجھ سے فصیح زبان میں بات چیت کیجئے
أَمَا ذَهَبْتُ إِلَى مِصْرَ أَوْ إِلَى حِجَازٍ	میں کبھی مصر یا حجاز نہیں گیا
ذَهَبْتُ إِلَى مِصْرَ مِرَارًا	میں کئی دفعہ مصر گیا ہوں
هَلْ ذَهَبْتَ إِلَى الْقُسْطُنْطُنْيَه	کیا آپ کبھی قسطنطنیہ گئے ہیں
نَعَمْ مِرَارًا	جی ہاں کئی دفعہ
عَزْمِي أَنْ أَذْهَبَ إِلَى مِصْرَ لِلْإِقَامَةِ الْأَيَّامِ قَلِيلًا مَا	میرا ارادہ ہے کہ میں کچھ دنوں کے لیے مصر جاؤں گا
إِذَا وَقَعَ مِنِّي خَطَأٌ فَلَا تَعْتَرِضْ مِنْ فَضْلِكَ	اگر مجھ سے کوئی غلطی واقع ہو تو براہِ کرم اعتراض نہ کیجئے

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ عَشَر

سبق نمبر ۱۶

وَطَنِي لَيْسَ عَرَبِيًّا فَلِهٰذَا لَا أَتَكَلَّمُ بِسُرْعَةٍ	میں چونکہ عرب کا رہنے والا نہیں ہوں اس لئے جلدی عربی نہیں بول سکتا
أَنَا أَتَكَلَّمُ بِغَايَةِ التَّأَنِّي	میں نہایت تامل کے ساتھ کلام کرتا ہوں
نَحْنُ نَتَعَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ وَلِذٰلِكَ مُتَكَلِّمُ بِهَا وَلٰكِنْ قَلِيلًا	ہم لوگ عربی سیکھ کر بولنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن پھر بھی قلیل
لُغَتِي الْعَرَبِيَّةُ لَا تُسَاوِي لُغَةَ الْعَرَبِ	میری عربی زبان اہلِ عرب کی برابر نہیں ہو سکتی
أَنْتُمْ الْعَرَبُ بِهٰذَا السَّبَبِ أَنْتُمْ	آپ اہلِ عرب ہیں اس لئے آپ کو عربی

عربی	اردو
قَادِرُوْنَ عَلَى الْعَرَبِيَّةِ	زبان پر قدرت حاصل ہے
اَعْطِنِيْ اِجَازَةً لِاُكَلِّمَ فِيْ هٰذَا الْمَوْضُوْعِ	مجھے اس موضوع پر کلام کرنے کی اجازت دیجئے۔
اَنَا اُرِيْدُ اَنْ اُكَلِّمَ حَضْرَتَكَ	میں آپ سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں
مِنْ فَضْلِكَ اِسْمَعْ فَاِنِّيْ اُرِيْدُ شَيْئًا	مہربانی کرکے میری بات سنیئے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں
لَا تَعْتَرِضْ عَلٰى كَلَامِيْ	میرے کلام پر اعتراض نہ کیجئے
كَلَامُكَ لَيْسَ صَحِيْحًا	آپ کی بات صحیح نہیں ہے
حُكْمُكَ لَيْسَ عَادِلًا	آپ کا حکم منصفانہ نہیں ہے (آپ کا فیصلہ منصفانہ نہیں)
اَنَا غَيْرُ مُطْمَئِنٍّ لِاَنِّيْ اُسَلِّمْ	مجھے اطمینان نہیں ہے اس لئے میں نہیں مان سکتا (میں تسلیم نہیں کرتا)
اَنَا مُتَاَسِّفٌ جِدًّا لِاَنِّيْ لَمْ اَتَمَكَّنْ مِنْ مُسَاعَدَتِكَ	مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کی کچھ خدمت نہ کرسکا
لِمَاذَا تُضَيِّعُ الْوَقْتَ	آپ کیوں وقت ضائع کرتے ہیں
يَلْزَمُكَ طَلَبُ الْعِلْمِ	تمہیں لازم ہے کہ علم حاصل کرو
مَتٰى جِئْتَ مِنْ بَمْبَئِيْ	آپ بمبئی سے کب آئے
اَسْمِعْنِيْ كَوَائِفَ الْحِجَازِ	حجاز کے کچھ حالات سنائیے
اَلْآنَ اِشْتَغِلْ وَاَنَا اٰجِيْءُ بَعْدَ ذٰلِكَ	اب آپ کام کیجئے میں پھر آؤں گا

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ عَشَر

سبق نمبر ۱۷

اَیْنَ ذَهَبَ رُفَقَاءُكَ	آپ کے ساتھی کہاں گئے
اِلَى السُّوْقِ	بازار (گئے ہیں)
هَلْ تُرِیْدُ اَنْ تَاْكُلَ الطَّعَامَ	کیا آپ کھانا کھائیں گے
مَقْصُوْدِیْ اَنْ تَفْهَمَ هٰذَا	آپ اس کو میرا مطلب سمجھا دیجئے
اَخْلَاقُ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ اَحْسَنُ	اہلِ مدینہ کے اخلاق اچھے ہوتے ہیں
كَلَامُ جَنَابِكَ مُصِیْبٌ	آپ درست فرماتے ہیں (آپکا ارشاد صحیح ہے)
مِنْ فَضْلِكَ اِسْمَعْ اَقُوْلُ	میں جو کچھ کہتا ہوں براہِ کرم اس کو سن لیجئے
اَنَا مَا اُرِیْدُ اَنْ تَكَلَّمَ زَائِدًا	میں زیادہ کلام نہیں کرنا چاہتا
یُمْكِنُ اَنْ یَّكُوْنَ فِكْرُكَ صَحِیْحًا	ممکن ہے آپ کا خیال صحیح ہو
سَمِعْتُ اَنَّ الْحِجَازَ فِیْ اَمَانٍ اَلْیَوْمَ	میں نے سنا ہے کہ آجکل حجاز میں امن و امان ہے۔
اَنَا مَا عَرَفْتُ الْاَحْوَالَ عَلَى التَّحْقِیْقِ	مجھے صحیح حالات معلوم نہیں
فِیْ هٰذِهِ الْاَیَّامِ لَا اِعْتِبَارَ لِلْمَوَاعِیْدِ	آجکل وعدوں کا کچھ اعتبار نہیں
اَنْتَ اِعْتَبِرْ كَلَامِیْ	آپ میرے قول کو باور کیجئے
اَرْجُوْكَ اَنْ تَعْتَبِرَ كَلَامِیْ	میں امید کرتا ہوں کہ آپ میرے کلام کا اعتبار کرینگے
اَلْیَوْمَ فِی الصُّبْحِ اَنَا كَثِیْرُ الْاِشْتِغَالِ	آج صبح سے میں کام میں بہت مشغول ہوں
لِهٰذَا السَّبَبِ مَا قَدَرْتُ شُغْلَكَ	اس سبب سے میں آپ کا کام نہیں کر سکا
اِسْمَعْ لِیْ	مجھے اجازت دیجئے

أَيْذَنْ لِي — مجھے اجازت دیجئے

اَلدَّرْسُ الثَّامِنَ عَشَرَ

سبق نمبر ۱۸

جَنَابُكَ هَلْ تَعْرِفُ مَوْلَانَا رِيَاضَ النُّوْرِ	کیا آپ مولانا ریاض النور سے واقف ہیں؟
نَعَمْ أَنَا أَعْرِفُ هُوَ رَجُلٌ صَالِحٌ	ہاں میں جانتا ہوں وہ نیک آدمی ہیں
مَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَعْمَلَ	آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟
هُمْ يَسْئَلُوْنَ مَاذَا تُرِيْدُ	وہ پوچھتے ہیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں؟
يَسْئَلُ هَاشِمِيْ صَاحِبُ أَلْآنَ مَاذَا تُرِيْدُ	ہاشمی صاحب پوچھتے ہیں کہ اب تم کیا چاہتے ہو
أَلْآنَ مِنْ هُنَا إِلَى أَيْنَ تُرِيْدُ	آپ یہاں سے کہاں جانے کا ارادہ ہے
هٰهُنَا إِلَى مَتَى تُقِيْمُ	یہاں کتنے عرصہ قیام رہے گا
أَنَا هٰهُنَا أَسْتَقِيْمُ لِأَجْلِ مُعَامَلَةٍ	میں یہاں کچھ اور کاروبار کرنا چاہتا ہوں۔
عَلِّمْنِيْ شَيْئًا أَشْتَغِلُ بِهٖ	آپ مجھے کچھ کام بتائیے
إِسْعَىْ لِيْ فِيْ شَيْءٍ	آپ میرے لئے کچھ کوشش کیجئے
أَنَا أُرِيْدُ تَقْرِيْرًا فَاسْعَىْ فِيْ اِجْتِمَاعِ النَّاسِ	میں تقریر کرنا چاہتا ہوں آپ لوگوں کو جمع کرنے کی کوشش کیجئے
أَنْتُمْ أَهْلُ الْعِلْمِ وَأَنَا لَسْتُ بِشَيْءٍ	آپ حضرات اہل علم ہیں اور میں کوئی چیز نہیں

سَمِعْتُ اَنَّ خَوَاجَهْ حَسَنْ نِظَامِيْ	میں نے سنا ہے۔ خواجہ حسن نظامی
يَأْتِيْ هٰهُنَا صَبَاحًا	صبح آئیں گے
جَنَابُكَ مَتٰى تَشَرَّفُ عِنْدِيْ	آپ میرے پاس کب آئیں گے
مُفْتِيْ شَوْكَتْ عَلِيْ صَاحِبْ يَقُوْلُ	مفتی شوکت علی صاحب کہتے ہیں میں
اَنَا اُسَاعِدُكَ	تمہاری مدد کروں گا۔
اَنَا اُرِيْدُ اَنْ اَسْئَلَ عَنْ طَرِيْقِ السُّوْقِ	میں بازار کا راستہ پوچھنا چاہتا ہوں
اَنَا اَسْئَلُ اِذَا كَانَتْ هٰذِهِ الْمَسْئَلَةُ	میں پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کے نزدیک
صَحِيْحَةً فِيْ نَظَرِكَ	یہ مسئلہ صحیح ہے
تَكَلَّمْ اِذَا كَانَ كَلَامِيْ صَحِيْحًا اَوْ خَطَاءً	کہئے میرا کلام صحیح ہے یا غلط
اَنَا لَا اَسْتَحْسِنُ هٰذَا	میں اس کو پسند نہیں کرتا

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ عَشَرَ

سبق نمبر ۱۹

اَنَا اَسْعٰى لِجَنَابِكَ عِنْدَ الْمُسْلِمِيْنَ	میں آپ کے لئے مسلمانوں میں کوشش کروں گا
اَنَا اُرِيْدُ بَيْتًا اَسْكُنُ فِيْهِ	مجھے ٹھہرنے کے لئے مکان کی ضرورت ہے
اَنَا رَجُلٌ غَيْرُ مَعْرُوْفٍ عِنْدَ النَّاسِ	میں ایک غیر معروف آدمی ہوں
اَنَا اَطْلُبُ مِنْكَ زَادَ السَّفَرِ	میں آپ سے سفر خرچ کا طالب ہوں
اِنْ تَمَكَّنْتَ فَاقْضِ لِيْ حَاجَتِيْ	اگر ممکن ہو تو آپ میری ضرورت پوری کر دیجئے
اَنَا اَتَاَسَّفُ بِسَبَبِ مَا اَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ	افسوس ہے کہ میں کچھ انتظام نہیں کر سکتا
اَتَأْذَنُ لِيْ اَنْ اَشْرَبَ سِيْجَارَةً	کیا آپ مجھے سگرٹ پینے کی اجازت دیتے ہیں
هٰذَا يَا اَخِيْ اِنْسَانٌ طَيِّبٌ	یہ اچھا آدمی ہے

هٰذَا الرَّجُلُ مُنْحَطٌّ لَا تَتَكَلَّمْ مَعَهُ	یہ بدمعاش آدمی ہے اس سے کلام نہ کیجئے
لَا تُعْطُوْهُ سِرًّا فَإِنَّهُ غَيْرُ مَأْمُوْنٍ	آپ اس سے کوئی راز کی بات نہ کہئے یہ غیر معتبر آدمی ہے
هٰذَا الرَّجُلُ مُنْحَطٌّ بِهٰذَا السَّبَبِ أَنَا مَا أَتَكَلَّمُ مَعَهُ	یہ شخص بدمعاش ہے اس لئے میں اس سے بات نہیں کرتا۔
مَعَ هٰذَا الرَّجُلِ أُرْسِلُ إِلَيْكُمْ مَطْلُوْبَاتِكُمْ	میں اس شخص کی معرفت آپ کی مطلوبہ چیز بھیجوں گا۔
مَاذَا قَالَ لَكَ هٰذَا الرَّجُلُ عَنِّيْ	اس شخص نے میرے متعلق آپ سے کیا کہا
أَنَا مَا أَقْدِرُ أَتَكَلَّمُ فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ	میں اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا
هَلْ أَنْتَ لَا تَسْتَحْسِنُ	کیا آپ مناسب نہیں سمجھتے
أَنَا أُرْسِلُ إِلَيْكُمْ عَلٰى قَدْرِ الْاِسْتِطَاعَةِ	میں بقدر استطاعت آپ کے لئے کچھ بھیجوں گا۔
لَا أَتَمَكَّنُ أَنْ أُعْطِيَكَ جَوَابًا صَحِيْحًا	میں کوئی صحیح جواب نہیں دے سکتا
هَلْ فِيْ بِلَادِكُمْ يُوْجَدُ هٰذَا الشَّيْءُ	کیا آپ کے ملک میں یہ چیز ہوتی ہے
هَلْ فِيْ وَطَنِكُمْ يُصْنَعُ هٰذَا الشَّيْءُ	کیا آپ کے وطن میں یہ چیز بنتی ہے

اَلدَّرْسُ الْعِشْرُوْنَ

سبق نمبر ۲۰

هَلْ تَجِيءُ لِصَلٰوةِ الْجُمُعَةِ فِيْ جَامِعِ مَسْجِدٍ	کیا آپ جمعہ کی نماز کے لئے جامع مسجد میں آئیں گے۔
هَلْ تُصَلِّي الْيَوْمَ فِيْ جَامِعِ مَسْجِدٍ	کیا آپ جامع مسجد میں نماز پڑھیں گے
هَلْ صَلَّيْتَ الْيَوْمَ فِيْ مَسْجِدٍ	کیا آپ نے آج جامع مسجد میں نماز

عربی	اردو
جامع	پڑھی تھی۔
هَلْ تَجِيءُ فِي الْمَكْتَبَةِ بَعْدَ خَمْسِ	کیا آج آپ دفتر میں پانچ بجے کے بعد
سَاعَةِ الْيَوْمَ	آئیں گے۔
أَنَا مُتَحَيِّرٌ كَيْفَ أُجِيبُكَ	میں حیران ہوں کہ آپ کو کیا جواب دوں
أَسَفٌ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ الَّذِيْنَ	افسوس ہے کہ آج کل مسلمانوں میں باہم
لَا يُسَاعِدُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا	ہمدردی نہیں۔
أَنَا أُرِيْدُ بِصُحْبَتِكُمْ أَنْ أَتَعَلَّمَ	میں چاہتا ہوں کہ آپ کی صحبت میں رہ کر
اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ الْفَصِيْحَةَ	فصیح عربی زبان سیکھوں
لَا تَحْسَبْنِي عَدِيْمَ الْإِكْرَامِ	آپ مجھے غیر معتبر آدمی نہ سمجھیں۔
بِالنَّظْرِ إِلَى فَضَائِلِكَ أُرِيْدُ	میری نظر آپ کے فضائل پر ہے اور میں چاہتا
زِيَادَةَ الْعِلَاقَاتِ بَيْنَنَا	ہوں کہ ہمارے اور آپ کے تعلقات میں زیادتی ہو
كُلَّمَا رَأَيْتُكَ يَزِيْدُ إِيْمَانِي	آپ کو دیکھ کر ایمان زیادہ ہوتا ہے۔
وُجُوْدِي لَيْسَ فِيْهِ مُضَايِقَةٌ	میری وجہ سے آپ کا کوئی حرج تو نہیں ہوا
لَكَ	
مَنْ هٰؤُلَاءِ لَا يُتَرَقَّعُ النَّفْعُ	ان لوگوں سے کچھ فائدہ کی امید نہیں
أَخْبَرَنِي صَاحِبٌ مِصْرِيٌّ أَنَّ	مجھے ایک مصری دوست نے اطلاع دی کہ
هُنَاكَ فَرْقًا عَظِيْمًا بَيْنَ لُغَتِ	حجاز اور مصر کی زبان میں بہت فرق ہو گیا ہے
الْمِصْرِ وَالْحِجَازِ لَيْتَ لُغَةَ الْعَرَبِ	کاش سب اہل عرب کی وہی زبان رہتی
جَمِيْعًا مُوَفِقًا لِلُغَةِ الْقُرْآنِ	جو قرآن مجید کی عربی ہے۔
فِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ يَزْعَمُ كُلُّ	آج کل ہر شخص اپنے آپ کو معصوم سمجھتا
إِنْسَانٍ أَنَّهُمْ مَعْصُوْمُ الْخَطَارِ	ہے۔ اور دوسروں کی اصلاح

وَنُرِيدُ إِصْلَاحَ الْآخَرِينَ
فِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ غَيْرُ مُسْلِمِينَ
يُهَيِّجُونَ طُوفَانًا أَنَا لَا أَفْهَمُ
مَاذَا يَكُونُ الْعَاقِبَةُ

چاہتا ہے
آج کل غیر مسلموں نے طوفان برپا کر رکھا ہے
میں نہیں سمجھ سکتا کہ انجام کیا ہوگا

اَلدَّرْسُ الْحَادِي وَالْعِشْرُونَ

سبق نمبر ۲۱

هٰذَا رَجُلٌ مَسْمُوعُ الْكَلِمَةِ وَلَهُ أَثَرٌ
أَثَرٌ إِذَا كَانَتْ قِيمَتُهُ كَثِيرًا لٰكِنْ
يَمْكُثُ زَمَانًا طَوِيلًا
أَنَا أَدْعُوكُمْ أَنْ تَتُوبُوا إِلَى
اللّٰهِ
اِقْرَءُوا الْقُرْآنَ وَافْهَمُوهُ
وَاتَّبِعُوا سُنَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ وَ
أَصْحَابِهِ الْكِرَامِ هٰذَا لَكُمْ طَرِيقُ
الصَّوَابِ۔
فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ لَا تُبَيِّنْ هٰذَا الْكَلَامَ
تَكَلَّمْ عَلَى الْأُخُوَّةِ الْإِسْلَامِيَّةِ
قَرِّرْ عَلَى فَضَائِلِ الصَّلٰوةِ
فِي الْمَسْئَلَةِ الْحِجَازِيَّةِ فَمَا تَقُولُ أَنْتَ
فِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ فِي بَمْبَئِي مَاذَا

یہ شخص ایک ذی حیثیت ہیں اور لوگوں پر ان کا اثر
اگرچہ (اس چیز کی) قیمت زیادہ ہے۔
لیکن زیادہ عرصہ تک چلے گی
میں تم لوگوں کو دعوت دیتا ہوں کہ بارگاہ
الٰہی میں توبہ کرو
قرآن شریف کو پڑھو اور اس کو سمجھو
رسول کریم اور صحابہ کرام کی سنت
کا اتباع کرو۔ یہ تمہارے لئے صحیح راہ
عمل ہے
اس وقت اس بات کو ظاہر نہ کیجئے
اخوت اسلامی پر تقریر کیجئے
نماز کی خوبیوں پر تقریر کیجئے
مسئلہ حجاز کے متعلق آپ کیا کہتے ہیں
آج کل بمبئی میں مسئلہ حجاز کے متعلق

يقولوا الناس في المسئلة الحجازية — لوگوں کے کیا خیالات ہیں
قل الأمر الذي وعدتني به تم — آپ نے جس بات کا مجھ سے وعدہ کیا تھا اسکو پورا کیجئے
أما لا قرأت في "المفيد" أن ابن — میں نے "المفید" میں پڑھا ہے کہ ابن سعود
سعود ظالم جدا — نہایت ظالم ہیں
قرأت في "الأهرام" أن ابن سعود — میں نے "الاہرام" میں پڑھا ہے کہ ابن سعود
عادل جدا — نہایت عادل ہیں
ألآن التعاليم الإسلامية — آجکل مسلمانوں میں اسلامی تعلیم کا اثر کم
ليست بشيء لدى المسلمين — ہو گیا ہے۔
ظني أن هؤلاء لا يساعدونك — میرا خیال ہے کہ یہ لوگ کچھ امداد کرنا نہیں چاہتے
ألا تستطيع أن تذهب وزيادة — بہتر یہ ہے کہ آپ چلئے اور زیادہ وقت
الوقت عبث — ضائع نہ کیجئے۔
هؤلاء جيران النبي — یہ سب رسول کریم کے پڑوسی ہیں
أنا أطلب من الله لكم السلامة — میں آپ سب کے لئے اللہ سے سلامتی چاہتا ہوں

الدرس الثاني والعشرون

سبق نمبر ۲۲

في هذا الوقت أنت تتكلم لي — آپ اس وقت میرے متعلق اس شخص سے کہہ
عند هذا الرجل إذا انتهى — دیجئے جب آپ تقریر ختم کریں تو مجھے بھی
التقرير أعطني إجازة مقصودي — تقریر کرنیکی اجازت دیجئے میرا مقصد یہ ہے
أعظ بعد وعظك — کہ میں آپکے وعظ کے بعد کہوں
إن أذنت لي أعظ قبلك — اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کے پہلے وعظ کہوں

اَنْتَ اِصْبِرْ وَاَنْصِتْ	آپ ذرا صبر کیجئے اور خاموش رہئے۔
عَلٰی کُلِّ حَالٍ اَنَا مُطِیْعٌ اَمْرُكَ	بہر حال میں آپکے حکم کا مطیع ہوں
اَخْبَرَنِیْ خَالِدٌ بِاَنَّ حَکِیْم عَلِیْ	مجھ سے خالد نے کہا کہ حکیم علی رضا خاں عبداللہ
رَضَا خَان غَضْبَانُ عَلٰی عَبْدِاللّٰہِ	پر ناراض ہو رہے ہیں
اَلْیَوْمَ اَنَا سَمِعْتُ مَوْلَوِیْ لَطِیْفُ	میں نے سنا ہے کہ آج مولوی لطیف
الرَّحْمٰنِ یُخَالِفُ تَقْرِیْرَ حَامِدْ	الرحمن نے حامد کے خلاف تقریر کی
اِذَا جَاءَ سیٹھ اَحْمَدْ عُثْمَان وَ	اگر سیٹھ احمد عثمان آئے اور انھوں نے
تَبَاحَثَ مَعِیْ فِی الْمَسْئَلَۃِ الْحِجَازِیَّہ	مجھ سے مسئلہ حجاز میں بحث کی تو آپ میرا
اَنْتَ تَکُوْنُ مَعِیْ اَوْ مَعَہٗ	ساتھ دیں گے یا ان کا۔
اِنْ وَصَلْتُ اِلٰی دِھْلِیْ وَسُئِلْتُ	اگر میں دہلی پہنچا اور مجھ سے اسحٰق سیٹھ کے متعلق
عَنْ اِسْحٰق سیٹھ اَقُوْلُ اِنَّہٗ رَجُلٌ	سوال کیا گیا تو میں کہوں گا وہ نہایت
صَالِحٌ	نیک آدمی ہیں۔
اِذَا اَذْھَبُ اِلٰی دِھْلِیْ وَیَسْئَلُوْنِیْ	جب میں دہلی جاؤں گا اور اہل دہلی
اَھْلُ الدِّھْلِیْ مَا حَالُ الْبَمْبِیْ	کے مجھ سے پوچھیں گے کہ بمبئی کا کیا حال ہے
اَقُوْلُ وَجَدْتُہٗ جَمِیْلًا	تو میں کہوں گا میں نے اس کو اچھا پایا
رَؤُوْفْ عَلِیْ اِنْتَقَلَ اِلٰی رَحْمَۃِ اللّٰہِ	رؤف علی نے اللہ کی رحمت کی طرف انتقال
ھُوَ کَانَ رَجُلٌ طَیِّبٌ۔	کیا وہ ایک اچھے آدمی تھے
ھَلْ اَنْتَ لَا تَسْتَحْسِنُ ھٰذَا الْکِتٰب	کیا آپ اس کتاب کو پسند نہیں کرتے
نَعَمْ۔ اَنَا لَا اَسْتَحْسِنُ	ہاں میں پسند نہیں کرتا
اَنَا اَلْتَمِسُ مِنْکُمْ بِاَنْ تُصَدِّقُوْا	میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ
عَلٰی قَوْلِیْ لَیْسَ عِنْدِیْ قُوَّتْ	میرے قول کی تصدیق کیجئے۔ میری قوت

اَلْکَلَامُ اَکْثَرُ مِنْ هٰذَا — بیانیہ اس سے زیادہ نہیں ہے

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ

سبق نمبر ۲۳

عربی	اردو
یَا اِخْوَانِیْ اِسْمَعُوْا لِمَا اَقُوْلُ	بھائیو جو کچھ میں کہتا ہوں اُسے سُن لو
اَتَأَسَّفُ كَثِيْرًا اَنَّ اَعْمَالَنَا وَ اَخْلَاقَنَا لَيْسَتْ حَسَنَةً	نہایت افسوس ہے کہ ہمارے اخلاق و اعمال اچھے نہیں ہیں۔
نَحْنُ نَخْتَلِفُوْنَ فِي الْاَحْكَامِ الْاِسْلَامِيَّةِ وَ نَحْنُ تَرَكْنَا اِتِّبَاعَ الرَّسُوْلِ	ہم احکام شریعتِ اسلامیہ میں اختلاف کر رہے ہیں اور ہم نے رسول کریم کی متابعت کو ترک کر دیا۔
بِهٰذَا السَّبَبِ الْمَصَائِبُ نَازِلَةٌ عَلَيْنَا	اسی وجہ سے ہم پر مصیبتیں نازل ہو رہی ہیں۔
مَا هُوَ سَبَبٌ عِنْدَكَ فِيْ زَوَالِ عِزَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ	آپ کے نزدیک اس کی کیا وجہ ہے کہ مسلمانوں کی عزت و عظمت زوال پذیر ہے۔
اَلْمُسْلِمُوْنَ كُلَّ يَوْمٍ يَبْتَعِدُوْنَ عَنِ الْاِسْلَامِ	مسلمان روز بروز احکام اسلام سے دور ہو رہے ہیں۔
عِنْدِيْ مِنَ الْيَقِيْنِ اِذَا نَحْنُ لَمْ نُصْلِحْ اَنْفُسَنَا وَاللّٰهُ مَا يَنْصُرُنَا	میرا یہ عقیدہ ہے کہ جب تک ہم خود اپنی اصلاح نہیں کریں گے اللہ تعالیٰ بھی ہماری مدد نہیں کرے گا۔
يَا اَخِيْ اَنْتَ مُقِيْمٌ وَ اَنَا مُسَافِرٌ هَلْ دَخَلْتَ الْبَيْتَ الْيَوْمَ	اے بھائی! تم مقیم ہو اور میں مسافر ہوں کیا تم آج گھر گئے تھے۔

أَكَلْتُ الطَّعَامَ صَبَاحًا	میں نے صبح کھانا کھایا تھا
هَلْ دَخَلْتِ الْبُسْتَانَ	کیا تو باغ میں گئی تھی
أَنَا لَا أَرْجِعُ الْيَوْمَ	میں آج واپس نہیں آؤں گا
مَا ذَهَبْنَا عِنْدَهُ	ہم اس کے پاس نہیں گئے
مَا أَكَلْتُ الطَّعَامَ	میں نے کھانا نہیں کھایا
مَا كَتَبْتُ الْمَضْمُوْنَ	میں نے مضمون نہیں لکھا
لَمْ آكُلْ شَيْئًا	میں نے کچھ نہیں کھایا
تَرَكْتُهُ وَحْدًا فِي السُّوْقِ	میں نے اسے بازار میں تنہا چھوڑا
أَنَا أَعْرِفُهُ مِنْ زَمَانٍ	میں اسے مدت سے جانتا ہوں
اَللّٰهُ يَرُدُّكُمْ بِخَيْرٍ	اللہ تمہیں بخیریت واپس لائے
أَعْطَانِي تُفَّاحًا الْيَوْمَ	اس نے مجھے آج ایک سیب دیا
اَلْآنَ أُقَابِلُكُمْ فِي الْمَسْجِدِ	میں اب تم سے مسجد میں ملوں گا

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ

سبق نمبر ۲۴

مَاذَا قُلْتُ لَكَ أَمْسِ	میں نے کل تم سے کیا کہا تھا
مَا أُعْطِيْكَ هٰذَا الشَّيْءَ	میں تمہیں یہ چیز نہیں دوں گا
قَدِمْتُ مِنْ سَفَرِ الْحِجَازِ	میں سفر حجاز سے واپس آیا
اَللّٰهُ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ	اللہ تمہارے ساتھ ہے جہاں تم رہو
قَسِّمْ هٰذَا الشَّيْءَ بَيْنَ الْحَاضِرِيْنَ	یہ چیز حاضرین کو تقسیم کردو
أُدْخُلْ فِي الْبَيْتِ	مکان میں اندر آ (مکان میں اندر جا)

اَغْسِلْ يَدَيْنِ	دونوں ہاتھ دھو
هَاتِ الطَّعَامَ بِالتَّعْجِيْلِ	کھانا جلدی لاؤ
اَحْضِرْهُ لِيْ	اس کو میرے پاس لاؤ
اُخْرُجْ مِنَ الْبَيْتِ	گھر سے باہر آؤ (گھر سے باہر جاؤ)
اُنْزِلْ	نیچے اترو
اِمْسَحْ يَدَيْنِ	دونوں ہاتھ پونچھو
اِمْسَحْ رِجْلَكَ	اپنا پاؤں پونچھو
اَرِنِيْ صُوْرَةَ الْمَحْبُوْبِ	مجھے محبوب کی صورت دکھا
اِرْفَعْ هٰذَا الْكِتَابَ	کتاب اٹھاؤ
قِفْ هُنَا	یہاں ٹھہرو
لِيَخْرُجْ مِنْ بِلَادِنَا	اس کو ہمارے شہر سے نکل جانا چاہئے
لَا تَغْتَبْ اَحَدًا اَبَدًا	کبھی کسی کی پیٹھ پیچھے برائی نہ کرو
لَا تَتَكَلَّمْ بِسُوْءٍ	بری بات نہ کہو
لَا تُؤَخِّرْ فِي الْعَمَلِ	کام میں دیر نہ کرو
لَا تَلْتَفِتْ اِلٰى خَبِيْثٍ	خبیث آدمی کی طرف التفات نہ کرو
لَا تَجْلِسْ فَوْقَ السَّقْفِ	چھت پر نہ بیٹھو

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ الْعِشْرُوْنَ

سبق نمبر ۲۵

ذَهَبَ وَحِيْدٌ مَعَ اِبْنِهٖ	وحید اپنے بیٹے کے ساتھ گیا
رَاَيْتُ عَزِيْزَ مِرْزَا فِي الْمَدْرَسَةِ	میں نے عزیز مرزا کو مدرسے میں دیکھا

مَرَرْتُ بِزَاهِدٍ إِلَى الْبُسْتَانِ	میں زاہد کے ساتھ باغ میں گیا
لَيْسَ الْخَادِمُ حَاضِرًا	خادم حاضر نہیں ہے
هُمْ لَيْسُوْا حِجَازِيِّيْنَ	وہ سب حجاز کے رہنے والے نہیں ہیں
لَسْتُ مِنْكَ خَائِفًا	میں تم سے خوفزدہ نہیں ہوں
هِيَ الْاِمْرَأَةُ حَسَنَةٌ	وہ عورت خوبصورت ہے۔
لَيْسَتِ الْاِمْرَأَةُ حَسَنَةً	وہ عورت خوبصورت نہیں ہے ۔
صَارَ إِبْرَاهِيْمُ كَهْلًا	ابراہیم بوڑھا ہوگیا
أَصْبَحَتِ الْعِمَامَةُ عَتِيْقَةً	پگڑی پرانی ہوگئی
أَنَا آتٍ مِنْ بَيْتِ مَوْلَوِي أَحْمَدْ سَعِيْد	میں مولوی احمد سعید کے گھر سے آتا ہوں
هُوَ كَسَرَ سَاعَةً جَدِيْدَةً	اس نے نئی گھڑی توڑ ڈالی
رَأَيْتُهُ فِي الْأَيَّامِ الْمَاضِيَةِ	میں نے اُسے گزشتہ دنوں میں دیکھا تھا
يَا أَخِيْ أَنَا رَاضٍ مِنْكَ جِدًّا	اے بھائی میں تم سے بہت خوش ہوں
اَلْأَنْسَبُ أَنْ تَأْخُذَ هٰذَا الشَّيْءَ	مُناسب یہ ہے کہ تم اس چیز کو لے لو
هٰذَا غَيْرُ مُنَاسِبٍ بِشَأْنِكُمْ	یہ کام تمہاری شان کے خلاف ہے
أُشِيْرُ عَلَيْكَ أَنْ لَا تَفْعَلَ ذٰلِكَ	میں تمہیں مشورہ دیتا ہوں کہ تم یہ کام نہ کرو
إِنِّيْ مُتَأَسِّفٌ عَلٰى ذٰلِكَ	مجھے اس پر افسوس ہے
مَا نَظَرْتُ رَجُلًا أَحْسَنَ مِنْهُ	میں نے اس سے زیادہ اچھا کوئی آدمی نہیں دیکھا
هٰذَا غَيْرُ مُصَدَّقٍ	یہ غیر صحیح ہے

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ

سبق نمبر ۲۶

عربی	اردو
هٰذَا شَيْءٌ جَمِيْلٌ جِدًّا	یہ چیز بہت ہی خوبصورت ہے
لَقَدْ سَرَّنِيْ رُؤْيَتُكَ	میں آپ کی ملاقات سے بہت خوش ہوا
إِنِّيْ فِيْ غَايَةِ الْاِمْتِنَانِ لِجَنَابِكُمْ	میں آپ کا ممنون ہوں
أَرْجُوْكَ أَنْ تَعْفُوَ عَنِّيْ	امید ہے کہ آپ مجھے معاف فرمائینگے
إِنِّيْ أُنَبِّهُكَ يَا أَخِيْ	اے بھائی میں تمہیں آگاہ کرتا ہوں
لَقَدْ أَدْرَكْتُ غَايَةَ كَلَامِكَ	میں آپ کے کلام کا مطلب سمجھا
أَسْتَشِيْرُكُمْ فِيْ هٰذِهِ الْمُعَامَلَةِ	میں اس معاملہ میں آپ سے مشورہ چاہتا ہوں
هٰذَا لَا يَتَعَلَّقُ بِيْ	یہ میرے متعلق نہیں
إِنِّيْ أَعْتَمِدُ عَلَيْكَ	میں تم پر بھروسہ کرتا ہوں
لَا بَأْسَ بِهٖ	اس کا کچھ مضائقہ نہیں
إِنِّيْ سَعِيْدٌ بِرُؤْيَتِكُمْ	میں آپکی زیارت کو باعث سعادت سمجھتا ہوں
أَظُنُّ هٰكَذَا	میں ایسا ہی خیال کرتا ہوں
لَا تَذْكُرُوْا ذٰلِكَ	اس بات کا ذکر نہ کیجیے۔
هٰذَا لَا يَسْتَحِقُّ الذِّكْرَ	یہ ذکر کے لائق نہیں
هٰذَا فَرْضٌ عَلَيَّ	یہ میرا فرض ہے
هٰذَا أَمْرٌ مَعْلُوْمٌ	یہ بات معلوم ہے
هٰذَا شَيْءٌ لَا يُوْصَفُ	اس کی تعریف نہیں ہوسکتی
اِعْتِرَافُ الْاِحْسَانِ يَرْفَعُ قَدْرَ	احسان کا ماننا آدمی کے مرتبے کو

الرَّجُلَ	بڑھاتا ہے
كُفْرَانُ الْإِحْسَانِ يُضِيعُ قَدْرَ	احسان فراموشی انسان کے مرتبے
الرَّجُلِ	کو گھٹاتی ہے
هِيَ شَائِعَةٌ فِيْ جَمِيعِ الْبِلَادِ	یہ بات تمام ملکوں میں مشہور ہے
اَللّٰهُ يُثِيبُ الصَّالِحِيْنَ	اللہ تعالیٰ صالحین کو اجر دیتا ہے
حَرَكَةُ الْإِقْبَالِ بَطِيئَةٌ	ترقی کی چال دھیمی ہوتی ہے
حَرَكَةُ الْإِدْبَارِ سَرِيعَةٌ	تنزل کی چال تیز ہوتی ہے

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ

سبق نمبر ۲۷

كَمْ هِيَ السَّاعَةُ	گھڑی میں کیا وقت ہے
سِتُّ سَاعَاتٍ	چھ بجے ہیں۔
دَوِّرِ السَّاعَةَ	گھڑی میں چابی دیجئے
كَمْ مِنْ شَهْرِ الْجَارِيْ	اس مہینہ کی کونسی تاریخ ہے
بِكَمْ اشْتَرَيْتَ التُّفَّاحَ	تم نے سیب کتنے کو لیا ہے
كَمْ تَظُنُّ عُمْرِيْ	تم میری عمر کتنی سمجھتے ہو۔
أَظُنُّ أَنَّكَ عِشْرُوْنَ سَنَةً	میں سمجھتا ہوں کہ تمہاری عمر بیس سال ہے
مَا هُوَ عُمْرُ بِنْتِكُمْ	تمہاری لڑکی کی کیا عمر ہے
عُمْرُهَا خَمْسُ سِنِيْنَ	اس کی عمر پانچ سال ہے
مَا الْفَائِدَةُ مِنْ هٰذَا	اس سے کیا فائدہ ہے
مَا ثَمَنُ هٰذَا الْمَوْزِ	اس کیلے کی کیا قیمت ہے

ثَمَنُهُ غَيْرُ مَعْلُوْمٍ	اس کی قیمت معلوم نہیں
مَالِيْ أَرَاكَ سَاكِتًا	کیا سبب ہے کہ میں تمہیں خاموش دیکھتا ہوں
هٰذَا مَا يُسَمُّوْنَهُ	اس کو کیا کہتے ہیں
يُسَمُّوْنَهُ بُرْتُقَانٌ	اس کو سنترہ کہتے ہیں
هَلْ تَقْدِرُ أَنْ تَتَكَلَّمَ بِالْعَرَبِيْ	کیا تم عربی میں بات چیت کر سکتے ہو
نَعَمْ	جی ہاں
أَجْلِسُ عِنْدَ إِسْمٰعِيْلَ عَبْدِ اللّٰهِ سَاعَتَيْنِ	میں اسمعیل عبداللہ کے پاس دو گھنٹے بیٹھوں گا
أَيَّةُ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ	یہ کونسا درخت ہے
لَا أَعْرِفُ	میں نہیں جانتا
أَيَّ كِتَابٍ تَقْرَأُ	تم کونسی کتاب پڑھتے ہو
أَقْرَأُ قُدُوْرِيْ	میں قدوری پڑھتا ہوں
عَنْ أَيِّ شَيْءٍ تَبْحَثُوْنَ	تم کس بات پر بحث کر رہے
نَبْحَثُ فِيْ مَسْئَلَةِ الْحِجَازِيَّةِ	ہم مسئلہ حجاز کے متعلق بحث کر رہے ہیں
مَا فِيْ يَدِكَ	تمہارے ہاتھ میں کیا ہے
بِيَدِيْ زُجَاجٌ	میرے ہاتھ میں آئینہ ہے
إِنِّيْ أَرْتَعِدُ مِنَ الْبَرْدِ	میں سردی سے کانپ رہا ہوں
أَيْنَ مَطْوَتُكَ يَا أَخِيْ	بھائی آپ کا چاقو کہاں ہے

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ

سبق نمبر ۲۸

فَسِّرْ مَعْنٰی هٰذَا الْكَلَامِ	اس کلام کے معنی بیان کرو
اُقْعُدْ هَادِئًا يَا اَخِيْ	بھائی آرام سے بیٹھو
تَقَرَّبْ اِلَيَّ	میرے قریب آجاؤ
اَلْزِمْ مَكَانَكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ	اے ابراہیم اپنی جگہ بیٹھے رہو
سَهِرْتُ اللَّيْلَ كُلَّهٗ	میں ساری رات جاگتا رہتا ہوں
مِنْ اَيْنَ اَنْتَ اٰتٍ	تم کہاں سے آتے ہو
مِنْ مَسْجِدٍ جَامِعٍ	جامع مسجد سے
اِلٰی اَيْنَ اَنْتَ مَقْلُوْدٌ	تم کہاں جاتے ہو
اِلٰی جَامِعِ مَسْجِدٍ	جامع مسجد کی طرف
يَعُوْدُ بَعْدَ نِصْفِ سَاعَةٍ	وہ آدھے گھنٹے کے بعد واپس آئیگا
اَنْتَ اَصْغَرُ مِنِّيْ	تم مجھ سے چھوٹے ہو
نَعَمْ	جی ہاں
مَوْلَانَا خُجَنْدِيْ اَكْبَرُ مِنْ مَوْلَوِيْ عَبْدِ الْعَلِيْمِ	مولانا خجندی مولوی عبدالعلیم سے بڑے ہیں۔
اَشْعُرُ بِنَسِيْمٍ بَارِدٍ	میں ٹھنڈی ہوا محسوس کرتا ہوں
اِنِّيْ اَكْتُبُ بِالرِّيْشَةِ	میں انگریزی قلم سے لکھتا ہوں
لِمَ لَا تَجِيْءُ اِلٰی بَيْتِيْ	تم میرے مکان پر کیوں نہیں آتے
اَجِيْءُ بَعْدَ الْعَصْرِ	میں عصر کی نماز کے بعد آؤں گا

قَابَلْتُهُ فِي الْأُسْبُوْعِ الْمَاضِيْ	میں اس شخص سے گزشتہ ہفتہ میں ملا
رُبَّمَا يَرْجِعُ سِيٹھ مُحَمَّد حُسَيْن يَوْمَ الْخَمِيْس	غالباً سیٹھ محمد حسین جمعرات کو واپس آئیں گے
أَطْفَيْنَا الْقِنْدِيْلَ حِيْنَ غَلَبَ عَلَيْنَا النَّوْمُ	ہم نے لالٹین کو گل کر دیا جب کہ ہم پہ نیند غالب ہوئی
لَا تَصْعَدُوْا عَلٰى هٰذَا السَّرِيْرِ	اس پلنگ پر نہ چڑھو
مؤنث متکلم میں مشترک ہے۔ اب ایک اور مشترک صیغے پر غور کرو فَعَلْنَا یہ صیغہ تثنیہ و جمع مذکر متکلم کے لئے بولا جاتا ہے اور تثنیہ و جمع مذکر متکلم کے لئے بولا جاتا ہے اور تثنیہ و جمع مؤنث متکلم کے لئے بھی اسی کو استعمال کرتے ہیں۔ اگر مرد اس صیغے کو بولیں گے تو معنی ہوں گے کہ کیا ہم دو مردوں یا سب مردوں نے اور اگر عورتیں بولیں گی تو یہ معنی ہوں گے کہ کیا ہم دو عورتوں یا سب عورتوں نے غرض یہ فَعَلْنَا کا صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث اور جمع مذکر و مؤنث متکلم میں مشترک ہے۔

ایک بات اور سن لو دیکھو یہ ماضی کی گردان میں فَعَلَ جو واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے۔ اس کے آخر میں الف بڑھا دینے سے تثنیہ مذکر غائب بن جاتا ہے جیسے فَعَلَ سے فَعَلَا اور "واؤ" اور اس سے پہلے پیش لگا دینے سے جمع مذکر غائب کا صیغہ بن جاتا ہے۔ جیسے فَعَلَ سے فَعَلُوْا اور فَعَلُوْا کے آخر میں جو الف لکھا جاتا ہے۔ یہ واؤ جمع اور واؤ عطف کے درمیان فرق کرنے کا نشان ہے جو لکھنے میں تو آتا ہے لیکن پڑھنے میں نہیں آتا۔

ماضی مجہول کا بیان

اگر ماضی معروف یعنی فَعَلَ کے پہلے حرف کو پیش اور دوسرے کو زیر دیدیا جائے اور تیسرے حرف کو اصلی حالت پر رکھا جائے تو ماضی مجہول بن جائے گی جیسے ماضی معروف تو فَعَلَ ہے۔ اب اس کے پہلے حرف کو پیش دیا گیا۔ دوسرے حرف کو زیر دیا گیا اور تیسرے حرف کو اصلی حالت پر رکھا گیا تو فُعِلَ ہوا۔ یہ ماضی مجہول ہے

فعل ماضی مجہول کی گردان بحالت (اثبات)

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	فُعِلَ	کیا گیا وہ ایک مرد

تثنیہ مذکر غائب	فُعِلَا	کئے گئے وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	فُعِلُوْا	کئے گئے وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	فُعِلَتْ	کی گئی وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	فُعِلَتَا	کی گئیں وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	فُعِلْنَ	کی گئیں وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	فُعِلْتَ	کیا گیا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	فُعِلْتُمَا	کئے گئے تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	فُعِلْتُمْ	کئے گئے تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	فُعِلْتِ	کی گئی تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	فُعِلْتُمَا	کی گئیں تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	فُعِلْتُنَّ	کی گئیں تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث	فُعِلْتُ	کیا گیا میں ایک مرد۔ یا کی گئی میں ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	فُعِلْنَا	کئے گئے ہم دو مرد۔ کی گئیں ہم دو عورتیں۔ کئے گئے ہم سب مرد۔ کی گئیں ہم سب عورتیں

فائدہ :- عربی میں لفظ "ما" کے معنی "نہیں" کے ہیں اگر اس لفظ کو ماضی کے شروع میں استعمال کیا جائے تو حالتِ نفی قائم ہو جائے گی یعنی ماضی منفی بن جائیگی جیسے مَا فَعَلَ (نہیں کیا) مَا فُعِلَ (نہیں کیا گیا)

ذہین طالب علم کے لئے تو بس اس قدر لکھنا کافی ہے لیکن شاید بعض پڑھنے والے اس اشارہ کو نہ سمجھ سکیں۔ اس لئے میں ماضی منفی معروف اور ماضی منفی مجہول کی گردانیں بھی لکھے دیتا ہوں۔

(فعلِ ماضی معروف کی گردان (بحالتِ نفی)

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	مَا فَعَلَ	نہیں کیا اس ایک مرد نے
تثنیہ مذکر غائب	مَا فَعَلَا	نہیں کیا اُن دو مردوں نے
جمع مذکر غائب	مَا فَعَلُوْا	نہیں کیا اِن سب مردوں نے
واحد مؤنث غائب	مَا فَعَلَتْ	نہیں کیا اس ایک عورت نے
تثنیہ مؤنث غائب	مَا فَعَلَتَا	نہیں کیا ان دو عورتوں نے
جمع مؤنث غائب	مَا فَعَلْنَ	نہیں کیا اِن سب عورتوں نے
واحد مذکر حاضر	مَا فَعَلْتَ	نہیں کیا تجھ ایک مرد نے
تثنیہ مذکر حاضر	مَا فَعَلْتُمَا	نہیں کیا تم دو مردوں نے
جمع مذکر حاضر	مَا فَعَلْتُمْ	نہیں کیا تم سب مردوں نے
واحد مؤنث	مَا فَعَلْتِ	نہیں کیا تجھ ایک عورت نے
تثنیہ مؤنث حاضر	مَا فَعَلْتُمَا	نہیں کیا تم دو عورتوں نے
جمع مؤنث حاضر	مَا فَعَلْتُنَّ	نہیں کیا تم سب عورتوں نے
واحد مذکر و مؤنث متکلم	مَا فَعَلْتُ	نہیں کیا مجھ ایک مرد یا ایک عورت نے
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	مَا فَعَلْنَا	نہیں کیا ہم دو مرد یا دو عورتوں نے یا سب مردوں یا سب عورتوں نے

فعل ماضی مجہول کی گردان (بحالتِ نفی)

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	مَا فُعِلَ	نہیں کیا گیا وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	مَا فُعِلَا	نہیں کیے گئے وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	مَا فُعِلُوْا	نہیں کیے گئے وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	مَا فُعِلَتْ	نہیں کی گئی وہ ایک عورت

تثنیہ مؤنث غائب	مَا فُعِلَتَا	نہیں کی گئیں وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	مَا فُعِلْنَ	نہیں کی گئیں وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	مَا فُعِلْتَ	نہیں کیا گیا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	مَا فُعِلْتُمَا	نہیں کیے گئے تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	مَا فُعِلْتُمْ	نہیں کیے گئے تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	مَا فُعِلْتِ	نہیں کی گئی تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	مَا فُعِلْتُمَا	نہیں کی گئیں تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	مَا فُعِلْتُنَّ	نہیں کی گئیں تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	مَا فُعِلْتُ	نہیں کیا گیا میں ایک مرد یا نہیں کی گئی میں ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر مؤنث متکلم	مَا فُعِلْنَا	نہیں کیے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

مضارع کا بیان

"مضارع" وہ فعل ہے جس میں حال و استقبال یعنی موجودہ زمانہ اور آئندہ زمانہ دونوں پائے جائیں "مضارع" ماضی سے بنتا ہے۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ماضی کے شروع میں چار حرفوں (ا۔ت۔ی۔ن) میں سے ایک حرف لگایا جاتا ہے۔ یہ چاروں حرف "مضارع کی علامت ہیں (اور ان کا مجموعہ اَتَین ہے) مطلب یہ ہے کہ مضارع کے شروع میں مذکورۂ بالا حرفوں میں سے ایک صرف ضرور رہتا ہے۔ چنانچہ "علمائے صرف" لکھتے ہیں کہ اگر "ا ی ت ن" ان چار حرفوں میں سے کوئی حرف ماضی کے شروع میں زیادہ کریں اور آخری حرف پر پیش لگا دیں تو مضارع بن جائے گا۔ مثلاً ماضی تو فَعَلَ ہے۔ اب اگر اس کے شروع میں الف لگائیں اور آخری حرف کو

پیش کے ساتھ پڑھیں تو "اَفْعَلُ" ہوا اور اگر شروع میں "تَ" لگائیں تو "تَفْعَلُ" ہوا اور اگر "یَ" لگائیں تو "یَفْعَلُ" ہوا اور اگر "نَ" لگائیں تو "نَفْعَلُ" ہوا۔ تَفْعَلُ یَفْعَلُ نَفْعَلُ یہ سب مضارع کے صیغے ہیں۔

آپ میں حرفوں "ا ت ی ن" کے متعلق یہ بتاتا ہوں کہ ان میں سے کون سا حرف کس موقعہ پر استعمال کیا جاتا ہے۔

الف - صرف ایک صیغے کے پہلے آتا ہے یعنی واحد متکلم (خواہ مذکر ہو یا مؤنث)

ت - حاضر کے چھ صیغوں (یعنی واحد مذکر حاضر۔ تثنیہ مذکر حاضر۔ جمع مذکر حاضر اور واحد مؤنث حاضر۔ تثنیہ مؤنث حاضر) اور غائب کے دو صیغوں (یعنی واحد مؤنث غائب اور تثنیہ مؤنث غائب) آٹھ صیغوں کے پہلے آتی ہے۔

ی - غائب مذکر کے تینوں صیغوں (یعنی واحد مذکر غائب۔ تثنیہ مذکر غائب جمع مذکر غائب) اور جمع مؤنث غائب کے شروع میں کام آتی ہے یعنی صرف ان ہی چار صیغوں کے پہلے آتی ہے۔

ن - ایک صیغے کے پہلے آتا ہے یعنی متکلم مع الغیر (زیادہ آسان لفظوں میں یوں سمجھو کہ تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم کے شروع میں آتا ہے)

اعراب یعنی زیر۔ زبر۔ پیش۔ صیغہ مضارع کے آخری حرف پانچ صیغوں میں پیش ہوتا ہے۔ وہ یہ ہیں۔

(۱) واحد مذکر غائب (۲) واحد مؤنث غائب (۳) واحد مذکر حاضر (۴) واحد متکلم (۵) متکلم مع الغیر (یعنی تثنیہ و جمع متکلم) باقی نو صیغوں کے آخر میں نون آتا ہے۔ ان میں سے جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر کا نون "جمع مؤنث" کہلاتا ہے۔ یہ مفتوح ہوتا ہے یعنی اس پر زبر ہوتا ہے اور باقی سات صیغوں کے آخر کے "نون اعرابی" کہتے ہیں ان میں سے چار تثنیہ ہیں (تثنیہ مذکر غائب۔ تثنیہ مؤنث

غائب، تثنیہ مذکر، تثنیہ مؤنث حاضر) ان چاروں تثنیوں کے آخر میں نون مکسور ہوتا ہے یعنی نون کے نیچے زیر ہوتا ہے۔ اور بقیہ تین صیغوں (یعنی جمع مذکر غائب، جمع مذکر حاضر اور واحد مؤنث حاضر) میں نون مفتوح یعنی زبر کے ساتھ آتا ہے۔ یہ چودہ صیغوں کا بیان ہو گیا۔ اب گردان پر غور کرو۔

فعل مضارع معروف کی گردان (بحالتِ اثبات)

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	يَفْعَلُ	کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	يَفْعَلَانِ	کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	يَفْعَلُوْنَ	کرتے ہیں یا کریں گے وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	تَفْعَلُ	کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	تَفْعَلَانِ	کرتی ہیں یا کریں گی وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	يَفْعَلْنَ	کرتی ہیں یا کریں گی وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	تَفْعَلُ	کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	تَفْعَلَانِ	کرتے ہو یا کرو گے تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	تَفْعَلُوْنَ	کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	تَفْعَلِيْنَ	کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	تَفْعَلَانِ	کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	تَفْعَلْنَ	کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	اَفْعَلُ	کرتا ہوں یا کروں گا میں ایک مرد، کرتی ہوں یا کروں گی میں ایک عورت
تثنیہ جمع مذکر و مؤنث متکلم	نَفْعَلُ	کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں

فعل مضارع کے مشترک صیغے

"مضارع" کے ان چودہ صیغوں میں سے تین صیغے مشترک ہیں وہ یہ ہیں۔
تَفْعَلُ ۔ یہ صیغہ تثنیہ مؤنث غائب اور واحد مذکر حاضر میں مشترک ہے۔
تَفْعَلَانِ ۔ یہ صیغہ تثنیہ مؤنث غائب اور تثنیہ مذکر حاضر اور تثنیہ مؤنث حاضر میں مشترک ہے۔
اَفْعَلُ میں مذکر و مؤنث واحد متکلم اور نَفْعَلُ میں تثنیہ و جمع (مذکر و مؤنث) متکلم مشترک ہے۔

تنبیہ۔ جو طالب علم ان صیغوں کو اچھی طرح یاد نہیں کرتے اور ان پر غور نہیں کرتے وہ عربی تحریر و تقریر میں افسوسناک غلطیاں کرتے ہیں اور بسا اوقات ان کو نادم ہونا پڑتا ہے پس بہتر یہ ہے کہ ذرا محنت کر کے ان کو یاد کر لیا جائے تاکہ کلام میں غلطیاں واقع نہ ہوں اور مجلس میں ندامت حاصل نہ ہو۔

مضارع مجہول کا بیان

"مضارع مجہول" مضارع معروف سے بنتا ہے۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے۔
"علامت مضارع" پر پیش لگا دو اور عین پر زبر بس مضارع مجہول بن جائیگا
جیسے یَفْعَلُ سے یُفْعَلُ اور یَضْرِبُ سے یُضْرَبُ گردان یہ ہے:۔

فعل مضارع مجہول کی گردان (بحالتِ اثبات)

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	یُفْعَلُ	کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا وہ ایک مرد

تثنیہ مذکر غائب	یُفْعَلَانِ	کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	یُفْعَلُوْنَ	کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے وہ سب مرد
واحد مونث غائب	تُفْعَلُ	کی جاتی ہے یا کی جائے گی وہ ایک عورت
تثنیہ مونث غائب	تُفْعَلَانِ	کی جاتی ہیں یا کی جائیں گی وہ دو عورتیں
جمع مونث غائب	یُفْعَلْنَ	کی جاتی ہیں یا کی جائیں گی وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	تُفْعَلُ	کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	تُفْعَلَانِ	کئے جاتے ہو یا کئے جاؤ گے تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	تُفْعَلُوْنَ	کئے جاتے ہو یا کئے جاؤ گے تم سب مرد
واحد مونث حاضر	تُفْعَلِیْنَ	کی جاتی ہے یا کی جائے گی وہ ایک عورت
تثنیہ مونث حاضر	تُفْعَلَانِ	کی جاتی ہو یا کی جاؤ گی تم دو عورتیں
جمع مونث حاضر	تُفْعَلْنَ	کی جاتی ہو یا کی جاؤ گی تم سب عورتیں۔
واحد مذکر و مونث متکلم	اُفْعَلُ	کیا جاتا ہوں یا کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا کی جاتی ہوں یا کی جاؤں گی میں ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مونث متکلم	نُفْعَلُ	کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

فائدہ

"مضارع معروف" کے تیسرے حرف پر فتحہ یعنی زبر اور کسرہ یعنی زیر اور ضمہ یعنی پیش تینوں حرکات آتی ہیں لیکن "مضارع مجہول" کا تیسرا حرف ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے یعنی

اس پر ہمیشہ زیر ہوتا ہے (معلوم نہیں تیسرے حرف کو تم سمجھے یا نہیں؟) دیکھو یُفْعَلُ میں پہلا حرف "ی" دوسرا حرف "ف" ہے۔ اور تیسرا حرف "ع" ہے پس تیسرے حرف سے مُراد عین ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ مضارع مجہول کا تیسرا حرف ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔

مضارع منفی (یعنی بحالتِ نفی)

پہلے بیان ہو چکا ہے کہ عربی میں "ما" اور "لا" کے معنی "نہیں" کے ہیں۔ اسی لئے ما اور لا کو حرفِ نفی کہتے ہیں۔

"مضارع" پر جب حرفِ نفی (یعنی لا یا ما) زیادہ کیا جائے تو وہ مثبت سے منفی بن جاتا ہے یعنی حالتِ اثبات کی بجائے حالتِ نفی قائم ہو جاتی ہے جیسے لَا یَفْعَلُ (وہ نہیں کرتا ہے یا نہیں کرے گا) مَا یَفْعَلُ (وہ نہیں کرتا ہے یا نہیں کرے گا) مَا تَفْعَلُ (وہ نہیں کرتا ہے یا نہیں کرے گا) لَا یَضْرِبُ (وہ نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا) مَا یَضْرِبُ (وہ نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا)

مگر یاد رکھو مضارع پر حرفِ نفی کے زیادہ کرنے سے لفظوں میں کچھ تغیر نہیں ہوتا۔ فعلِ مضارع "معروف و مجہول کی گردان بحالتِ "نفی" یوں آئے گی۔

فعل مضارع معروف کی گردان بحالتِ نفی

معنی	گردان	صیغے	
نہیں کرتا ہے یا نہیں کریگا وہ ایک مرد	لَا یَفْعَلُ	واحد مذکر غائب	۱
نہیں کرتے ہیں یا نہیں کرینگے وہ سب مرد	لَا یَفْعَلَانِ	تثنیہ مذکر غائب	۲
نہیں کرتے یا نہیں کریں گے وہ سب مرد	لَا یَفْعَلُوْنَ	جمع مذکر غائب	۳

	صیغہ	گردان	معنی
غائب	واحد مؤنث غائب	لَا تَفْعَلُ	نہیں کرتی ہے یا نہیں کریگی وہ ایک عورت
	تثنیہ مؤنث غائب	لَا تَفْعَلَانِ	نہیں کرتی ہیں یا نہیں کرینگی وہ دو عورتیں
	جمع مؤنث غائب	لَا يَفْعَلْنَ	نہیں کرتی ہیں یا نہیں کرینگی وہ سب عورتیں
حاضر	واحد مذکر حاضر	لَا تَفْعَلُ	نہیں کرتا ہے یا نہیں کریگا تو ایک مرد
	تثنیہ مذکر حاضر	لَا تَفْعَلَانِ	نہیں کرتے ہو یا نہیں کروگے تم دو مرد
	جمع مذکر حاضر	لَا تَفْعَلُوْنَ	نہیں کرتے ہو یا نہیں کروگے تم سب مرد
	واحد مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلِيْنَ	نہیں کرتی ہے یا نہیں کریگی تو ایک عورت
	تثنیہ مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلَانِ	نہیں کرتی ہو یا نہیں کروگی تم دو عورتیں
	جمع مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلْنَ	نہیں کرتی ہو یا نہیں کروگی تم سب عورتیں
متکلم	واحد مذکر و مؤنث	لَا أَفْعَلُ	نہیں کرتا ہے یا نہیں کریگا تو ایک مرد یا نہیں کرتی ہوں یا نہیں کرونگی میں ایک عورت
	تثنیہ و جمع مذکر مؤنث متکلم	لَا نَفْعَلُ	نہیں کرتے ہیں یا نہیں کرینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

فائدہ: لا ۔ عموماً ماضی میں نفی کے لئے شروع میں ما اور مضارع میں نفی کے لئے لا بڑھایا جاتا ہے (مؤلف)

فعلِ مضارع مجہول کی گردان (بحالتِ نفی)

	صیغے	گردان	معنی
غائب	واحد مذکر غائب	لَا يُفْعَلُ	نہیں کیا جاتا ہے یا نہیں کیا جائیگا وہ ایک مرد
	تثنیہ مذکر غائب	لَا يُفْعَلَانِ	نہیں کئے جاتے ہیں یا نہیں کئے جائینگے وہ دو مرد
	جمع مذکر غائب	لَا يُفْعَلُوْنَ	نہیں کئے جاتے یا نہیں کئے جائینگے وہ سب مرد

معنی	صیغہ	نام صیغہ
نہیں کی جاتی ہے یا نہیں کی جائیگی وہ ایک عورت	لَا تُفْعَلُ	واحد مؤنث غائب
نہیں کی جاتی ہیں یا نہیں کی جائینگی وہ دو عورتیں	لَا تُفْعَلَانِ	تثنیہ مؤنث غائب
نہیں کی جاتی ہیں یا نہیں کی جائینگی وہ سب عورتیں	لَا يُفْعَلْنَ	جمع مؤنث غائب
نہیں کیا جاتا یا نہیں کیا جائیگا تو ایک مرد	لَا تُفْعَلُ	واحد مذکر حاضر
نہیں کئے جاتے یا نہیں کئے جاؤگے تم دو مرد	لَا تُفْعَلَانِ	تثنیہ مذکر حاضر
نہیں کئے جاتے یا نہیں کئے جاؤگے تم سب مرد	لَا تُفْعَلُوْنَ	جمع مذکر حاضر
نہیں کی جاتی یا نہیں کی جائیگی تو ایک عورت	لَا تُفْعَلِيْنَ	واحد مؤنث حاضر
نہیں کی جاتی ہو یا نہیں کی جاؤگی تم دو عورتیں	لَا تُفْعَلَانِ	تثنیہ مؤنث حاضر
نہیں کی جاتی ہو یا نہیں کی جاؤگی تم سب عورتیں	لَا تُفْعَلْنَ	جمع مؤنث حاضر
نہیں کیا جاتا ہوں یا نہیں کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	لَا أُفْعَلُ	واحد مذکر و مؤنث متکلم
نہیں کئے جاتے ہیں یا نہیں کئے جائینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں	لَا نُفْعَلُ	تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم

چند ضروری ہدایتیں

ماضی اور مضارع کی گردانیں لکھنے کے بعد یہ بتانا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ماضی کے شروع میں لفظ قَدْ بڑھا دینے سے ماضی قریب بن جاتی ہے۔ جیسے ماضی تو ضَرَبَ ہے، اب اگر اس کو ماضی قریب بنانا چاہو تو شروع میں قَدْ بڑھا دو قَدْ ضَرَبَ (اس نے مارا ہے) قَدْ ضَرَبْتُ (میں نے مارا ہے)

یاد رکھو ماضی کے شروع میں لفظ قَدْ بڑھانے سے لفظوں میں تغیر نہیں ہوتا ہے

کیا تھا

اور ماضی کے شروع میں لفظ کَانَ بڑھا دینے سے ماضی بعید بن جاتی ہے اور گردان کرنے میں جس طرح ماضی کا صیغہ بدلتا ہے اسی طرح کَانَ میں بھی تبدیلی ہوتی ہے۔ اسی لئے کَانَ کے چودہ صیغے مقرر کیے گئے ہیں غور کرو۔

صیغے	ماضی کی گردان	لفظ کَانَ کی گردان
واحد مذکر غائب	فَعَلَ	کَانَ
تثنیہ مذکر غائب	فَعَلَا	کَانَا
جمع مذکر غائب	فَعَلُوْا	کَانُوْا
واحد مؤنث غائب	فَعَلَتْ	کَانَتْ
تثنیہ مؤنث غائب	فَعَلَتَا	کَانَتَا
جمع مؤنث غائب	فَعَلْنَ	کُنَّ
واحد مذکر حاضر	فَعَلْتَ	کُنْتَ
تثنیہ مذکر حاضر	فَعَلْتُمَا	کُنْتُمَا
جمع مذکر حاضر	فَعَلْتُمْ	کُنْتُمْ
واحد مؤنث حاضر	فَعَلْتِ	کُنْتِ
تثنیہ مؤنث حاضر	فَعَلْتُمَا	کُنْتُمَا
جمع مؤنث حاضر	فَعَلْتُنَّ	کُنْتُنَّ
واحد مذکر و مؤنث متکلم	فَعَلْتُ	کُنْتُ
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	فَعَلْنَا	کُنَّا

اور "مضارع" کے شروع میں لفظ کَانَ بڑھانے سے ماضی استمراری بنتی ہے ماضی استمراری کی یہ صورت ہوگی۔

کَانَ یَشْرَبُ (وہ پیتا تھا)، کُنْتُ اَشْرَبُ (میں پیتا تھا)

اور اگر مضارع کے شروع میں حرف "س" بڑھا دیا جائے تو اس سے زمانہ مستقبل قریب ثابت ہوگا۔ جیسے اصل مضارع تو یہ ہے یَفْعَلُ (وہ کرتا ہے یا کریگا) اب اگر اس کے شروع میں حرف "س" بڑھادیں تو سَیَفْعَلُ ہوگا (یعنی ابھی کرے گا) اسی طرح یَقْرَءُ سے سَیَقْرَءُ (یعنی ابھی پڑھے گا) اور اگر مضارع کے شروع میں لفظ سَوْفَ سے بڑھادیں تو زمانہ مستقبل بعید ثابت ہوگا جیسے یَفْعَلُ سے سَوْفَ یَفْعَلُ (یعنی وہ کچھ دیر میں کریگا) اسی طرح یَقْرَءُ سے سَوْفَ یَقْرَءُ (یعنی کچھ دیر میں پڑھے گا)

خوب یاد رکھو "س" مستقبل قریب کے لئے آتا ہے۔ اور "سَوْفَ" مستقبل بعید کے لئے مخصوص ہے۔

اب میں چند ایسے جملے لکھتا ہوں جن میں قَدْ کَانَ س اور سَوْفَ کا استعمال ہوا ہے۔ ان کو بغور پڑھو اور اس سبق کو یاد کرلو۔

قَدْ کَتَبَ۔ اس نے لکھا ہے — قَدْ ضَرَبَ۔ اس نے مارا ہے
قَدْ کَتَبْتُ۔ میں نے لکھا ہے — قَدْ ضَرَبْتُ۔ میں نے مارا ہے
قَدْ اَکَلَ۔ اس نے کھایا ہے — قَدْ اَکَلْتُ۔ میں نے کھایا ہے
کَانَ لَبِسَ۔ اس نے پہنا تھا — کُنْتُ لَبِسْتُ میں نے پہنا تھا
کَانَ سَمِعَ۔ اس نے سنا تھا — کُنْتُ سَمِعْتُ۔ میں نے سنا تھا
کَانَ دَخَلَ۔ وہ اندر آیا تھا — کُنْتُ دَخَلْتُ میں اندر آیا تھا
کَانَ یَذْهَبُ۔ وہ جاتا تھا — کُنْتُ اَذْهَبُ۔ میں جاتا تھا
سَیَقُوْلُ۔ ابھی کہے گا — سَیَذْهَبُ۔ ابھی جائے گا
سَیَدْخُلُ ابھی داخل ہوگا — سَیَضْرِبُ۔ ابھی مارے گا
سَوْفَ یَذْهَبُ تھوڑی دیر میں جائیگا — سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔ تھوڑی دیر میں جانوگے

مضارع میں تغیر

میں نے شروع میں بیان کیا ہے کہ "مضارع" وہ فعل ہے جس میں زمانۂ حال و استقبال یعنی موجودہ زمانہ اور آئندہ زمانہ دونوں پائے جائیں اور اس کا آخری حرف مرفوع ہوتا ہے یعنی اس کے آخری حرف پر پیش ہوتا ہے۔ یہ مضارع کی مستقل حالت ہے لیکن بسا اوقات مضارع کے شروع میں بعض خاص حروف کے آنے سے معنی میں اور الفاظ میں تغیر واقع ہو جاتا ہے۔

تین قسم کے حروف مضارع میں تغیر پیدا کرتے ہیں۔ اُن کے نام یہ ہیں:۔
"ناصب"[۱]، "جازم"[۲]، "نونِ تاکید"[۳]۔

تغیر پیدا کرنیوالے حروف

لَن ۔ یہ حرف ناصب ہے "مضارع" کے آخری حرف کو نصب یعنی زبر دیتا ہے اور جب مضارع کے شروع میں آتا ہے تو زمانۂ آئندہ میں تاکیدی انکار کے معنی پیدا کرتا ہے۔ جیسے لَن یَّفعَلَ (وہ ہرگز نہیں کریگا) صرفیوں کی اصطلاح میں اس کو نفی تاکید بہ لن کہتے ہیں۔

لَمۡ ۔ یہ حرف جازم ہے۔ مضارع کے آخری حرف کو جزم دیتا ہے اور جب مضارع کے شروع میں آتا ہے تو مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے لَمۡ یَفعَلۡ (اس نے نہیں کیا) اصطلاحاً اس کو "نفی حجد بلم" کہتے ہیں۔

نونِ تاکید ۔ یہ حرف مضارع کے آخر میں آتا ہے۔ اور اس کے آنے سے مضارع کے پہلے مفتوح کا آنا ضروری ہے۔ یہ نون مضارع کے آخری حرف کو فتحہ یعنی زبر دیتا ہے۔ اور معنی "تاکید مع خصوصیت زمانۂ آئندہ" کے پیدا کرتا

ہے جیسے لَیَفْعَلَنَّ (وہ البتہ ضرور کرے گا) اس کو "مضارع مؤکد بہ لام تاکید و نون تاکید" کہتے ہیں۔

علمائے صرف کہتے ہیں کہ فعل مضارع کے نواصب یعنی وہ حرف جو فعل مضارع پر داخل ہو کر اس کو نصب دیتے ہیں۔ چار ہیں۔ لَنْ۔ اَنْ کَیْ۔ اِذَن۔ اور فعل مضارع کے جوازم یعنی وہ حرف جو فعل مضارع پر داخل ہو کر اس کو جزم دیتے ہیں۔ پانچ ہیں۔ لَمْ۔ اِن۔ لَمَّا۔ لام امر لام نہی۔ یاد رکھو لام امر اور لام نہی کے آنے سے مضارع کا صیغہ امر یا نہی کے معنوں میں زمانہ مستقبل کے ساتھ خاص ہو جاتا ہے۔ جیسے لِیَفْعَلْ (اس کو کرنا چاہیئے) اور جیسے لَا یَفْعَلْ (اس کو نہ کرنا چاہیئے)۔

نفی تاکید بہ لن

اگر "مضارع" کے شروع میں حرف "لن" بڑھایا جائے تو زمانہ آئندہ میں تاکید انکار کے معنی پیدا ہو جائیں گے جیسے لَنْ یَفْعَلَ (وہ ہرگز نہیں کریگا) جب مضارع پر حرف لَنْ آتا ہے تو مضارع کے صیغہ واحد مذکر غائب یعنی یَفْعَلُ اور صیغہ واحد مؤنث غائبہ یعنی تَفْعَلُ اور صیغہ واحد مذکر حاضر یعنی تَفْعَلُ اور صیغہ واحد متکلم یعنی اَفْعَلُ اور متکلم مع الغیر یعنی نَفْعَلُ پر نصب دیتا ہے یعنی ان صیغوں کے آخری حرف پر زبر لگا دیتا ہے۔ اور مضارع کے سات صیغوں سے نون اعرابی گرا دیتا ہے۔ وہ سات صیغے ہیں:۔

(۱) صیغہ تثنیہ مذکر غائب یعنی یَفْعَلَانِ
(۲) صیغہ جمع مذکر غائب یعنی یَفْعَلُوْنَ
(۳) صیغہ تثنیہ مؤنث غائب یعنی تَفْعَلَانِ

} جب اِن ساتوں صیغوں کے شروع میں حرف لَنْ بڑھایا جائیگا تو ان سب کے آخر سے نون غائب ہو جائیگا (مؤلف)

(۴) صیغہ تثنیہ مذکر حاضر یعنی تَفْعَلَانِ
(۵) صیغہ جمع مذکر حاضر یعنی تَفْعَلُوْنَ
(۶) صیغہ واحد مؤنث حاضر یعنی تَفْعَلِیْنَ
(۷) صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر یعنی تَفْعَلَانِ

اور یاد رکھو دو صیغے ایسے ہیں جن میں حرفِ لَنْ کچھ تغیر نہیں کر سکتا۔ وہ یہ ہیں:-
(۱) صیغہ جمع مؤنث غائب یعنی یَفْعَلْنَ
(۲) صیغہ جمع مؤنث حاضر یعنی تَفْعَلْنَ

مطلب یہ ہے کہ ان دونوں صیغوں کا نون برقرار رہتا ہے اور حرف لن ان میں کچھ عمل نہیں کرتا۔ اور اس بات کو بھی یاد رکھو کہ حرفِ لَنْ فعل مضارع کو خالص مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے۔ اب میں نفی تاکید بلن کی گردان لکھتا ہوں۔ اس پر غور کرو۔

نفی تاکید بہ لن کی گردان

فعل مستقبل معروف کیلئے

	صیغے	گردان	معنی
ہم	واحد مذکر غائب	لَنْ یَّفْعَلَ	ہرگز نہیں کرے گا وہ ایک مرد
	تثنیہ مذکر غائب	لَنْ یَّفْعَلَا	ہرگز نہیں کریں گے وہ دو مرد
	جمع مذکر غائب	لَنْ یَّفْعَلُوْا	ہرگز نہیں کریں گے وہ سب مرد
ہم	واحد مؤنث غائب	لَنْ تَفْعَلَ	ہرگز نہیں کرے گی وہ ایک عورت
	تثنیہ مؤنث غائب	لَنْ تَفْعَلَا	ہرگز نہیں کریں گی وہ دو عورتیں
	جمع مؤنث غائب	لَنْ یَّفْعَلْنَ	ہرگز نہیں کریں گی وہ سب عورتیں

حاضر	واحد مذکر حاضر	لَنْ تَفْعَلَ	ہرگز نہیں کرے گا تو ایک مرد
	تثنیہ مذکر حاضر	لَنْ تَفْعَلَا	ہرگز نہیں کروگے تم دو مرد
	جمع مذکر حاضر	لَنْ تَفْعَلُوا	ہرگز نہیں کروگے تم سب مرد
	واحد مؤنث حاضر	لَنْ تَفْعَلِی	ہرگز نہیں کرے گی تو ایک عورت
	تثنیہ مؤنث حاضر	لَنْ تَفْعَلَا	ہرگز نہیں کروگی تم دو عورتیں
	جمع مؤنث حاضر	لَنْ تَفْعَلْنَ	ہرگز نہیں کروگی تم سب عورتیں
متکلم	واحد مذکر و مؤنث متکلم	لَنْ اَفْعَلَ	ہرگز نہیں کروں گا میں ایک مرد یا ہرگز نہیں کروں گی میں ایک عورت
	تثنیہ و جمع مذکر ۔ مؤنث متکلم	لَنْ نَفْعَلَ	ہرگز نہیں کرینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں ۔

دیکھو مضارع کا صیغہ واحد مذکر غائب اصل میں یَفْعَلُ تھا جب اس کے شروع میں حرف لَنْ بڑھایا گیا تو وہ لن یَفْعَلَ ہوگیا۔ یعنی اس کے آخری حرف پر زبر آگیا۔ یہی عمل صیغہ واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد متکلم مع الغیر میں ہوا ہے یعنی ان سب پانچوں کے آخر میں زبر آیا ہے۔ اور دیکھو مضارع کا صیغہ تثنیہ مذکر غائب اصل میں یَفْعَلَانِ تھا لیکن جب اس کے شروع میں حرف لَنْ بڑھایا گیا تو لن یَفْعَلَا ہوگیا یعنی اس کے آخر سے نون غائب ہوگیا۔ یہی عمل صیغہ جمع مذکر غائب۔ تثنیہ مؤنث حاضر میں ہوا ہے۔ اور دو صیغے یعنی جمع مؤنث غائب اور جمع حاضر اپنی حالت میں موجود ہیں ۔

نفی تاکید بہ لن کی گردان

فعل مستقبل مجہول کے لئے

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لَنْ يُفْعَلَ	ہرگز نہیں کیا جائے گا وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لَنْ يُفْعَلَا	ہرگز نہیں کیئے جائیں گے وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	لَنْ يُفْعَلُوا	ہرگز نہیں کیئے جائیں گے وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	لَنْ تُفْعَلَ	ہرگز نہیں کی جائے گی وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لَنْ تُفْعَلَا	ہرگز نہیں کی جائیں گی وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	لَنْ يُفْعَلْنَ	ہرگز نہیں کی جائیں گی وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	لَنْ تُفْعَلَ	ہرگز نہیں کیا جائے گا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	لَنْ تُفْعَلَا	ہرگز نہیں کیئے جاؤ گے تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	لَنْ تُفْعَلُوا	ہرگز نہیں کیئے جاؤ گے تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	لَنْ تُفْعَلِي	ہرگز نہیں کی جائے گی تو ایک عورت،
تثنیہ مؤنث حاضر	لَنْ تُفْعَلَا	ہرگز نہیں کی جاؤ گی تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	لَنْ تُفْعَلْنَ	ہرگز نہیں کی جاؤ گی تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	لَنْ أُفْعَلَ	ہرگز نہیں کیا جاؤں میں ایک مرد ہرگز نہیں کی جاؤں گی میں ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لَنْ نُفْعَلَ	ہرگز نہیں کیئے جائیں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

ھدایت:۔ یاد رکھو جب نونِ ساکن کے بعد یا آتی ہے۔ تو دونوں مل کر پڑھے جاتے ہیں، جیسے لَنْ یَّفْعَلَ "۔ اسمیں نون اور یا دونوں مل کر پڑھے جائیں گے۔

نفی جحد بہ لم

جب مضارع پر حرف "لَمْ" آتا ہے تو مضارع کے صیغہ واحد مذکر غائب (یعنی یَفْعَلُ) اور صیغہ واحد مؤنث غائب (یعنی تَفْعَلُ) اور صیغہ واحد مذکر حاضر (یعنی تَفْعَلُ) اور صیغہ واحد متکلم (یعنی اَفْعَلُ) اور متکلم مع الغیر (یعنی نَفْعَلُ) ان سب صیغوں کو جزم دیتا ہے۔ اور اگر ان صیغوں کے آخر میں "حرفِ علت" ہو تو گر جاتا ہے۔ (حرفِ علت تین ہیں۔ واؤ۔ الف۔ یاء)

جیسے لَمْ یَدْعُ۔ لَمْ یَرْمِ۔ لَمْ یَخْشَ۔

"یَدْعُ۔ یَرْمِ۔ یَخْشَ"۔ کی حقیقت یہ ہے کہ ان کے مضارع کا اصل صیغہ یَدْعُوْ۔ یَرْمِیْ۔ یَخْشٰی تھا لیکن جب ان کے شروع میں حرف لَمْ بڑھایا گیا تو حروفِ علت (یعنی واؤ۔ الف۔ یاء) غائب ہو گئے اور یاد رکھو جس طرح مضارع کے شروع میں حرف لَنْ کے آنے سے نون اعرابی گر جاتا ہے۔ اسی طرح یہ حرف لَمْ بھی نون اعرابی کو گرا دیتا ہے یعنی اگر مضارع کے شروع میں حرفِ لَمْ آئے گا تو سات صیغوں سے نون اعرابی گر جائے گا۔ وہ سات صیغے اگرچہ حرف لَنْ کی بحث میں لکھے جا چکے ہیں۔ لیکن تمہارے سمجھانے کے لئے پھر لکھے دیتا ہوں غور کرو۔

(۱) صیغہ تثنیہ مذکر غائب یعنی یَفْعَلَانِ

(۲) صیغہ جمع مذکر غائب یعنی یَفْعَلُوْنَ

(۳) صیغہ تثنیہ مؤنث غائب یعنی تَفْعَلَانِ

(۴) صیغہ تثنیہ مذکر حاضر یعنی تَفْعَلَانِ

(۵) صیغہ جمع مذکر حاضر یعنی تَفْعَلُوْنَ

(۶) صیغہ واحد مؤنث حاضر یعنی تَفْعَلِیْنَ

(۷) صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر یعنی تَفْعَلَانِ

اور مضارع کے دو صیغے یعنی جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر اپنی اصلی حالت پر رہتے ہیں یعنی حرف لَمْ ان پر کچھ عمل نہیں کرتا۔

اور اس بات کو بھی سمجھ لو کہ حرفِ لَمْ مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَمْ یَفْعَلْ (اس نے نہیں کیا)

نفی جحد بہ لم کی گردان

مستقبل معروف کے لئے

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لَمْ یَفْعَلْ	نہیں کیا اس ایک مرد نے
تثنیہ مذکر غائب	لَمْ یَفْعَلَا	نہیں کیا ان دو مردوں نے
جمع مذکر غائب	لَمْ یَفْعَلُوْا	نہیں کیا ان سب مردوں نے
واحد مؤنث غائب	لَمْ تَفْعَلْ	نہیں کیا اس ایک عورت نے
تثنیہ مؤنث غائب	لَمْ یَفْعَلَا	نہیں کیا ان دو عورتوں نے
جمع مؤنث غائب	لَمْ تَفْعَلْنَ	نہیں کیا ان سب عورتوں نے
واحد مذکر حاضر	لَمْ تَفْعَلْ	نہیں کیا تجھ ایک مرد نے
تثنیہ مذکر حاضر	لَمْ تَفْعَلَا	نہیں کیا تم دو مردوں نے

	صیغہ	گردان	معنی
حاضر	جمع مذکر حاضر	لَمْ تَفْعَلُوْا	نہیں کیا تم سب مردوں نے
	واحد مؤنث حاضر	لَمْ تَفْعَلِیْ	نہیں کیا تجھ ایک عورت نے
	تثنیہ مؤنث حاضر	لَمْ تَفْعَلَا	نہیں کیا تم دو عورتوں نے
متکلم	واحد مذکر و مؤنث متکلم	لَمْ اَفْعَلْ	نہیں کیا مجھ ایک مرد یا مجھ ایک عورت نے
	تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لَمْ نَفْعَلْ	نہیں کیا ہم دو مردوں یا دو عورتوں نے یا ہم سب مردوں یا ہم سب مردوں نے

جیسے تم نے حرفِ لَنْ کے بیان میں مضارع کے تغیر پر غور کیا تھا۔ اسی طرح اس سبق پر بھی غور کرو۔ دیکھو مضارع کا صیغہ واحد مذکر اصل میں تَفْعَلُ تھا۔ جب اسکے شروع میں حرفِ لَمْ بڑھایا گیا تو وہ لَمْ تَفْعَلْ ہوگیا یعنی اس کے آخر میں جزم آگیا۔ یہی عمل بعض دوسرے صیغوں پر ہوا ہے اور دیکھو مضارع کا تثنیہ مذکر غائب اصل میں یَفْعَلَانِ تھا لیکن جب اس کے شروع میں حرفِ لَمْ بڑھایا گیا تو لَمْ یَفْعَلَا ہوگیا۔ یعنی اس کے آخر سے نون گر گیا۔ یہی عمل بعض دوسرے صیغوں میں ہوا ہے۔

نفی جحد بلم کی گردان

فعل مستقبل مجہول کے لئے

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لَمْ تُفْعَلْ	نہیں کیا گیا وہ ایک مرد

تثنیہ مذکر غائب	لَمْ یُفْعَلَا	نہیں کیے گئے وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	لَمْ یُفْعَلُوا	نہیں کیے گئے وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	لَمْ تُفْعَلْ	نہیں کی گئی وہ ایک مرد
تثنیہ مؤنث غائب	لَمْ تُفْعَلَا	نہیں کی گئیں وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	لَمْ یُفْعَلْنَ	نہیں کی گئیں تم سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	لَمْ تُفْعَلْ	نہیں کیا گیا تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	لَمْ تُفْعَلَا	نہیں کیے گئے تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	لَمْ تُفْعَلُوا	نہیں کیے گئے تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	لَمْ تُفْعَلِي	نہیں کی گئی تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	لَمْ تُفْعَلَا	نہیں کی گئیں تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	لَمْ تُفْعَلْنَ	نہیں کی گئیں تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	لَمْ أُفْعَلْ	نہیں کیا گیا میں ایک مرد یا نہیں کی گئی میں ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لَمْ نُفْعَلْ	نہیں کیے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

تنبیہ:۔ اب تک گردانیں پڑھنے اور صیغوں پر غور کرنے کے بعد شاید تم نے اس بات کو محسوس کیا ہو گا کہ عربی زبان کی بول چال ایسے انداز پر واقع ہوئی ہے۔ کہ کلمات کے آخر میں زیر کی جگہ پیش اور پیش کی جگہ زبر پڑھنے سے فقرے کے معنی کچھ سے کچھ ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ تمام گردانوں اور صیغوں کو اچھی طرح ذہن نشین کیا جائے اور غیر معمولی توجہ کے ساتھ ان کو پڑھا۔

جائے تاکہ بول چال میں غلطیاں واقع نہ ہوں۔

لامِ تاکید اور نونِ تاکید

مضارع کے شروع میں حرفِ لام اور آخر میں حرفِ نون بڑھا دینے سے ایک تاکیدی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے علمائے صرف شروع کے لام کو لامِ تاکید اور آخر کے نون کو نونِ تاکید کہتے ہیں۔

اگر "مضارع" کے شروع میں "لامِ تاکید" اور آخر میں نونِ تاکید بڑھا دیا جائے تو مضارع "بالام تاکید و نونِ تاکید" بن جائے گا اور فعل مستقبل میں تاکید کے معنی دیگا جیسے لَيَفْعَلَنَّ۔ لَيَفْعَلَنْ (معنی یہ ہیں کہ ضرور ضرور کرے گا۔ وہ ایک مرد)

نون کی دو قسمیں ہیں ایک "نونِ ثقلیہ" جو مشدد ہوتا ہے یعنی جس پر تشدید ہوتی ہے اور دوسرا "نونِ خفیفہ" جو ساکن ہوتا ہے یعنی جس پر جزم ہوتا ہے۔

"نونِ ثقلیہ" "مضارع" کے سب صیغوں کے ساتھ آتا ہے۔ اور اس کے آنے سے سات صیغوں سے نونِ اعرابی گر جاتا ہے وہ سات صیغے یہ ہیں:۔

(۱) صیغہ تثنیہ مذکر غائب یعنی يَفْعَلَانِ
(۲) صیغہ جمع مذکر غائب یعنی يَفْعَلُوْنَ
(۳) صیغہ تثنیہ مؤنث غائب یعنی تَفْعَلَانِ
(۴) صیغہ تثنیہ مذکر حاضر یعنی تَفْعَلَانِ
(۵) صیغہ جمع مذکر حاضر یعنی تَفْعَلُوْنَ
(۶) صیغہ واحد مؤنث حاضر یعنی تَفْعَلِيْنَ
(۷) صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر یعنی تَفْعَلَانِ

نونِ ثقلیہ کے آنے سے ان صیغوں کا نون اعرابی گر جاتا ہے۔

اور نونِ ثقلیہ کے آنے سے صیغہ جمع مذکر غائب (یعنی يَفْعَلُوْنَ اور صیغہ جمع مذکر حاضر

یعنی تَفۡعَلُوۡنَ سے "واؤ" ساقط ہو جاتا ہے۔ اور صیغہ واحد مؤنث حاضر یعنی تَفۡعَلِیۡنَ سے ی بھی ساقط ہو جاتا ہے اور صیغہ جمع مؤنث واحد مؤنث غائب یعنی یَفۡعَلۡنَ اور صیغہ جمع مؤنث حاضر تَفۡعَلۡنَ کے نون کے پیچھے "الف فاصل" لایا جاتا ہے۔ اس الف کو "الف فاصل" اس لئے کہتے ہیں کہ یہ نون جمع مؤنث اور نون تاکید کو جدا جدا کر دیتا ہے۔

اور یاد رکھو نون ثقیلہ سے پہلے کُل چھ صیغوں یعنی چار تثنیوں میں

(۱) صیغہ تثنیہ مذکر غائب
(۲) صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
(۳) صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
(۴) صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر

اور صیغہ جمع مؤنث غائب اور صیغہ جمع مؤنث حاضر میں الف ہوتا ہے اور صیغہ جمع مذکر غائب اور صیغہ جمع مذکر حاضر میں نون ثقیلہ سے پہلے ضمہ یعنی پیش ہوتا ہے۔ اور صیغہ واحد مؤنث حاضر میں کسرہ یعنی زیر ہوتا ہے اور باقی پانچ صیغوں یعنی صیغہ واحد مذکر غائب اور صیغہ واحد مؤنث غائب اور صیغہ واحد مذکر حاضر اور متکلم کے دونوں صیغوں سے نون ثقیلہ سے پہلے فتح یعنی زبر ہوتا ہے۔

اور اس بات کو بھی یاد رکھو کہ نون ثقیلہ اگر الف کے بعد واقع ہو تو مکسور ہو گا یعنی زیر کے ساتھ ورنہ مفتوح یعنی زبر کے ساتھ ہو گا۔

"نون خفیفہ" صرف آٹھ صیغوں میں آتا ہے یعنی ان آٹھ صیغوں میں جن میں نون ثقیلہ سے پہلے الف نہیں ہے (وہ یہ ہیں)۔

(۱) واحد مذکر غائب (۲) جمع مذکر غائب (۳) واحد مؤنث غائب (۴) واحد مذکر حاضر (۵) جمع مذکر حاضر (۶) واحد مؤنث حاضر (۷) واحد مذکر و مؤنث متکلم (۸) تثنیہ و

جمع مذکر و مؤنث متکلم - باقی چھ صیغوں میں جن میں نون ثقیلہ سے پہلے الف ہے - نون خفیفہ نہیں آتا وہ چھ صیغے ہیں :-

(۱) تثنیہ مذکر غائب (۲) تثنیہ مؤنث غائب (۳) جمع مؤنث غائب
(۴) تثنیہ مذکر حاضر (۵) تثنیہ مؤنث حاضر (۶) جمع مؤنث حاضر

اب میں "مضارع بالام تاکید و نون تاکید" کی گردانیں لکھتا ہوں - ان کو بنظر غائر پڑھو اور یاد کرو -

لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ کی گردان

فعل مستقبل معروف کے لئے

	صیغے	گردان	معنی
غائب	واحد مذکر غائب	لَيَفْعَلَنَّ	ضرور ضرور کرے گا وہ ایک مرد
	تثنیہ مذکر غائب	لَيَفْعَلَانِّ	ضرور ضرور کریں گے وہ دو مرد
	جمع مذکر غائب	لَيَفْعَلُنَّ	ضرور ضرور کریں گے وہ سب مرد
	واحد مؤنث حاضر	لَتَفْعَلَنَّ	ضرور ضرور کرے گی وہ ایک عورت
	تثنیہ مؤنث حاضر	لَتَفْعَلَانِّ	ضرور ضرور کریں گی وہ دو عورتیں
	جمع مؤنث حاضر	لَيَفْعَلْنَانِّ	ضرور ضرور کریں گی وہ سب عورتیں
حاضر	واحد مذکر حاضر	لَتَفْعَلَنَّ	ضرور ضرور کرے گا تو ایک مرد
	تثنیہ مذکر حاضر	لَتَفْعَلَانِّ	ضرور ضرور کروگے تم دو مرد
	جمع مذکر حاضر	لَتَفْعَلُنَّ	ضرور ضرور کرو گے تم سب مرد
	واحد مؤنث حاضر	لَتَفْعَلِنَّ	ضرور ضرور کرے گی تو ایک عورت

تثنیہ مؤنث حاضر	لَتَفْعَلْنَانِّ	ضرور ضرور کرو گی تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	لَتَفْعَلْنَانِّ	ضرور ضرور کرو گی تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	لَاَفْعَلَنَّ	ضرور ضرور کروں گا میں ایک مرد ضرور ضرور کروں گی میں ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لَنَفْعَلَنَّ	ضرور ضرور کریں گے ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں۔

"مجہول" بنانے کا وہی قاعدہ ہے جو پہلے بیان ہو چکا ہے یعنی لَيَفْعَلَنَّ سے لَيُفْعَلَنَّ (مجہول بنانے پر یہ معنی ہوں گے) ضرور ضرور کیا جائیگا وہ ایک مرد۔

لام تاکید با نون تاکید خفیفہ کی گردان

فعل مستقبل معروف کیلئے

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لَيَفْعَلَنْ	ضرور ضرور کرے گا وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب		
جمع مذکر غائب	لَيَفْعَلُنْ	ضرور ضرور کریں گے وہ سب مرد
تثنیہ مؤنث غائب		

جمع مؤنث غائب		
واحد مذکر حاضر تثنیہ مذکر حاضر جمع مذکر حاضر	لَتَفْعَلُنَّ	ضرور ضرور کرے گا تو ایک مرد
واحد مؤنث حاضر تثنیہ مؤنث حاضر جمع مؤنث حاضر	لَتَفْعَلِنَّ	ضرور ضرور کرے گی تو ایک عورت
واحد مذکر و مؤنث متکلم	لَاَفْعَلَنَّ	ضرور ضرور کروں گا میں ایک مرد یا ضرور ضرور کروں گی میں ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لَنَفْعَلَنَّ	ضرور ضرور کریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

"مجہول" بنانے کا وہی قاعدہ ہے جو پہلے بیان ہو چکا ہے یعنی لَیَفْعَلَنَّ سے لَیُفْعَلَنَّ (مجہول بنانے پر یہ معنی ہوئے) ضرور ضرور کیا جائے وہ ایک مرد۔

امر

امر وہ فعل ہے جس میں کام کرنے کا حکم دیا جائے جیسے اُكْتُبْ لکھ اِذْهَبْ
یا اُدْخُلْ داخل ہو اُخْرُجْ نکل لِيَدْخُلْ اُس کو داخل ہونا چاہیئے۔ لِيَخْرُجْ
اس کو نکل جانا چاہیئے صیغہ امر کا آخری حرف ہمیشہ مجزوم ہوتا ہے یعنی اس پر جزم
ہوتا ہے۔

امر کو فعل مضارع سے بناتے ہیں یعنی امر کا جو صیغہ بنانا ہو اس کو مضارع کے
اس صیغے سے بناؤ۔

اگر امر غائب معروف بنانا ہو تو مضارع غائب معروف سے بناؤ اور اگر امر غائب
مجہول بنانا ہو تو مضارع غائب مجہول سے بناؤ اور اگر امر حاضر مجہول بنانا ہو تو مضارع
غائب مجہول سے بناؤ۔ اور اگر امر حاضر مجہول بنانا ہو تو مضارع حاضر مجہول سے
بناؤ اور اگر متکلم معروف بنانا ہو تو مضارع متکلم مجہول سے بناؤ۔

بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع کے شروع میں لام مکسور لگا دو اور آخر کو ساکن
کردو جیسے يَضْرِبُ سے لِيَضْرِبْ۔

اور اگر نون اعرابی ہو تو اس کو گرادو اور اگر جمع مؤنث کا نون ہو تو اس کو
رہنے دو۔ اور یہ بھی یاد رکھو کہ اگر مضارع کے آخر حرفِ علت ہوگا تو ہر حال میں گر جائےگا۔
ہم نے اُوپر امر غائب معروف امر غائب مجہول امر حاضر مجہول اور امر متکلم معروف
و مجہول کا ذکر کیا ہے، امر حاضر معروف کا ذکر نہیں کیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امر حاضر
بنانے کا ایک خاص قاعدہ ہے اور وہ یہ کہ

مضارع حاضر معروف سے علامت مضارع یعنی ت کو علیحدہ کردو اور اس کے
بعد اگر پہلا حرف متحرک ہو تو آخر حرف کو ساکن کردو جیسے تُعَلِّمُ سے عَلِّمْ اور تُبَعْثِرُ

سے یَغْتَرُ اور اگر علامت مضارع دُور کرنے کے بعد پہلا حرف ساکن رہتا ہو۔ تو عین کلمہ کو دیکھو اگر عین کلمہ مضموم ہو یعنی اگر اس پر پیش ہو تو الف مضموم شروع میں لگادو جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ اور اگر عین کلمہ مفتوح یعنی زبر کے ساتھ یا مکسور یعنی زیر کے ساتھ ہے تو الف مکسور شروع میں لگادو جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔

امر کی گردان یہ ہے:۔

امر معروف کی گردان

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لِيَفْعَلْ	چاہیئے کہ کرے وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لِيَفْعَلَا	چاہیئے کہ کریں وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	لِيَفْعَلُوْا	چاہیئے کہ کریں وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	لِتَفْعَلْ	چاہیئے کہ کرے وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لِتَفْعَلَا	چاہیئے کہ کریں وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	لِيَفْعَلْنَ	چاہیئے کہ کریں وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	اِفْعَلْ	کر تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	اِفْعَلَا	کرو تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	اِفْعَلُوْا	کرو تم سب مرد

واحد مؤنث حاضر	اِفْعَلِیْ	کر تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	اِفْعَلَا	کرو تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	اِفْعَلْنَ	کرو تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	لِاَفْعَلْ	چاہیئے کہ کروں میں ایک مرد یا ایک عورت۔
تثنیہ و جمع مذکر مؤنث متکلم	لِنَفْعَلْ	چاہیئے کہ کریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

امر مجہول کی گردان

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لِیُفْعَلْ	چاہیئے کہ کیا جائے وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لِیُفْعَلَا	چاہیئے کہ کیئے جائیں وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	لِیُفْعَلُوْا	چاہیئے کہ کیئے جائیں وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	لِتُفْعَلْ	چاہیئے کہ کی جائے وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لِتُفْعَلَا	چاہیئے کہ کی جائیں وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	لِیُفْعَلْنَ	چاہیئے کہ کی جائیں وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	لِتُفْعَلْ	چاہیئے کہ کیا جائے تو ایک مرد

صیغہ	فعل	معنی
تثنیہ مذکر حاضر	لِتُفْعَلَا	چاہیئے کہ کئے جاؤ تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	لِتُفْعَلُوْا	چاہیئے کہ کئے جاؤ تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	لِتُفْعَلِیْ	چاہیئے کہ کی جائے تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	لِتُفْعَلَا	چاہیئے کہ کی جاؤ تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	لِتُفْعَلْنَ	چاہیئے کہ کی جاؤ تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	لِاُفْعَلْ	چاہیئے کہ کیا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لِنُفْعَلْ	چاہیئے کہ کئے جائیں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

تنبیہ:۔ لامِ امر اور لامِ تاکید کی شکل کچھ ملتی جلتی ہے۔ اس لئے میں (اس) کا فرق ظاہر کرنا چاہتا ہوں۔ دیکھو لامِ تاکید مفتوح ہوتا ہے یعنی اس پر زبر ہوتا ہے۔ اور اس کے معنی ہیں "ضرور"۔ اور لامِ امر مکسور ہوتا ہے یعنی زیر کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور اس کے معنی ہیں "چاہیئے کہ"

امر معروف با نونِ تاکید ثقیلہ

ثقیلہ اور خفیفہ جس طرح مضارع میں آتا ہے۔ اسی طرح امر میں بھی آتا ہے لیکن یاد رکھو اس میں لامِ تاکید نہیں لگایا جاتا۔

امر معروف با نون تاکید ثقیلہ کی گردان

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لِيَفْعَلَنَّ	ضرور کرے وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لِيَفْعَلَانِّ	ضرور کریں وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	لِيَفْعَلُنَّ	ضرور کریں وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	لِتَفْعَلَنَّ	ضرور کرے وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لِتَفْعَلَانِّ	ضرور کریں وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	لِيَفْعَلْنَانِّ	ضرور کریں وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	اِفْعَلَنَّ	ضرور کر تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	اِفْعَلَانِّ	ضرور کرو تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	اِفْعَلُنَّ	ضرور کرو تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	اِفْعَلِنَّ	ضرور کر تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر	اِفْعَلَانِّ	ضرور کرو تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	اِفْعَلْنَانِّ	ضرور کرو تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث	لِاَفْعَلَنَّ	چاہیئے کہ ضرور کروں میں ایک مرد

صیغے	گردان	معنی
متکلم تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لِنُفْعَلَنَّ	یا ایک عورت چاہیے کہ ضرور کریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

امر مجہول با نون تاکید ثقیلہ کی گردان

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لِيُفْعَلَنَّ	چاہیے کہ ضرور کیا جائے وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لِيُفْعَلَانِّ	چاہیے کہ ضرور کیے جائیں وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	لِيُفْعَلُنَّ	چاہیے کہ ضرور کیے جائیں وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	لِتُفْعَلَنَّ	چاہیے کہ ضرور کی جائے وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لِتُفْعَلَانِّ	چاہیے کہ ضرور کی جائیں وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	لِيُفْعَلْنَانِّ	چاہیے کہ ضرور کی جائیں وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	لِتُفْعَلَنَّ	چاہیے کہ ضرور کیا جائے تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	لِتُفْعَلَانِّ	چاہیے کہ ضرور کیے جاؤ تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	لِتُفْعَلُنَّ	چاہیے کہ ضرور کیا جاؤں میں ایک مرد
واحد مؤنث حاضر	لِتُفْعَلِنَّ	چاہیے کہ ضرور کی جائے تو ایک عورت

تثنیہ مؤنث حاضر	لِتُفْعَلَانِّ	چاہیئے کہ ضرور کی جاؤ تم دو عورتیں
جمع مؤنث حاضر	لِتُفْعَلْنَانِّ	چاہیئے کہ ضرور کی جاؤ تم سب عورتیں
واحد مذکر و مؤنث متکلم	لِاُفْعَلَنَّ	چاہیئے کہ ضرور کیا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت
تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لِنُفْعَلَنَّ	چاہیئے کہ ضرور کئے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں

امر معروف با نون تاکید خفیفہ کی گردان

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لِیَفْعَلَنْ	ضرور کرے کہ وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب		
جمع مذکر غائب	لِیَفْعَلُنْ	ضرور کریں وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	لِتَفْعَلَنْ	ضرور کرے وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب		
جمع مؤنث غائب		
واحد مذکر حاضر	اِفْعَلَنْ	ضرور کر تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر		
جمع مذکر حاضر	اِفْعَلُنْ	ضرور کرو تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	اِفْعَلِنْ	ضرور کر تو ایک عورت
تثنیہ مؤنث حاضر		
جمع مؤنث حاضر		

جمع	واحد مذکر و مؤنث متکلم	لِاُفْعَلَنَّ	چاہیے کہ ضرور کروں میں ایک مرد یا ایک عورت
	تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لِنَفْعَلَنَّ	چاہیے کہ ضرور کریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

امر مجہول با نون تاکید خفیفہ کی گردان

	صیغے	گردان	معنی
	واحد مذکر غائب	لِیُفْعَلَنْ	چاہیے کہ ضرور کیا جائے وہ ایک مرد
	تثنیہ مذکر غائب		
	جمع مذکر غائب	لِیُفْعَلُنْ	چاہیے کہ ضرور کیے جائیں وہ سب مرد
	واحد مؤنث غائب	لِتُفْعَلَنْ	چاہیے کہ ضرور کی جائے وہ ایک عورت
	تثنیہ مؤنث غائب		
	جمع مؤنث غائب		
	واحد مذکر حاضر	لِتُفْعَلَنْ	چاہیے کہ ضرور کیا جائے تو ایک مرد
	تثنیہ مذکر حاضر		
	جمع مذکر حاضر	لِتُفْعَلُنْ	چاہیے کہ ضرور کیے جاؤ تم سب مرد
	واحد مؤنث حاضر	لِتُفْعَلِنْ	چاہیے کہ ضرور کی جائے تو ایک عورت

	صیغہ		معنی
حاضر	تثنیہ مؤنث حاضر جمع مؤنث حاضر		
متکلم	واحد مذکر و مؤنث متکلم	لِاُفْعَلَنَّ	چاہیئے کہ ضرور کیا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت
	تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لِنُفْعَلَنَّ	چاہیئے کہ ضرور کئے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

نہی

"نہی" وہ فعل ہے جس میں کام نہ کرنے کا حکم دیا جائے جیسے لَا تَكْتُبْ نہ لکھ۔ لَا تَضْرِبْ نہ مار لَا تَجْلِسْ نہ بیٹھ لَا تَلْتَفِتْ التفات نہ کر۔

"نہی" فعل مضارع سے بنتی ہے۔ بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ:۔

مضارع کے شروع میں لائے نہی لگا دو اور آخری حرف کو جزم دیدو۔ جیسے تَفْعَلُ سے لَا تَفْعَلْ۔

"تَفْعَلُ" مضارع کا صیغہ واحد مذکر حاضر ہے جس کے معنی ہیں تو کرتا ہے اس کے شروع میں ہم نے مخالفت کا "لام الف" (یعنی لَا) بڑھا دیا۔ اور اس کے آخری حرف کو جزم دیدیا تو نہی کا صیغہ واحد حاضر بن گیا یعنی لَا تَفْعَلْ مت کر۔ پس یوں سمجھو کہ "نہی" کوئی مستقل فعل نہیں ہے۔ بلکہ مضارع کا وہ صیغہ ہے جس کے شروع میں لائے نہی لگایا جائے۔

یاد رکھو نہی کا آخری حرف ہمیشہ مجزوم ہوتا ہے یعنی اس پر جزم ہوتا ہے۔ اور

"نہی" میں نونِ اعرابی گر جاتا ہے۔ اور نون جمع مؤنث قائم رہتا ہے۔ اور اگر مضارع کے آخر میں حرفِ علت ہوگا تو "نہی" میں گر جائے گا۔ اور اس بات کو بھی یاد رکھو کہ نون تاکید "ثقیلہ اور خفیفہ" جس طرح مضارع میں آتا ہے نہی میں بھی لایا جاتا ہے لیکن "لام تاکید" نہی کی گردان میں نہیں آتا۔

"نہی" کی گردانیں یہ ہیں :-

نہی معروف کی گردان

صیغے	گردان	معنی
واحد مذکر غائب	لَا يَفْعَلْ	نہ کرے وہ ایک مرد
تثنیہ مذکر غائب	لَا يَفْعَلَا	نہ کریں وہ دو مرد
جمع مذکر غائب	لَا يَفْعَلُوْا	نہ کریں وہ سب مرد
واحد مؤنث غائب	لَا تَفْعَلْ	نہ کرے وہ ایک عورت
تثنیہ مؤنث غائب	لَا تَفْعَلَا	نہ کریں وہ دو عورتیں
جمع مؤنث غائب	لَا تَفْعَلُوْا	نہ کریں وہ سب عورتیں
واحد مذکر حاضر	لَا تَفْعَلْ	ہرگز نہ کر تو ایک مرد
تثنیہ مذکر حاضر	لَا تَفْعَلَا	ہرگز نہ کرو تم دو مرد
جمع مذکر حاضر	لَا تَفْعَلُوْا	ہرگز نہ کرو تم سب مرد
واحد مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلِيْ	نہ کر تو ایک عورت

	تثنیہ مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلَا	نہ کرو تم دو عورتیں
	جمع مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلْنَ	نہ کرو تم سب عورتیں
متکلم	واحد مذکر و مؤنث	لَا اَفْعَلْ	نہ کروں میں ایک مرد یا ایک عورت۔
	تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لَا نَفْعَلْ	نہ کریں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا ہم سب عورتیں۔

چند مشقی جملے

لَا يَذْهَبْ :- نہ جائے وہ ایک مرد (صیغہ واحد مذکر غائب)

لَا تَذْهَبْ :- نہ جا تو ایک مرد (صیغہ واحد مذکر حاضر)

لَا تَلْعَبْ :- نہ کھیل تو ایک مرد (صیغہ واحد مذکر حاضر)

نہی مجہول کی گردان

	صیغے	گردان	معنی
غائب	واحد مذکر غائب	لَا يُفْعَلْ	نہ کیا جائے وہ ایک مرد
	تثنیہ مذکر غائب	لَا يُفْعَلَا	نہ کئے جائیں وہ دو مرد
	جمع مذکر غائب	لَا يُفْعَلُوْا	نہ کئے جائیں وہ سب مرد
	واحد مؤنث غائب	لَا تُفْعَلْ	نہ کی جائے وہ ایک عورت

	صیغہ	گردان	ترجمہ
	تثنیہ مؤنث غائب	لَا تُفْعَلَا	نہ کی جائیں وہ دو عورتیں
	جمع مؤنث غائب	لَا تُفْعَلْنَ	نہ کی جائیں وہ سب عورتیں
مذکر	واحد مذکر حاضر	لَا تُفْعَلْ	نہ کیا جائے تو ایک مرد
	تثنیہ مذکر حاضر	لَا تُفْعَلَا	نہ کئے جاؤ تم دو مرد
	جمع مذکر حاضر	لَا تُفْعَلُوْا	نہ کئے جاؤ تم سب مرد۔
مؤنث	واحد مؤنث حاضر	لَا تُفْعَلِیْ	نہ کی جائے تو ایک عورت
	تثنیہ مؤنث حاضر	لَا تُفْعَلَا	نہ کئے جاؤ تم دو عورتو
	جمع مؤنث حاضر	لَا تُفْعَلْنَ	نہ کی جاؤ تم سب عورتو
متکلم	واحد مذکر و مؤنث متکلم	لَا اُفْعَلْ	نہ کیا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت۔
	تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم	لَا نُفْعَلْ	نہ کئے جائیں ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

نہی با نون تاکید (ثقلیہ و خفیفہ) کی گردانیں (بحالت معروف و مجہول) مثل لام تاکید با نون تاکید کی گردانوں کے ہیں۔ مگر اتنا فرق ہے کہ نہی کی گردان میں لَا ہے اور لام تاکید با نون تاکید کی گردان میں لام ہے۔ جیسے (لَیَفْعَلَنَّ یہ لام تاکید با نون تاکید ہے۔ اور لَا یَفْعَلَنَّ) یہ نہی با نون تاکید ہے۔

امر و نہی کے چند مشقی جملے

اِذْهَبْ حَيْثُ شِئْتَ	جاؤ جہاں جی چاہے
اِذْهَبْ هُنَاكَ	وہاں جاؤ
اُقْعُدْ هُنَا	وہاں بیٹھو
اِجْلِسْ هُنَا	یہاں بیٹھو
لِيَخْرُجْ مِنْ بَيْتِنَا	اس کو ہمارے گھر سے نکل جانا چاہیے

لَا تَجْلِسْ هُنَا	یہاں نہ بیٹھ
لَا تَفْعَلْ ذٰلِكَ	یہ کام نہ کر
لَا تَذْكُرْ ذٰلِكَ	اس کا ذکر نہ کر
لَا يَذْهَبْ إِلَى السُّوْقِ	اسے بازار نہ جانا چاہیے۔

ایک ضروری ہدایت

یاد رکھو مضارع کا تیسرا حرف کبھی مفتوح یعنی زبر کے ساتھ ہوتا ہے جیسے يَفْعَلُ يَذْهَبُ يَشْرَبُ يَسْمَعُ اور کبھی مکسور یعنی زیر کے ساتھ ہوتا ہے۔ جیسے يَفْعِلُ۔ يَجْلِسُ يَضْرِبُ اور کبھی مضموم یعنی پیش کے ساتھ ہوتا ہے۔ جیسے يَفْعُلُ۔ يَدْخُلُ۔ يَنْصُرُ۔ مضارع کے تیسرے حرف کی یہ تینوں حرکتیں جائز ہیں۔ ان کو اچھی طرح سمجھ لو اور اس بات کا خیال رکھو کہ امر حاضر کا تیسرا حرف حرکت میں مضارع کے تیسرے حرف کا تابع ہوتا ہے یعنی مفتوح کے ساتھ مفتوح مکسور

کے ساتھ مکسور اور ء کے ساتھ مضموم اور امر غائب اور نہی میں حرفِ آخر کے سوا باقی تمام حرفوں کی حرکتیں وہی رہتی ہیں۔ جو مضارع میں ہوتی ہیں۔

اسم کا بیان

علمائے صرف نے "اسم" کی تین قسمیں بیان کی ہیں مصدر[1] مشتق[2] جامد[3] مصدر وہ اسم ہے جس سے افعال اور اسمائے مشتقات نکلیں اور اس کے ترجمے کے آخر میں "نا" آئے۔ جیسے ضَرْبٌ (مارنا) قَتْلٌ (قتل کرنا)

مشتق:۔ وہ اسم ہے جو مصدر سے نکلے جیسے ضَارِبٌ (مارنے والا) مَضْرُوْبٌ (مارا ہوا) قَاتِلٌ (قتل کرنے والا) مَقْتُوْلٌ (قتل کیا ہوا) یہ ضَارِبٌ اور قَاتِلٌ اور مَضْرُوْبٌ اور مَقْتُوْلٌ سب مشتق ہیں۔ اور مصدر ضَرْبٌ اور قَتْلٌ سے نکلے ہیں۔

جامد:۔ وہ اسم ہے کہ نہ اس سے کوئی کلمہ نکلے اور نہ وہ کسی کلمہ سے نکلا ہو جیسے فَرَسٌ (گھوڑا)

اسمائے مشتقات

عربی میں اسمِ مشتق کی چھ قسمیں ہیں۔ اسم فاعل۔ اسم مفعول۔ اسمِ ظرف۔ صفت مُشبہ اور اسمِ تفضیل۔

ان اسماء کو فعل سے خاص تعلق ہے۔ مثلاً ضَرَبَ زَیْدٌ حَامِدًا زید نے حامد کو مارا۔ اس میں ضَرَبَ کے تعلق سے زید ضَارِبٌ کہلائے گا۔ اور حامد مَضْرُوْبٌ اور جس آلہ سے ضرب لگائی گئی۔ وہ مِضْرَبٌ اور جس جگہ فعل کا وقوع ہوا ہے وہ مَضْرَبٌ کہلائے گا پس یوں سمجھو کہ ضَارِبٌ اسم فاعل ہے۔ اور

مَضْرُوْبٌ اسم مفعول اور مَضْرَبٌ اسم ظرف۔

صفتِ مُشبہ اور اسم تفضیل درحقیقت اسم فاعل ہی ہیں صرف اتنا فرق ہے کہ اسم فاعل میں صفت عارضی ہوتی ہے۔ اور صفتِ مشبہ میں صفت پائدار اور اسم تفضیل فاعل کی اس حالت کا نام ہے جسمیں صفت کی زیادتی پائی جائے، آگے چل کر صفتِ مشبہ اور اسم تفضیل کا حال کسی قدر وضاحت کے ساتھ لکھا جائے گا۔

اسم فاعل

اسم فاعل وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس سے فعل صادر ہو۔ بالفاظ دیگر یہ کہ فاعل کام کرنے والے کو کہتے ہیں۔ جیسے نَاطِقٌ بولنے والا۔ قَانِعٌ قناعت کرنے والا۔ رَازِقٌ رزق دینے والا۔ عَادِلٌ انصاف کرنے والا۔ عَالِمٌ جاننے والا۔ خَادِمٌ خدمت کرنے والا۔

اسم فاعل کے صیغہ واحد کے آخری حرف پر ہمیشہ تنوین ہوتی ہے یعنی دو پیش ہوتے ہیں اور تثنیہ وجمع کی حالت میں تثنیہ وجمع کی علامت لاحق ہوتی ہے۔ اس کے تین صیغے مذکر کے واسطے اور تین صیغے مؤنث کے واسطے مقرر ہیں۔ گردان یہ ہے:۔

صیغہ	واحد	تثنیہ	جمع
مذکّر	فَاعِلٌ	فَاعِلَانِ	فَاعِلُوْنَ
مؤنث	فَاعِلَةٌ	فَاعِلَتَانِ	فَاعِلَاتٌ

یاد رکھو جب ماضی ثلاثی حرف ہوتی ہے جیسے ضَرَبَ تو اسم فاعل کا صیغہ

واحد مذکر فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ اور اگر ماضی کا پہلا صیغہ تین حرف سے زائد ہو تو "اسم فاعل" مضارع معروف سے بنایا جائے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ علامت کو دور کر کے اس کی جگہ میم مضموم لگاؤ اور ماقبل آخر کو زیر دیدو اور آخری حرف پر تنوین لگا دو جیسے یُکْرِمُ سے مُکْرِمٌ یَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ اور یہ بھی یاد رکھو کہ اسم فاعل کبھی فَعِیْلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے۔

اسم مفعول

اسم مفعول وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس پر فعل واقع ہو۔ بالفاظِ دیگر یہ کہ مفعول وہ ہے جس پر کام کیا جائے جیسے مَظْلُوْمٌ (جس پر ظلم ہوا) مَلْعُوْنٌ (جس پر لعنت کی گئی)

اسم مفعول کے صیغہ واحد پر ہمیشہ تنوین ہوتی ہے۔ اور تثنیہ وجمع کی حالت میں علامت تثنیہ وجمع لاحق ہوتی ہے۔ اور اسم فاعل کی طرح اسم مفعول کے بھی چھ صیغے ہیں۔ گردان یہ ہے:۔

صیغہ	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَفْعُوْلٌ	مَفْعُوْلَانِ	مَفْعُوْلُوْنَ
مؤنث	مَفْعُوْلَۃٌ	مَفْعُوْلَتَانِ	مَفْعُوْلَاتٌ

یاد رکھو جب ماضی تین حرف کی ہو جیسے ضَرَبَ تو اسم مفعول واحد مذکر مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آئے گا جیسے مَضْرُوْبٌ اور اگر ماضی تین حرف سے زائد ہو تو اسم مفعول مضارع مجہول سے بناؤ۔ طریقہ یہ ہے کہ علامت مضارع کو دور

کرکے اس کی جگہ میم مضموم لگاؤ۔ اور آخر میں تنوین بڑھادو مُسْکَرٌ اور مُجْتَنَبٌ۔

اسم آلہ

اسم آلہ وہ اسم مشتق ہے جو اس چیز کو بتلائے جس سے کام لیا جاتا ہے یعنی جو کام کرنے کا ذریعہ ہو۔ "اسم آلہ" کے تین وزن ہیں جن میں مذکر و مؤنث کی کچھ تفریق نہیں ہوتی۔ وہ اوزان یہ ہیں :-

واحد	تثنیہ	جمع
مِفْعَلٌ	مِفْعَلَانِ	مَفَاعِلُ
مِفْعَلَةٌ	مِفْعَلَتَانِ	مَفَاعِلُ
مِفْعَالٌ	مِفْعَالَانِ	مَفَاعِيلُ

اسم آلہ کے شروع حرف کے ساتھ کسرہ یعنی زیر ہوتا ہے۔ یہ مطلب ہے کہ میم مکسور کا ہونا لازمی ہے۔

اسم ظرف

اسم ظرف وہ اسم مشتق ہے۔ جو اس زمان یا مکان کو بتلائے جس میں کام واقع ہو۔ اس کے دو وزن ہیں :- "مَفْعَلٌ اور مَفْعِلٌ"۔

گردان یہ ہے :-

جمع	تثنیہ	واحد
مَفَاعِلُ	مَفْعَلَانِ	مَفْعَلٌ
مَفَاعِلُ	مَفْعِلَانِ	مَفْعِلٌ

یاد رکھو اگر مضارع مکسور العین ہو تو ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر آئیگا۔ ورنہ مَفْعَلٌ کے وزن پر۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ اس فاعل کو کہتے ہیں جسمیں صفت بالاستقلال پائی جائے جیسے (جمیلٌ خوبصورت)

اسم فاعل اور صفت مشبہ میں فرق یہ ہے کہ اسم فاعل میں صفت عارضی ہوتی ہے۔ اور صفت مشبہ میں صفت پائدار دیکھو قاتِلٌ کوئی شخص اس وقت کہلائیگا جبکہ قتلٌ کی صفت اس سے صادر ہو یعنی جبکہ وہ قتل کا ارتکاب کرے اور جَمِیلٌ وہ جسمیں جمال کی صفت یعنی خوبصورتی بالاستقلال پائی جائے۔

صفت مشبہ کے اوزان بہت ہیں۔ اور ان کے لئے کوئی قاعدہ کلیہ مقرر نہیں ہے بعض کثیر الاستعمال اوزان یہ ہیں:۔

(فَعِیلٌ) جَمِیلٌ۔ کَرِیمٌ۔ شَرِیفٌ (فَعَلَانٌ) فُعَالٌ۔ شُجَاعٌ (فُعْلَانٌ) صَفْرَاءُ۔

دیکھو اگر ماضی مکسور العین ہو یعنی فَعِلَ تو صفت مشبہ فَعِلٌ کے وزن پر آئے گی جیسے فَرِحٌ اور اگر ماضی مضموم العین ہو یعنی فَعُلَ تو صفت مشبہ فَعِیلٌ کے وزن پر آئے گی۔ جیسے کَرُمَ سے کَرِیمٌ اور اگر ماضی مفتوح العین ہو

یعنی فَعَلَ تو صفت مشبہ فَعَلٌ کے وزن پر آئے گی جیسے حَسَنَ سے حَسَنٌ اور جو افعال رنگ یا عیب یا حلیہ کے معنی میں رکھتے ہیں۔ ان میں صفت مشبہ کا صیغہ مذکر اَفْعَلُ کے وزن پر اور مؤنث کا صیغہ فَعْلَاءُ کے وزن پر آتا ہے اور بعض مواقع پر صفت مشبہ فَعْلَانُ اور فَعْلیٰ کے وزن پر بھی آتی ہے۔ جیسے عَطْشَانُ اور عَطْشیٰ۔

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ اسم مشتق ہے جس میں صفت کی زیادتی پائی جائے۔ زیادہ واضح الفاظ میں یہ کہ اسم تفضیل وہ اسم ہے جو اس ذات کو بتلائے جس میں اوروں کی نسبت صفت کی زیادتی پائی جائے جیسے اَللّٰہُ اَکْبَرُ (اللہ سب سے بڑا ہے)

اسم تفضیل کا مذکر اَفْعَلُ کے وزن پر اور صیغہ مؤنث فُعْلیٰ کے وزن پر آتا ہے۔ گردان یہ ہے:-

جمع	تثنیہ	واحد	صیغہ
اَفْعَلُوْنَ اور اَفَاعِلُ	اَفْعَلَانِ	اَفْعَلُ	مذکر
فُعْلَیَاتٌ اور فُعَلٌ	فُعْلَیَانِ	فُعْلیٰ	مؤنث

یاد رکھو اسم تفضیل بالعموم فاعل کے معنی دیتا ہے اور اس بات کو بھی یاد رکھو کہ رنگ اور عیب کے متعلق اسم تفضیل نہیں آتا پس اَحْمَرُ (سرخ رنگ) اور اَسْوَدُ (سیاہ رنگ) اور اَعْوَرُ (کانا) اسم تفضیل نہیں بلکہ صفت مشبہ ہیں۔

اسم تفضیل اور مبالغے کا فرق

مبالغہ اور اسم تفضیل میں یہ فرق ہے کہ مبالغہ میں صفت کی زیادتی فی نفسہ ہوتی ہے اور اسم تفضیل میں بمقابلے دوسرے کے دیکھو ضَرَّابٌ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کے معنی ہیں (بہت مارنے والا) یہ زیادتی فی نفسہ ہے۔ اس میں کسی دوسرے کا مقابلہ نہیں اور اَضْرَبُ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ اس کے معنی ہیں (بہت مارنے والا) بمقابلہ دوسروں کے لیکن اسم تفضیل کے صیغہ کا صحیح استعمال یہ ہے اَضْرَبُ مِنْ زَيْدٍ (بہت مارنے والا بہ نسبت زید کے) اسمیں دوسرے شخص کا مقابلہ ہوگا۔

مُبالغے کے بعض اوزان یہ ہیں:۔

فَعَّالٌ -	رَزَّاقٌ	(بہت رزق دینے والا)
فِعِّيْلٌ -	صِدِّيْقٌ	(بہت سچا)
فُعَّالٌ -	عُجَّابٌ	(بہت عجیب)
فَاعُوْلٌ -	فَارُوْقٌ	(بہت فرق کرنے والا)
فَيْعُوْلٌ -	قَيُّوْمٌ	(بہت قیام کرنے والا)

صفت مشبہ اور اسم تفضیل اور مبالغے کے بعض جملے

اَللّٰهُ رَزَّاقٌ	اللہ بہت رزق دینے والا ہے
هٰذَا رَجُلٌ شُجَاعٌ	یہ شخص بہادر ہے
اَنَا عَطْشَانُ جِدًّا	میں بہت پیاسا ہوں
هُوَ اَحْمَرُ اللَّوْنِ	وہ بہت سرخ رنگ والا ہے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ	اللہ سب سے بڑا ہے
اَنْتَ اَصْغَرُ مِنِّیْ	تو مجھ سے چھوٹا ہے
ھُوَ اَفْضَلُ الْعُلَمَاءِ	وہ سب عالموں سے افضل ہے
اَلْاِنْسَانُ اَشْرَفُ الْمَخْلُوْقَاتِ	انسان اشرف المخلوقات ہے
زَیْنَبُ اَجْمَلُ مِنْ اُخْتِھَا ۔	زینب اپنی بہن سے زیادہ خوبصورت ہے

اَلْمَوْزُ اَحْلٰی مِنَ الْبَطِّیْخِ کیلا تربوز سے زیادہ میٹھا ہے۔

صفتِ مشبّہ اور اسم تفضیل اور مبالغے کے بیان کو پڑھ کر ان جملوں پر غور کرو اور پہچانو کہ صفتِ مشبّہ کا صیغہ کس جملے میں ہے۔ اور اسم تفضیل کا صیغہ کہاں پر ہے اور مبالغہ کا صیغہ کونسا ہے۔

ان جملوں کو پڑھنے اور ان پر غور و فکر کرنے سے یقیناً تمہاری استعداد میں اضافہ ہوگا اور صیغوں کی پہچان حاصل ہو جائے گی۔

حرفِ اصلی اور حرفِ زائد

عربی میں صرفیوں نے ف ۔ ع ۔ ل کو بجائے اصلی حرفوں کے قرار دیا ہے اور ان سے یا ان میں حروفِ زائد ملا کر بہت سے اوزان بنائے ہیں تاکہ لفظوں کا اوزان سے مقابلہ کر کے اصلی اور زائد حرف کو پہچان لیں۔

"حرفِ اصل" اس کو کہتے ہیں جو وزن کرتے میں ف یا ع یا ل کی جگہ ہو جو حرف فا کی جگہ ہوتا ہے۔ اس کو فا کلمہ کہتے ہیں اور جو عین کی جگہ ہوتا ہے۔ اس کو "عین کلمہ" کہتے ہیں۔ اور جو لام کی جگہ ہو۔ اس کو لام کلمہ کہتے ہیں۔ جیسے نَصَرَ اس میں ن فا کلمہ ہے اور ص عین کلمہ اور ر لام کلمہ ہے۔

"حرفِ زائد" اس کو کہتے ہیں جو ف ع ل میں سے کسی کی جگہ نہ ہو۔

جیسے اَجْتَنَبَ یہ اَفْتَعَلَ کے وزن پر ہے۔ اس میں جیم ساکن فا کی جگہ ہے۔ اور نون مفتوح عین مفتوح کی جگہ ہے۔ اور با مفتوح لام کی جگہ۔ پس جیم نون بے (جنب) حرف اصلی ہوئے اور باقی حرف زائد ہیں۔

تمام مصدر اور فعل اور اسم مشتق اصلی حرفوں کے لحاظ سے چار قسم کے ہوتے ہیں۔

(۱) ثلاثی مجرد (۲) ثلاثی مزید

(۳) رُباعی مجرد (۴) رباعی مزید

ثلاثی مجرد اس کو کہتے ہیں کہ اس کی ماضی میں صرف تین حرف اصلی ہوں جیسے قَتْلٌ وَرَحْمَۃٌ ان کی ماضی قَتَلَ اور رَحِمَ ہے۔

ثلاثی مزید اس کو کہتے ہیں جس کی ماضی میں تین حرف اور باقی زائد ہوں جیسے اِکْرَامٌ وَیُکْرِمُ ان کی ماضی اَکْرَمَ یہ زیادت الف ہے۔

رُباعی مجرد اس کو کہتے ہیں جس کی ماضی میں صرف چار حرف اصلی ہوں جیسے بَعْثَرَۃٌ مُبَعْثِرَۃٌ ان کی ماضی بَعْثَرَ ہے۔

رُباعی مزید اس کو کہتے ہیں جس کی ماضی میں صرف چار حرف اصلی ہوں اور باقی زائد ہوں جیسے اِقْشِعْرَارٌ وَیَقْشَعِرُّ ان کی ماضی اِقْشَعَرَّ ہے۔

ثلاثی مجرد

ثلاثی مجرد کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل مطرد جس کا وزن زیادہ آتا ہے۔ دوسری شاذ جس کا وزن کم آتا ہے۔ مطرد کے پانچ باب ہیں۔ اور شاذ کا ایک باب ہے۔ ان ابواب کے ساتھ ہی صرف صغیر بھی لکھی جائے گی۔ اس لئے میں یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ صرف صغیر کیا ہے؟ دیکھو "اسباق الصرف" میں جس قدر

افعال اور اسمائے مشتقہ بیان ہو چکے ہیں۔ مثلاً ماضی، مضارع، مصدر، اسم فاعل
اسم مفعول، امر، نہی، ظرف، آلہ، تفضیل وغیرہ علمائے صرف نے ان کی مشق
کی غرض سے ان سب کا ایک ایک ابتدائی صیغہ لے کر گردان لکھی ہے۔ اس گردان
کو "صرف صغیر" کہتے ہیں۔ ان میں ثلاثی مجرد کے ابواب اور صرف صغیر لکھتا ہوں۔

(۱) باب اول بروزن فَعَلَ۔ یَفْعُلُ ماضی میں عین کا کلمہ مفتوح اور مضارع
میں عین کلمہ مضموم جیسے نَصَرَ۔ یَنْصُرُ۔

صرف صغیر	نَصَرَ يَنْصُرُ نَصْرًا فَهُوَ نَاصِرٌ وَنُصِرَ يُنْصَرُ نَصْرًا فَهُوَ مَنْصُوْرٌ اَلْاَمْرُ اُنْصُرْ وَالنَّهْيُ لَا تَنْصُرْ اَلظَّرْفُ مَنْصَرٌ وَالْاٰلَةُ مِنْصَرٌ اِسْمُ التَّفْضِيْلِ اَنْصَرُ وَنُصْرٰى

فائدہ:۔ دیکھو اس صرف صغیر کی گردان میں
نَصَرَ ماضی معروف ہے۔ یَنْصُرُ مضارع
معروف ہے۔ نَصْرًا مصدر ہے۔ نَاصِرٌ اسم
فاعل ہے۔ اور نُصِرَ ماضی مجہول ہے۔ نَصْرًا
مصدر ہے۔ مَنْصُوْرٌ اسم مفعول ہے۔ اُنْصُرْ
صیغہ امر ہے۔ لَا تَنْصُرْ صیغہ نہی ہے مَنْصَرٌ
اسم ظرف ہے۔ مَنْصَرٌ اسم آلہ ہے۔ اَنْصَرُ
اسم تفضیل مذکر ہے۔ نُصْرٰی اسم تفضیل

		مونث ہے اور یاد رکھو مصدر معروف و مجہول لفظوں میں یکساں ہوتے ہیں۔ صرف معنوں میں فرق ہو جاتا ہے۔
	مصادر	اَلطَّلَبُ ۔ ڈھونڈنا ۔ اَلدُّخُوْلُ ۔ اندر آنا اَلْقَتْلُ ۔ مار ڈالنا ۔ اَلْفَتْلُ ۔ بٹنا
باب دوم بروزن فَعَلَ يَفْعِلُ ماضی میں عین کلمہ مفتوح اور مضارع میں مکسور جیسے ضَرَبَ ۔ يَضْرِبُ	صرف صغیر	ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْبًا فَهُوَ ضَارِبٌ وَ ضُرِبَ يُضْرَبُ ضَرْبًا فَهُوَ مَضْرُوْبٌ اَلْاَمْرُ اِضْرِبْ وَالنَّهْيُ لَا تَضْرِبْ اَلظَّرْفُ مَضْرِبٌ وَالْاٰلَةُ مِضْرَبٌ اسم التفضيل اَضْرَبُ وَضُرْبٰى
	مصادر	اَلْغَسْلُ ۔ دھونا ۔ اَلْغَلَبُ ۔ غلبہ کرنا اَلظُّلْمُ ۔ ستانا ۔ اَلْفَصْلُ ۔ جدا کرنا
باب سوم بروزن فَعِلَ يَفْعَلُ ماضی میں عین کلمہ مکسور اور مضارع میں عین کلمہ مفتوح جیسے سَمِعَ	صرف صغیر	سَمِعَ يَسْمَعُ سَمْعًا فَهُوَ سَامِعٌ وَسُمِعَ يُسْمَعُ سَمْعًا فَهُوَ مَسْمُوْعٌ اَلْاَمْرُ اِسْمَعْ وَالنَّهْيُ لَا تَسْمَعْ اَلظَّرْفُ مَسْمَعٌ وَالْاٰلَةُ مِسْمَعٌ اسم التفضيل اَسْمَعُ وَسُمْعٰى

	مصادر	اَلْعِلْمُ جاننا ۔ اَلْفَهْمُ سمجھنا اَلْحِفْظُ بچانا ۔ اَلْجَهْلُ نہ جاننا اَلشَّهَادَةُ گواہی دینا ۔ اَلْحَمْدُ تعریف کرنا
باب چہارم بروزن فَعَلَ يَفْعَلُ ماضی بھی عین کلمہ مفتوح اور مضارع میں بھی عین کلمہ مفتوح جیسے فَتَحَ يَفْتَحُ	صرف صغیر	فَتَحَ يَفْتَحُ فَتْحًا فَهُوَ فَاتِحٌ وَفُتِحَ يُفْتَحُ فَتْحًا فَهُوَ مَفْتُوحٌ اَلْاَمْرُ اِفْتَحْ وَالنَّهْيُ لَا تَفْتَحْ اَلظَّرْفُ مَفْتَحٌ وَ الْآلَةُ مِفْتَحٌ اِسْمُ التَّفْضِيلِ اَفْتَحُ وَفُتْحٰى ۔
	مصادر	اَلْمَنْعُ منع کرنا ۔ اَلصَّبْغُ رنگنا الرَّهْنُ گروی رکھنا ۔ اَلسَّلْخُ کھال اتارنا
باب پنجم بروزن فَعُلَ ۔ يَفْعُلُ ۔ ماضی میں بھی عین کلمہ مضموم اور مضارع میں بھی عین کلمہ مضموم جیسے کَرُمَ ۔ يَكْرُمُ	صرف صغیر	كَرُمَ يَكْرُمُ كَرَمًا وَكَرَامَةً فَهُوَ كَرِيمٌ وَكُرِمَ يُكْرَمُ كَرَمًا وَكَرَامَةً فَهُوَ مَكْرُومٌ اَلْاَمْرُ اُكْرُمْ وَالنَّهْيُ لَا تَكْرُمْ اَلظَّرْفُ مَكْرَمٌ وَالْآلَةُ مِكْرَمٌ اِسْمُ التَّفْضِيلِ اَكْرَمُ وَكُرْمٰى
	مصادر	اَللُّطْفُ وَاللَّطَافَةُ ۔ پاکیزہ ہونا اَلْقُرْبُ نزدیک ہونا ۔ اَلْبُعْدُ دور ہونا

		اَلْكَثْرَةُ - زیادہ ہونا
"شاذ" باب اوّل بروزن فَعِلَ یَفْعِلُ ماضی میں عین کلمہ مکسور اور مضارع میں بھی عین کلمہ مکسور جیسے حَسِبَ یَحْسِبُ		حَسِبَ - یَحْسِبُ حَسْبًا وَحِسَابًا - فَهُوَ حَاسِبٌ وَحُسِبَ يُحْسَبُ - حَسْبًا وَحِسَابًا فَهُوَ مَحْسُوبٌ - اَلْاَمْرُ اِحْسِبْ وَالنَّهْيُ لَا تَحْسِبْ اِسْمُ التَّفْضِيْلِ اَحْسَبُ وَحُسْبٰى -
	فصل ۸	اَلتَّنَعُّمُ وَالنِّعْمَةُ - عیش میں رہنا -

ثلاثی مزید

ثلاثی مزید کی دو قسمیں ہیں اوّل جسمیں ہمزہ وصل نہ ہو اور دوم جس میں ہمزہ وصل ہو ثلاثی مزید بے ہمزہ وصل کے پانچ باب اور ثلاثی مزید با ہمزہ وصل نو باب ہیں۔

شاید ہمزہ وصل کی اصطلاح تمہاری سمجھ میں نہ آئی ہوگی۔ اس لئے میں بتلانا چاہتا ہوں کہ ہمزہ وصل اس الف کو کہتے ہیں جو درج کلام میں ساقط ہو جائے یعنی "بحالتِ وصل کلام" تلفظ میں نہ آئے۔ جیسے فَانْتَظِرُوْا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ دیکھو اس آیت میں جو الف آیا ہے وہ وصل کلام کی حالت میں نہیں آیا۔ اسی الف کا نام "ہمزہ وصل" ہے اور جو الف کہ تلفظ میں آتا ہے۔ اس کو "ہمزہ قطعی" کہتے ہیں۔ جیسے وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ —

اس موقع پر اس بات کا ظاہر کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ثلاثی مجرد کے علاوہ باقی کل ابواب کی گردانوں میں اسم ظرف اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے یا یوں سمجھ

اسم مفعول ہی ظرف کے معنی دیتا ہے۔ اور یہ بھی یاد رکھو کہ ثلاثی مجرد کے علاوہ کل ابواب کی گردانوں میں اسم آلہ اور تفضیل نہیں آتے۔ اگر لانا چاہو تو صرف ایک طریقہ ہے۔ مثلاً ثلاثی مزید با ہمزۂ وصل کا پہلا باب اِفْتِعَالٌ، اِجْتِنَابٌ ہے۔ اجتناب کے معنی ہیں پرہیز کرنا۔ اب اگر اس بحث میں اسم آلہ کے معنی ادا کرنے منظور ہوں، تو لفظ مَا بِهٖ کو مصدر پڑھنا پڑے گا۔ جیسے مَا بِهِ الْاِجْتِنَابُ (پرہیز کرنے کا ذریعہ) اور اگر اسم تفضیل کے معنی ادا کرنے منظور ہوں تو اَشَدُّ یا اَکْبَرُ یا ان کی مثل کوئی اور لفظ مصدر پر بڑھانا پڑے گا۔ جیسے اَشَدُّ تَنْكِيلًا بہت ہی بڑا عذاب دینے والا۔

ثلاثی مزید بے ہمزۂ وصل کے ابواب

باب		
باب اوّل بروزن افعال جیسے اِکْرَامٌ۔ عزت کرنا	صرف صغیر	اَکْرَمَ يُكْرِمُ اِكْرَامًا فَهُوَ مُكْرِمٌ وَاُكْرِمَ يُكْرَمُ اِكْرَامًا فَهُوَ مُكْرَمٌ اَلْاَمْرُ اَكْرِمْ وَالنَّهْيُ لَا تُكْرِمْ۔
	مصادر	اَلْاِكْرَامُ عزت کرنا۔ اَلْاِسْلَامُ مسلمان ہونا تابع ہونا اَلْاِذْهَابُ لیجانا اَلْاِعْلَانُ ظاہر کرنا۔ اَلْاِكْمَالُ تمام کرنا۔
باب دوم بروزن تَفْعِيلٌ جیسے		صَرَّفَ يُصَرِّفُ تَصْرِيفًا فَهُوَ مُصَرِّفٌ وَصُرِّفَ يُصَرَّفُ تَصْرِيفًا فَهُوَ

مضمون		بیان
تَصَرَّفُ الْاَمْرُ تَصَرَّفْ وَالنَّهْيُ لَاتَصَرَّفْ۔	صرف صغیر	تصریف پھرنا۔ بدلنا
اَلتَّصْرِيْفُ پھرنا بدلنا۔ اَلتَّكْذِيْبُ کسی کو جھوٹا بتانا۔ اَلتَّدْرِيْسُ درس ہونا اور درس کرنا۔ اَلتَّعْظِيْمُ عزت کرنا۔ اَلتَّمْكِيْنُ جگہ دینا	مصادر	
تَقَبَّلَ يَتَقَبَّلُ تَقَبُّلاً فَهُوَ مُتَقَبِّلٌ وَتُقُبِّلَ يُتَقَبَّلُ تَقَبُّلاً فَهُوَ مُتَقَبَّلٌ الْاَمْرُ تَقَبَّلْ وَالنَّهْيُ لَاتَقَبَّلْ والظرف مُتَقَبَّلٌ۔	صرف صغیر	باب سوم بروزن تَفَعُّلٌ جیسے تَقَبُّلٌ قبول کرنا
اَلتَّقَبُّلُ قبول کرنا۔ اَلتَّفَكُّهُ میوہ کھانا۔ اَلتَّعَجُّلُ دوڑنا۔ جلدی کرنا۔ اَلتَّبَسُّمُ مسکرانا۔ اَلتَّلَبُّثُ دیر کرنا۔	مصادر	
تَقَابَلَ يَتَقَابَلُ تَقَابُلاً فَهُوَ مُتَقَابِلٌ وَتُقُوْبِلَ يُتَقَابَلُ تَقَابُلاً فَهُوَ مُتَقَابَلٌ الْاَمْرُ تَقَابَلْ	صرف صغیر	باب چہارم بروزن تَفَاعُلٌ جیسے تَقَابُلٌ باہم مقابلہ کرنا

		وَالنَّهْیُ لَا تَتَقَابَلْ وَ (لَا تَتَقَابَلْ)
	مصادر	اَلتَّقَابُلُ - باہم مقابلہ کرنا - اَلتَّعَارُفُ آپس میں پہچاننا - اَلتَّفَاخُرُ - آپس میں فخر کرنا - اَلتَّخَافُتُ - پوشیدہ بات کرنا
باب پنجم بروزن مُفَاعَلَةٌ جیسے مُقَاتَلَةٌ - آپس میں جنگ کرنا -	صرف صغیر	قَاتَلَ يُقَاتِلُ مُقَاتَلَةً فَهُوَ مُقَاتِلٌ وَقُوْتِلَ يُقَاتَلُ مُقَاتَلَةً وَقِتَالًا فَهُوَ مُقَاتَلٌ اَلْاَمْرُ قَاتِلْ وَالنَّهْیُ لَا تُقَاتِلْ -
	مصادر	اَلْمُقَاتَلَةُ - آپسمیں لڑنا - اَلْمُعَاقَبَةُ - آپس میں عذاب کرنا - اَلْمُخَادَعَةُ - دہوکہ دینا - اَلْمُلَازَمَةُ - باہم لازم کرنا اَلْمُبَارَكَةُ - برکت حاصل کرنا

ثلاثی مزید باہمزۂ وصل کے ابواب

باب اوّل		اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ اِجْتِنَابًا فَهُوَ

بروزن اِفتعال جیسے اِجتِنَابٌ - پرہیز کرنا	صرف صغیر	وَاجتَنَبَ یَجتَنِبُ اِجتِنَاباً فَهُوَ مُجتَنِبٌ الامرُ اِجتَنِبْ وَالنَّهی لاتَجتَنِبْ۔
	مصادر	اَلاِجتِنَاب پرہیز کرنا - اَلاِقتِبَاسُ فائدہ لینا - اَلاِعتِزَالُ - الگ ہونا - اَلاِلتِمَاسُ - ڈھونڈنا۔
باب دوم بروزن اِستِفعَالٌ جیسے اِستِنصَارٌ - مدد طلب کرنا۔	صرف صغیر	اِستَنصَرَ یَستَنصِرُ اِستِنصَاراً فَهُوَ مُستَنصِرٌ وَاُستُنصِرَ یُستَنصَرُ اِستِنصَاراً فَهُوَ مُستَنصَرٌ الامرُ اِستَنصِرْ وَالنَّهی لاتَستَنصِرْ
	مصادر	اَلاِستِنصَارُ - مدد طلب کرنا اَلاِستِغفَارُ - مغفرت چاہنا معافی چاہنا اَلاِستِفسَارُ - پوچھنا اَلاِستِمتَاعُ - فائدہ اٹھانا
باب سوم بروزن - اِنفِعَالٌ جیسے اِنفِطَارٌ پھٹ جانا	صرف صغیر	اِنفَطَرَ یَنفَطِرُ اِنفِطَاراً فَهُوَ مُنفَطِرٌ الامرُ اِنفَطِرْ وَالنَّهی لاتَنفَطِرْ۔

	مصادر	اَلْاِنْفِطَارُ - پھٹ جانا اَلْاِنْقِلَابُ - بدلنا اَلْاِنْشِعَابُ - پھیلنا اَلْاِنْصِرَافُ - پھرنا - لوٹنا اَلْاِنْخِفَافُ - ہلکا ہونا۔
باب چہارم بروزن - اِفْعِلَالٌ جیسے اِحْمِرَارٌ سرخ ہونا	صرف صغیر	اَحْمَرَّ يَحْمَرُّ اِحْمِرَارًا فَهُوَ مُحْمَرٌّ اَلْاَمْرُ اِحْمَرِرْ وَالنَّهْيُ لَا تَحْمَرِرْ
باب پنجم بروزن اِفْعِوَّالٌ جیسے اِجْلِوَّاذٌ - اونٹ کا دوڑنا	صرف صغیر	اِجْلَوَّذَ - يَجْلَوِّذُ اِجْلِوَّاذًا فَهُوَ مُجْلَوِّذٌ اَلْاَمْرُ اِجْلَوِّذْ وَالنَّهْيُ لَا تَجْلَوِّذْ۔
	مصادر	اَلْاِخْرِوَّاطُ - لکڑی کا چھپانا۔ اَلْاِجْلِوَّاذُ - اونٹ کا دوڑنا
باب ششم بروزن - اِفْعِيْعَالٌ جیسے اِخْشِيْشَانٌ - بہت سخت ہونا۔	صرف صغیر	اِخْشَوْشَنَ - يَخْشَوْشِنُ اِخْشِيْشَانًا فَهُوَ مُخْشَوْشِنٌ اَلْاَمْرُ اِخْشَوْشِنْ وَالنَّهْيُ لَا تَخْشَوْشِنْ۔

باب		امثلہ
	مصادر	اَلْاِخْرِیْرَاقُ - کپڑے پھٹنا اَلْاِخْتِیْلَاقُ - کپڑے کا پرانا ہو جانا اَلْاِمْلِیْلَاحُ - پانی کا کھاری ہو جانا اَلْاِخْشِیْشَانُ - بہت سخت ہونا
باب ہفتم بروزن - اِفْعِیْلَالٌ جیسے اِدْہِیْمَامٌ بہت سیاہ ہونا	صرف صغیر	اِدْہَامَّ - یَدْہَامُّ اِدْہِیْمَامًا فَہُوَ مُدْہَامٌّ اَلْاَمْرُ اِدْہَامِمْ وَالنَّہْیُ لَا تَدْہَامِمْ۔
	مصادر	اَلْاِسْحِیْرَارُ - ہمراز ہونا اَلْاِسْمِیْرَارُ - سانولا ہونا
باب ہشتم بروزن اِفَّعُلٌ جیسے اَطَّہُّرٌ پاک ہونا	صرف صغیر	اِثَّاقَلَ یَثَّاقَلُ اِثَّاقُلًا فَہُوَ مُثَّاقِلٌ اَلْاَمْرُ اِثَّاقَلْ وَالنَّہْیُ لَا تَثَّاقَلْ
	مصادر	اَلْاِدَّارُكُ - پہنچا پہنچانا اَلْاِسَّاقُطُ - درخت سے میوہ جھاڑنا اَلْاِشَّابُہُ - ہمشکل ہونا اَلْاِثَّاقُلُ - بوجھل ہونا
باب نہم بروزن اِتَّفَعُّلٌ جیسے اِطَّہَّرٌ پاک ہونا	صرف صغیر	اِطَّہَّرَ یَطَّہَّرُ اِطَّہُّرًا فَہُوَ مُطَّہِّرٌ اَلْاَمْرُ اِطَّہَّرْ وَالنَّہْیُ لَا تَطَّہَّرْ
	مصادر	اَلْاِطَّہُّرُ - پاک ہونا اَلْاِزَّمُّلُ - چادر اوڑھنا

		اَلْاِضَّرُّعُ - عاجزی کرنا اَلْاِذَّكُّرُ - نصیحت قبول کرنا

رُباعی مجرد

رُباعی مجرّد کا صرف ایک باب ہے وہ یہ ہے :-

بروزن فَعْلَلَةٌ جیسے بَعْثَرَةٌ - اکھاڑنا		بَعْثَرَ يُبَعْثِرُ بَعْثَرَةً فَهُوَ مُبَعْثِرٌ وَبُعْثِرَ يُبَعْثَرُ بَعْثَرَةً فَهُوَ مُبَعْثَرٌ اَلْاَمْرُ بَعْثِرْ وَالنَّهْيُ لَا تُبَعْثِرْ-
		اَلدَّحْرَجَةُ - بہت پھیرنا اَلْعَسْكَرَةُ - لشکر تیار کرنا اَلْقَنْطَرَةُ - پل باندھنا اَلْبَعْثَرَةُ - اکھاڑنا

رُباعی مزید

رُباعی مزید کی دو قسمیں ہیں- اوّل رُباعی مزید بے ہمزۂ وصل دوم رُباعی مزید با ہمزۂ وصل- پہلی قسم یعنی بے ہمزۂ وصل کا ایک باب اور دوسری قسم با ہمزۂ وصل کے دو باب ہیں اور یہ تینوں باب لازم ہیں-

رُباعی مزید بے ہمزہ وصل یہ ہے

باب اوّل بروزن تَفَعْلُلٌ جیسے تَدَحْرُجٌ بہت پھرنا	صرف صغیر	تَدَحْرَجَ يَتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجًا فَهُوَ مُتَدَحْرِجٌ اَلْاَمْرُ تَدَحْرَجْ وَالنَّهْيُ لَا تَتَدَحْرَجْ
	مصادر	اَلتَّسَرْبُلُ - کرتا پہننا اَلتَّبَرْقُعُ - برقع اوڑھنا - اَلتَّبَخْتُرُ - ناز سے چلنا - اَلتَّزَنْدُقُ - کافر ہونا

رُباعی مزید باہمزہ وصل

باب اوّل بروزن اِفْعِنْلَالٌ جیسے اِبْرِنْشَاقٌ - خوش ہونا	صرف صغیر	اِبْرَنْشَقَ - يَبْرَنْشِقُ اِبْرِنْشَاقًا فَهُوَ مُبْرَنْشِقٌ اَلْاَمْرُ اِبْرَنْشِقْ وَالنَّهْيُ لَا تَبْرَنْشِقْ۔
	مصادر	اَلْاِحْرِنْجَامُ - جمع ہونا - اَلْاِبْرِنْشَاقُ - خوش ہونا - اَلْاِبْلِنْدَاحُ - جگہ کا کشادہ ہونا اَلْاِسْلِنْقَاءُ - چت لیٹنا۔

باب		گردان
باب دوم بروزن اِفْعِلَّالٌ جیسے اِقْشِعْرَارٌ۔ کانپنا	صرف صغیر	اِقْشَعَرَّ يَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَارًا فَهُوَ مُقْشَعِرٌّ اَلْاَمْرُ اِقْشَعِرَّ اِقْشَعِرِّ اِقْشَعْرِرْ اَلنَّهْيُ لَا تَقْشَعِرَّ لَا تَقْشَعِرِّ لَا تَقْشَعْرِرْ۔
	مصادر	اَلْاِدْمِهْرَارُ۔ آنکھوں کا سُرخ ہونا اَلْاِشْمِخْرَارُ۔ بلند ہونا اَلْاِشْفِتْرَارُ۔ پراگندہ ہونا اَلْاِقْمِطْرَارُ۔ بہت ناخوش ہونا

اسباق النحو۔

"نحو" کے معنی ہیں "راستہ"۔ یہ ایک علم ہے جس میں کلمہ اور کلام کو صحیح طور پر استعمال کرنے کے قواعد کا بیان ہوتا ہے اور اس علم کا فائدہ یہ ہے کہ انسان تحریر و تقریر میں ہر ایک قسم کی خطائے ترکیبی سے محفوظ رہے۔ اور صحت کے ساتھ الفاظ بول سکے۔

کلام عرب میں لفظ کی دو قسمیں ہیں۔ مفرد[1] اور مرکب[2]۔

مفرد وہ اکیلا لفظ ہے جو اپنے معنی دے اس کو کلمہ بھی کہتے ہیں - اور کلمے کی تین قسمیں ہیں۔ اسم فعل۔ حرف۔

اسم وہ کلمہ ہے جو تنہا اپنے معنی بتائے اور ماضی و مستقبل و حال میں سے کوئی زمانہ اس میں نہ پایا جائے۔ جیسے رَجُلٌ۔ مرد۔ فَرَسٌ۔ گھوڑا

فعل :- وہ کلمہ ہے جو اکیلا اپنے معنی بتائے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے۔ جیسے ضَرَبَ (اس نے مارا) یَضْرِبُ (وہ مارتا ہے یا مارے گا)

حرف :- وہ کلمہ ہے جس کے معنی دوسرے کلمے کے ملائے بغیر نہ سمجھے جائیں جیسے مِنْ (سے) اِلٰی (تک) عَنْ (سے) فِیْ (میں)

اسم :- کی علامت یہ ہے کہ الف لام یا حرف جر اس کے شروع میں ہو جیسے اَلرَّجُلُ - بِزَیْدٍ یا تنوین اس کے آخر میں ہو جیسے زَیْدٌ یا مضاف ہو جیسے غُلَامُ زَیْدٍ یا مسند ہو۔ جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ یا موصوف ہو جیسے رَجُلٌ عَاقِلٌ یا تثنیہ ہو جیسے رَجُلَانِ یا جمع ہو جیسے رِجَالٌ یا منسوب ہو جیسے بَغْدَادِیٌّ یا مصغر ہو جیسے قُرَیْشٌ یا تائے تانیث متحرک آخر میں ہو جیسے مُسْلِمَۃٌ یا منادیٰ و مندوب ہو جیسے یَا اَللّٰہُ وَا مُصِیْبَتَاہُ اور فعل کی علامت یہ ہے کہ قَدْ اور سین اور سَوْفَ اس کے شروع میں ہو جیسے قَدْ ضَرَبَ - سَیَضْرِبُ - سَوْفَ یَضْرِبُ یا اس کے آخر میں جزم ہو جیسے لَمْ یَضْرِبْ یا مسند ہو جیسے قَامَ زَیْدٌ یا ضمیر مرفوع متصل اس سے ملے جیسے ضَرَبْتُ یا تائے تانیث اس کے آخر میں ہو جیسے ضَرَبَتْ یا حرف ناصب اس کے ساتھ ہو جیسے لَنْ یَّضْرِبَ یا حرف جازم اس کے ساتھ ہو جیسے لَمْ یَضْرِبْ یا امر و نہی ہو جیسے اِضْرِبْ وَلَا تَضْرِبْ۔

اور حرف کی علامت یہ ہے کہ اسم و فعل کی کوئی علامت اس میں نہ ہو یعنی وہ سب علامات سے خالی ہو اور وہ دو اسموں یا ایک اسم اور فعل میں ربط کا کام دے۔ جیسے زَیْدٌ فِی الدَّارِ - نَظَرُ اِلٰی جَامِعِ مَسْجِدٍ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ -

اسم معرفہ و نکرہ

تعریف و تنکیر کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں۔ ایک معرفہ دوسرا نکرہ
معرفہ وہ اسم ہے جو ایک معین چیز کے واسطے بنایا گیا ہو یعنی جو معین چیز پر دلالت
کرے جیسے زَیْدٌ اور نکرہ وہ اسم ہے جو غیر معین چیز کے واسطے بنایا گیا ہو۔
جیسے رَجُلٌ۔

اسم معرفہ کی سات قسمیں ہیں

(۱) مضمرات (۲) اعلام (۳) اسماء الاشارہ (۴) اسمائے موصولہ (۵)
معرفہ بہ ندا (۶) معرفہ بالف لام (اس کو معرف باللام بھی کہتے ہیں) (۷) مضاف
(اب ان کی تشریح سنو)

مضمرات: یعنی ضمیریں وہ اسم جو متکلم یا حاضر یا غائب کریں۔ جیسے
اَنَا (میں) اَنْتَ (تو) ھُوَ (وہ)

مضمرات یعنی ضمیروں کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) مرفوع متصل (۲) مرفوع
منفصل (۳) منصوب متصل (۴) منصوب منفصل اور (۵) مجرور متصل۔

اور ہر ایک ان میں سے پندرہ پندرہ ہیں گویا پچھتر ضمیریں ہیں۔

مرفوع متصل کی گردان یہ ہے:۔

ضَرَبَ ضَرَبَا ضَرَبُوْا ضَرَبَتْ ضَرَبَتَا ضَرَبْنَ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُمَا
ضَرَبْتُمْ ضَرَبْتِ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُنَّ ضَرَبْتُ۔ ضَرَبْنَا

مرفوع منفصل کی گردان یہ ہے:۔

ھُوَ ھُمَا ھُمْ ھِیَ ھُمَا ھُنَّ اَنْتَ اَنْتُمَا اَنْتِ اَنْتُمَا اَنْتُنَّ اَنَا نَحْنُ

منصوب متصل کی گردان یہ ہے :-

ضَرَبَهٗ ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُمْ ضَرَبَهَا ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُنَّ
ضَرَبَكَ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُمْ ضَرَبَكِ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُنَّ
ضَرَبَنِیْ ضَرَبَنَا۔

منصوب منفصل کی گردان یہ ہے :-

اِيَّاهُ اِيَّاهُمَا اِيَّاهُمْ اِيَّاهَا اِيَّاهُمَا اِيَّاهُنَّ اِيَّاكَ اِيَّاكُمَا اِيَّاكُمْ
اِيَّاكِ اِيَّاكُمَا اِيَّاكُنَّ اِيَّایَ اِيَّانَا۔

مجرور متصل کی گردان یہ ہے :-

لَهٗ لَهُمَا لَهُمْ لَهَا لَهُمَا لَهُنَّ لَكَ لَكُمَا لَكُمْ لَكِ لَكُمَا لَكُنَّ
لِیْ لَنَا۔

اسم معرفہ کی دوسری قسم اعلام۔ وہ اسم ہے جو کسی شخص یا چیز کا نام ہو جیسے زَیْدٌ خَالِدٌ فُرَاتٌ (یاد رکھو اس میں کنیت اور لقب اور خطاب بھی شامل ہیں۔ جیسے اَبُوْبَكْرٍ۔ كَلِيْمُ اللّٰهِ ۔ تَاجُ الشَّرِيْعَةِ ۔

(۳) اسمائے اشارہ :- وہ اسم ہیں جن سے کسی چیز کی طرف اشارہ کریں۔ مذکر کے لئے ذَا۔ ذَانِ۔ اُولٰٓئِ اور مؤنث کے لئے ذِہٖ۔ تَانِ۔ اولی۔

ان اسماء کے پہلے اکثر لفظ ھَا داخل ہوتا ہے اور اس سے مخاطب کو تنبیہ کرنی مقصود ہوتی ہے پس صحیح طور پر یوں پڑھو۔

مذکر کے لئے ھٰذَا۔ ھٰذَانِ ھٰٓؤُلَآءِ

مؤنث کے لئے۔ ھٰذِہٖ ھَاتَانِ ھٰٓؤُلَآءِ

اسم اشارہ بعید کے صیغے یہ ہیں

مذکر۔ ذٰلِكَ ذَانِكَ۔ اُولٰٓئِكَ ۔

مؤنث :- تِلْکَ - تَانِکَ - اُولٰئِکَ

(۴) **اسمائے موصولہ** :- وہ اسم جو صلہ کے بغیر جملہ کا جزء تام نہ ہوسکیں

مذکر کے لئے :- اَلَّذِیْ اَلَّذَانِ اَلَّذِیْنَ

مؤنث کے لئے :- اَلَّتِیْ اَللَّتَانِ اَللَّوَاتِیْ -

یاد رکھو مَنْ اور مَا بھی اسم موصول ہیں مَنْ اکثر ذوی العقول کے لئے اور مَا اکثر غیر ذوی العقول کے لئے مستعمل ہوتا ہے۔

(۵) **معرفہ بہ ندا** :- جیسے یَا زَیْدُ - یَا خَالِدُ یَا زَاہِدُ

(۶) **معرفہ بالف لام** وہ اسم ہے جس کے پہلے الف لام آئے (اس کو معرف باللام بھی کہتے ہیں) جیسے اَلرَّجُلُ - اَلْحَبِیْبُ -

یاد رکھو "اَل" حرف تعریف ہے جب یہ اسم نکرہ کے شروع میں آتا ہے تو اس کو معرفہ بنا دیتا ہے۔ جیسے رَجُلٌ ہر شخص کو کہہ سکتے ہیں لیکن اَلرَّجُلُ خاص وہ شخص ہے جو متکلم یا مخاطب کو معلوم ہو۔

(۷) **مضاف** :- وہ اسم جو ان مذکورۂ بالا اسموں میں سے کسی کی طرف مضاف ہو۔ جیسے کِتَابُ زَیْدٍ (زید کی کتاب) غُلَامُ زَیْدٍ) زید کا غلام۔

مذکر و مؤنث

اسم کی باعتبار تذکیر و تانیث کے دو قسمیں ہیں۔ مذکر و مؤنث

مذکر - وہ ہے جس میں علامت تانیث نہ ہو رَجُلٌ اور

مؤنث :- وہ ہے جس میں علامت تانیث ہو جیسے اِمْرَاَۃٌ تانیث کی چار علامتیں ہیں۔ الف مقصورہ و ممدودہ جیسے حُبْلٰی وَ حَمْرَاءُ اور تاء موجودہ و تاء مقدرہ جیسے طَلْحَۃُ و اَرْضٌ کہ اصل میں اَرْضَۃٌ تھا۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں حقیقی و لفظی۔ حقیقی وہ ہے کہ اس کے مقابل میں مذکر حیوان ہو جیسے اِمْرَاَۃٌ وَرَجُلٌ۔ نَاقَۃٌ جَمَلٌ اور
لفظی وہ ہے کہ اس کے مقابل میں مذکر حیوان نہ ہو جیسے ظُلْمَۃٌ وَقُوَّۃٌ۔
اور جس مؤنث لفظی میں علامت تانیث نہ ہو اسے "مؤنث سماعی" کہتے ہیں جیسے شَمْسٌ (شمس کے معنی ہیں سورج) عربی میں سورج کو مؤنث تسلیم کیا گیا ہے۔

واحد۔ تثنیہ۔ جمع

اسم کی باعتبار تعداد کے تین قسمیں ہیں۔ واحد۔ تثنیہ۔ جمع
واحد:۔ واحد وہ ہے جو ایک پر دلالت کرے۔ جیسے رَجُلٌ اِمْرَأَۃٌ
تثنیہ:۔ وہ ہے جو دو پر دلالت کرے۔ جیسے رَجُلَانِ۔ اِمْرَأَتَانِ۔
یاد رکھو تثنیہ کا صیغہ واحد کے آخر میں الف، نون بڑھانے سے بن جاتا ہے۔ اور نون مکسور ہوتا ہے یعنی نون کے ساتھ زیر ہوتا ہے۔ یہ تثنیہ کی خاص علامت ہے لیکن بعض حالتوں میں ایسا بھی ہوتا ہے کہ الف کی جگہ ی آجاتی ہے۔ جیسے رَجُلَیْنِ۔
جمع:۔ وہ ہے جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے۔ جمع کی دو قسمیں ہیں۔ جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے کہ اس میں لفظ واحد سلامت رہے۔ اس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مذکر کے لیے واؤ۔ نون بڑھاتے ہیں۔ اور مؤنث کے الف ت جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ اور مُسْلِمَۃٌ سے مُسْلِمَاتٌ (جب صیغہ واحد مؤنث کو جمع بناتے ہیں اور اگر اس کے آخر میں ۃ تانیث کی ہوتی ہے تو وہ گر جاتی ہے۔ جیسے مُسْلِمَۃٌ سے مُسْلِمَاتٌ)
جمع مکسر وہ ہے جس میں لفظ واحد سلامت نہ رہے جیسے رِجَالٌ

وَمَسَاجِدُ۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں جمع قلت اور جمع کثرت۔ پہلی قسم یعنی جمع قلت کے چار وزن ہیں۔ اَفْعُلٌ۔ اَفْعَالٌ۔ اَفْعِلَةٌ۔ فِعْلَةٌ

اَفْعُلٌ کے وزن پر بعض جمع کے صیغے:۔ فَلْسٌ پیسہ) اَفْلُسٌ۔ پیسے۔ کَلْبٌ۔ کتا۔ اَکْلُبٌ۔ کتے۔

اَفْعَالٌ کے وزن پر بعض جمع کے صیغے:۔ قَوْلٌ۔ بات۔ اَقْوَالٌ باتیں۔ عِنَبٌ۔ انگور۔ اَعْنَابٌ۔ بہت سے انگور۔

اَفْعِلَةٌ کے وزن پر بعض جمع کے صیغے:۔ رَغِيْفٌ۔ روٹی۔ اَرْغِفَةٌ روٹیاں۔ طَعَامٌ۔ کھانا۔ اَطْعِمَةٌ۔ کھانے۔

فِعْلَةٌ کے وزن پر بعض جمع کے صیغے:۔ غُلَامٌ۔ خادم۔ غِلْمَةٌ۔ بہت سے غلام۔ فَتًى۔ جوان۔ فِتْيَةٌ۔ بہت سے جوان۔

جمع قلت کے بس یہ چار ہی وزن ہیں (اور جمع کثرت کے اوزان بے شمار ہیں اور زیادہ تر سماع پر منحصر ہیں۔

فعل کی قسمیں

معروف و مجہول

فعل کی باعتبار فاعل کے دو قسمیں ہیں۔ معروف و مجہول۔

فعل معروف۔ وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم ہو اور اس کی نسبت اپنے فاعل کی طرف ہو۔ جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ۔ زید نے مارا۔ خَلَقَ اللّٰهُ

اللہ نے پیدا کیا۔

اور **فعل مجہول**:۔ وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو اور اس کی نسبت مفعول کی طرف ہو جیسے ضُرِبَ عَمْرٌو۔ عمرو مارا گیا۔ فُتِحَ الْبَابُ دروازہ کھولا گیا۔

لازم و متعدی

فعل کی باعتبار مفعول کے دو قسمیں ہیں۔ لازم و متعدی فعل لازم وہ فعل ہے جو فقط فاعل پر پورا ہو جائے یعنی صرف فاعل کے ملنے سے پوری بات ظاہر کرے جیسے جَلَسَ زَیْدٌ۔ زید بیٹھا۔ ذَھَبَ زَیْدٌ۔ زید گیا۔ اور فعل متعدی۔ وہ فعل ہے جو فاعل اور مفعول دونوں پر پورا ہو یعنی جس کو فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا۔ زید نے عمرو کو مارا۔

حرف

حرف کی کئی قسمیں ہیں، وہ یہ ہیں :۔

حروف تنبیہہ:۔ تین ہیں۔ اَلَا۔ اَمَا۔ ھَا۔ جیسے

اَلَا اِنَّھُمْ ھُمُ الْمُفْسِدُوْنَ۔ خبردار تحقیق وہ مفسد ہیں۔

ھَا زَیْدٌ قَائِمٌ۔ دیکھو زید کھڑا ہے۔

اَمَا لَا تَفْعَلْ ذٰلِکَ۔ خبردار یہ کام نہ کرو۔

حروف ایجاب:۔ چھ ہیں۔ نَعَمْ[۱]۔ بَلٰی[۲]۔ اَجَلْ[۳]۔ جَیْرِ[۴]۔ اِنَّ[۵]۔ اِیْ[۶]۔ ان میں سے تین حرف (نَعَمْ۔ بَلٰی۔ اِیْ) بہت استعمال ہیں

آتے ہیں۔ جیسے هَلْ اَنْتَ حِجَازِیٌّ۔ کیا تم حجازی ہو۔ جواب میں کہا جائیگا
نَعَمْ۔ جی ہاں۔ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ۔ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ بلی
ہاں۔ تو ہمارا رب ہے۔

اِیْ کا استعمال قسم کے ساتھ ہوتا ہے۔ جیسے اِیْ وَاللّٰہِ۔ ہاں خدا
کی قسم۔

حروفِ تفسیر دو ہیں۔ اَیْ۔ اَنْ۔ جیسے :-

هُوَ مُؤْمِنٌ اَیْ صَاحِبُ الْاِیْمَانِ۔ وہ مومن ہے یعنی صاحب
ایمان ہے۔

نَادَیْنٰهُ اَنْ یَّا اِبْرَاهِیْمُ - ہم نے اسے پکارا کہ اے ابراہیم

حروفِ مصدریہ۔ تین ہیں مَا۔ اَنْ۔ اَنَّ یاد رکھو مَا اور اَنْ فعل
پر آتے ہیں تاکہ وہ مصدر کے معنی میں ہو جائے جیسے اُرِیْدُ اَنْ اَقُوْمَ۔

حروفِ تحضیض و توبیخ :- تین ہیں۔ هَلَّا۔ لَوْلَا۔ لَوْمَا۔ جب یہ ماضی
پر آتے ہیں تو توبیخ کا فائدہ دیتے ہیں جیسے۔

هَلَّا اَكْرَمْتَ زَیْدًا وَقَدْ كَانَ ضَیْفَكَ۔ تو نے زید کی تعظیم کیوں نہیں کی حالانکہ وہ تیرا مہمان تھا۔

اور جب مستقبل پر آتے ہیں تو ترغیب کا فائدہ دیتے ہیں۔ جیسے

هَلَّا تَقْرَءُ فَتَكُوْنَ عَالِمًا - تو کیوں نہیں پڑھتا کہ عالم ہو جائے

حروفِ توقع :- ایک ہے قَدْ یہ ماضی کے پہلے تحقیق کے معنی دیتا ہے
اور مضارع کے پہلے تقلیل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ - تحقیق نماز کھڑی ہو گئی

اور اَلْجَوَادُ قَدْ یَبْخَلُ۔ سخی کبھی کنجوسی کرتا ہے۔

حروفِ استفہام :- تین ہیں - مَا - ھَلْ - ھمزہ جیسے
مَا ھٰذَا - یہ کیا ہے - ھَلْ عِنْدَكَ كِتَابٌ - کیا تیرے پاس کتاب ہے -
أَ ھٰذَا خَادِمُكُمْ - کیا یہ تمہارا نوکر ہے ؟

حروفِ ردع - كَلَّا - بمعنی ہرگز نہیں جیسے
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ - ہرگز نہیں یوں جلدی جانو گے

حروفِ زیادت :- آٹھ ہیں - اِنْ - اَنْ - اِنَّ - مَا - لَا - مِنْ - ب - باء - لام -

حروفِ عطف :- دس ہیں - و - ف - ثُمَّ - حَتّٰی - اَوْ - اِمَّا
اَمْ - لَا - بَلْ - وَ لٰكِنْ -

حروفِ شرط - چار ہیں - اِنْ - لَوْ - لَا - اَمَّا - لَوْ -

حروفِ تاکید - نون - تاکید صرف مضارع کے ساتھ خاص ہے - اور لام مفتوح فعل اور اسم دونوں پر آتا ہے جیسے لَوْ كَانَ فِيْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا اگر آسمان اور زمین میں اللہ کے سوا کوئی خدا ہوتے تو یہ دونوں ضرور تباہ ہو جاتے - اِنَّ زَيْدًا لَقَائِمٌ - تحقیق زید کھڑا ہے -

الف - لام تعریف :- نکرہ پر معرفہ بنانے کو اور معرفہ پر زائد آتا ہے اور اسم سے تنوین کو دُور کر دیتا ہے - اَلرَّجُلُ - اَلزَّيْدُ -

یاد رکھو جب الف لام تعریف حرف شمسی کے ساتھ ملتا ہے تو دونوں کا ادغام ہو جاتا ہے - جیسے اَلصَّادِقُ اور حروف قمری کے ساتھ علیحدہ پڑھا جاتا ہے - جیسے اَلْجَاهِلُ -

حروفِ شمسی بھی چودہ ہیں اَلتَّاءُ وَالثَّاءُ - اَلدَّال - وَالذَّال
اَلرَّاء - وَالزَّاء - اَلسِّيْن - وَالشِّيْن - اَلصَّاد - وَالضَّاد

اَلطَّاءِ ۔ وَالظَّاءِ ۔ اللّام ۔ والنون اور

حروف قمری کل چودہ ہیں ۔ اَلْاَلِفْ ۔ وَالبَاء ۔ والجیم ۔ والحاٗ والخاء ۔ والعَین ۔ والغین ۔ والفاء ۔ والقاف ۔ والکاف اَلمیم ۔ وَالواؤ ۔ والھمزۃ ۔ والیاء ۔

حروف کی جتنی قسمیں اب تک بیان کی گئی ہیں ۔ ان کے علاوہ سات قسمیں حروف عاملہ کی ہیں ۔ اوّل حروف جر دوم حروف مشبہ بفعل سوم ۔ مَا ولا مشابہ بہ لیس چہارم لاءِ نفی جنس پنجم حروف ندا ششم حروف ناصبہ ہفتم حروف جازمہ ۔

ان کا بیان حروف عاملہ کے سبق میں کیا جائے گا ۔ پہلے لفظ کی تعریف و تقسیم کے بیان کو مکمل چاہتا ہوں ۔ شروع میں میں نے لکھا ہے کہ لفظ با معنی کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک مفرد ۔ دوسری مرکب ۔ مفرد کا بیان ہو چکا ہے اب مرکب کی تعریف و تقسیم لکھتا ہوں ۔

مرکب

مرکب وہ لفظ ہے جو دو یا زیادہ کلموں سے مل کر بنے اس کی دو قسمیں ہیں مفید اور غیر مفید ۔

مرکب مفید ۔ وہ ہے کہ جب بولنے والا بات کرکے خاموش ہو جائے ۔ تو سننے والے کو کسی واقعہ کی خبر معلوم ہو یا کسی چیز کی خواہش معلوم ہو جیسے جَاءَ زَیْدٌ زید آیا ۔ ھَاتِ الطَّعَامَ ۔ کھانا لاؤ ۔ اس کو یعنی مرکب مفید کو جملہ اور کلام کہتے ہیں ۔

مرکب غیر مفید :۔ وہ ہے کہ اس کے سننے سے سننے والے کو کوئی خبر

یا کوئی خواہش معلوم نہ ہو بلکہ کسی اور بات کے سننے کا انتظار رہے۔ جیسے غُلَامُ زَیْدٍ۔ زید کا غلام۔ اس کو مرکب ناقص بھی کہتے ہیں۔

مرکب غیر مفید کی قسمیں

مرکب:۔ غیر مفید کی کئی قسمیں ہیں:۔ مرکب اضافی، مرکب توصیفی۔ مرکب بنائی۔

مرکب اضافی:۔ اس کو کہتے ہیں جسمیں پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ ہو جیسے غُلَامُ زَیْدٍ۔ اس جملہ میں غلام مضاف اور زید مضاف الیہ ہو۔

یاد رکھو مضاف ہمیشہ الف لام سے خالی ہوتا ہے اور اس کے آخر میں کبھی تنوین نہیں آتی اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔ ذیل کے چند جملوں پر غور کرو۔

اَحْمَدُ ابْنُ سُلْطَانٍ	احمد بادشاہ کا بیٹا ہے
اَنْتَ طَالِبُ عِلْمٍ	تو طالب علم ہے۔
هُوَ صَاحِبُ مَالٍ	وہ مالدار ہے۔
اَنَا اٰتٍ مِنْ بَيْتِ زَاهِدٍ	میں زاہد کے گھر سے آتا ہوں

مرکب توصیفی:۔ اس کو کہتے ہیں جس میں پہلا اسم موصوف اور دوسرا اسم صفت ہو جیسے رَجُلٌ فَاضِلٌ۔ شخص فاضل ہے۔ اَلْفِيْلُ حَيَوَانٌ كَبِيْرٌ۔ ہاتھی بڑا جانور ہے۔

یاد رکھو عربی میں موصوف مقدم اور صفت مؤخر ہوتی ہے اور موصوف اور صفت کے درمیان اعراب میں مطابقت کا ہونا ضروری ہے۔

مرکب بنائی اس کو کہتے ہیں جس میں دو اسموں کو ایک کر لیا ہو۔ جیسے
أَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ تک کہ اصل میں أَحَدٌ وَعَشَرٌ اور تِسْعَةٌ وَ
عَشَرٌ تھا۔ واؤ کو حذف کر کے دونوں کو ایک کر لیا۔ اس میں دونوں جز فتح پر مبنی
ہوتے ہیں مگر اِثْنَا عَشَرَ کا پہلا جزو معرب ہے۔

مرکب مفید یا جملہ و کلام

جملہ میں کم سے کم دو جزو ہوتے ہیں۔ مسند اور مسند الیہ۔ مسند حکم کو کہتے ہیں
اور مسند الیہ وہ ہے جس پر حکم کیا جائے۔ بالفاظ دیگر یہ کہ جو کلام کسی کی نسبت کیا
جاتا ہے اس کو مسند کہتے ہیں اور جس شخص کی طرف نسبت کیا جاتا ہے اس کو مسند
الیہ کہتے ہیں۔ یہ کلمے یا دونوں اسم ہوں گے یا ایک کلمہ اسم ہوگا اور ایک فعل مثلاً
زَيْدٌ كَاتِبٌ۔ زید کاتب ہے۔ یہ ایک جملہ ہے اور اس کے دونوں جز اسم ہیں
اس میں پہلا جملہ مسند الیہ ہے اور دوسرا مسند اس کو جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔
اور قَامَ زَيْدٌ۔ زید کھڑا ہے۔ یہ ایک جملہ ہے۔ اس کا پہلا جزو فعل ہے
اور دوسرا اسم ہے فعل مسند اور اسم مسند الیہ کہلاتا ہے۔ اس کو جملہ فعلیہ کہتے
ہیں۔

یاد رکھو مسند الیہ ہمیشہ اسم ہوتا ہے۔ اور مسند کبھی فعل اور حرف نہ مسند ہوتا
ہے نہ مسند الیہ۔

غالباً یہ بات تمہاری سمجھ میں آگئی ہوگی کہ جملہ کی باعتبار لفظ کے دو قسمیں ہیں۔
اسمیہ اور فعلیہ۔ ان دونوں قسموں کو پھر سمجھ لو۔
دیکھو جملہ اسمیہ اس جملے کو کہتے ہیں جس کا پہلا جزو اسم ہو جیسے زَيْدٌ

مثالہ۔ زید عالم ہے۔ اس میں مسند الیہ کو مبتدا اور مسند کو خبر کہتے ہیں۔ یاد رکھو مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں۔

اور جملہ فعلیہ اس جملہ کو کہتے ہیں جس کا پہلا جزو فعل ہو جیسے قَامَ زَیْدٌ اس میں قَامَ مسند ہے اور اس کو فعل کہتے ہیں اور زَیْدٌ مسند الیہ ہے۔ اور اس کو فاعل کہتے ہیں۔

بعض علمائے نحو نے لکھا ہے کہ جملہ کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) جملہ اسمیہ (۲) جملہ فعلیہ

(۳) جملہ ظرفیہ (۴) جملہ شرطیہ

ان میں سے اسمیہ اور فعلیہ کا بیان ہو چکا ہے۔ اور ظرفیہ اور شرطیہ تشریح طلب ہیں

جملہ ظرفیہ اس کو کہتے ہیں جس کا پہلا جزو ظرف ہو اور دوسرا جزو مظروف جیسے عِنْدِی مَالٌ میرے پاس مال ہے۔

اور جملہ شرطیہ وہ ہے جس کے پہلے شرط ہو اور دو جملوں سے مرکب ہو جملہ اوّل کو شرط اور جملہ ثانی کو جزا کہتے ہیں جیسے اِنْ تَذْهَبْ اَذْهَبْ اگر تم جاؤ گے تو میں بھی جاؤں گا۔

جملہ خبریہ و انشائیہ معنیٰ اور مفہوم کے اعتبار سے جملہ کی دو قسمیں ہیں خبریہ و انشائیہ۔

خبریہ وہ ہے کہ اس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکیں جیسے جَاءَ اَحْمَدُ احمد آیا۔ ذَهَبَ بَكْرٌ بکر گیا۔

اور جملہ انشائیہ: وہ ہے کہ اس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں۔ جیسے اِضْرِبْ مار۔

یاد رکھو جس جملے میں کسی قسم کی خبر پائی جائے وہ جملہ خبریہ ہے اور جس میں

کسی طرح کی خواہش پائی جائے وہ جملۂ انشائیہ ہے۔

جملۂ انشائیہ میں امر نہی یا استفہام یا تمنی یا ترجی یا عقود یا ندا یا عرض یا قسم یا تعجب ان دس حالتوں میں سے کسی حالت کا ہونا ضروری ہے ورنہ جملہ انشائیہ نہیں بن سکے گا۔ مثلاً امر و نہی کی حالت یہ ہے اِضْرِبْ وَلَا تَضْرِبْ مار اور نہ مار۔

استفہام:۔ جیسے ھَلْ تَقْدِرُ اَنْ تَتَکَلَّمَ بِالْعَرَبِیِّ۔ کیا تم عربی میں بات چیت کر سکتے ہو؟

تمنی:۔ جیسے یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَابًا۔ کاش کہ میں مٹی ہوتا

ترجی:۔ جیسے لَعَلَّ الشَّبَابَ یَعُوْدُ شاید کہ جوانی واپس آئے

تعجب:۔ جیسے قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَا اَکْفَرَہٗ۔ انسان ہلاک ہو بڑا ہی ناشکرا ہے۔

عرض:۔ یعنی درخواست جیسے اَلْتَمِسُ مِنْکُمْ اَنْ تَعْفُوْا عَنِّیْ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے معاف کیجئے۔

عقود:۔ (عقد کی جمع ہے یعنی عہد و پیمان) جیسے بِعْتُ۔ میں نے فروخت کیا۔ اِشْتَرَیْتُ۔ میں نے خریدا۔

ندا:۔ جیسے یَا اَللّٰہُ۔ اے اللہ۔ یَا غَفُوْرُ۔ اے غفور

قسم:۔ جیسے یَا اللّٰہِ یَا اَخِیْ هٰذَا شَیْءٌ جَمِیْلٌ۔ بھائی خدا کی قسم یہ چیز خوبصورت ہے۔

فاعل اور فعل کا بیان

فاعل وہ اسم ہے کہ اس سے پہلے فعل ہو جو اس کی طرف نسبت قیام رکھتا ہو

جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ زید نے مارا۔ فاعل کی دو قسمیں ہیں ایک اسم ظاہر اور دوسری اسم ضمیر جب فاعل اسم ظاہر تو فعل ہمیشہ واحد ہوگا اور تذکیر و تانیث میں دونوں مطابق ہوں گے جیسے :-

ذَهَبَ رَجُلٌ - ایک مرد گیا	ذَهَبَ رَجُلَانِ - دو مرد گئے
ذَهَبَ رِجَالٌ - سب مرد گئے	ذَهَبَتْ اِمْرَأَةٌ - ایک عورت گئی
ذَهَبَتْ اِمْرَأَتَانِ - دو عورتیں گئیں	ذَهَبَتْ نِسَاءٌ - سب عورتیں گئیں

دیکھو ان سب جملوں میں فعل واحد ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جب فاعل فعل کے بعد آتا ہے تو فاعل خواہ واحد ہو یا تثنیہ یا جمع فعل ہمیشہ واحد ہوگا۔ اور جب فاعل اسم ضمیر ہو یا جب فاعل فعل سے مقدم ہو تو اس حالت میں فعل وحدت تثنیہ جمعیت اور تذکیر و تانیث میں فاعل کے مطابق ہوگا۔ جیسے

اَلرَّجُلُ قَعَدَ - ایک مرد بیٹھا	اَلرَّجُلَانِ قَعَدَا - دو مرد بیٹھے
اَلرِّجَالُ قَعَدُوْا - سب مرد بیٹھے	اَلْمَرْأَةُ قَعَدَتْ - ایک عورت بیٹھی
اَلْمَرْأَتَانِ قَعَدَتَا - دو عورتیں بیٹھیں	اَلنِّسَاءُ قَعَدْنَ - سب عورتیں بیٹھیں

اور جیسے

هُوَ صَادِقٌ - وہ سچا ہے	هُمَا صَادِقَانِ - وہ دو مرد سچے ہیں
هُمْ صَادِقُوْنَ - وہ سب مرد سچے ہیں	هِيَ صَادِقَةٌ - وہ سچی ہے
هُمَا صَادِقَتَانِ - وہ دو عورتیں سچی ہیں	هُنَّ صَادِقَاتٌ - وہ سب عورتیں سچی ہیں

یاد رکھو جب فاعل مؤنث حقیقی ہو یا ضمیر مؤنث ہو تو علامت تانیث فعل میں لانا لازم ہے جیسے قَامَتْ هِنْدٌ۔ هِنْدٌ قَامَتْ اور مؤنث غیر حقیقی میں فعل کو مذکر و مؤنث لانا دونوں طرح جائز ہے۔

جیسے :-

اور طَلَعَتِ الشَّمْسُ ولیکن بعض نحویوں نے لکھا ہے کہ فاعل مؤنث غیر حقیقی میں فعل کی دو صورتیں ہیں۔ اگر فعل فاعل سے پہلے ہو تو فعل کی تذکیر و تانیث اختیاری ہے اور اگر فعل فاعل سے پیچھے ہو تو فعل کا مؤنث لانا واجب ہے جیسے الشَّمْسُ طَلَعَتْ اور جب فاعل جمع مکسر ہو خواہ ذوی العقول سے ہو خواہ غیر ذوی العقول سے تو فعل کو مذکر و مؤنث دونوں طرح لانا جائز ہے جیسے قَالَ الرِّجَالُ وَقَالَتِ الرِّجَالُ

فاعل کا ایک قائم مقام یعنی نائب

جب کسی فعل کا فاعل معلوم نہ ہو تو اس کے مفعول کو مفعول مَا لَمْ یُسَمَّ فَاعِلُهٗ کہتے ہیں۔ باعتبار احکام کے یہ فاعل کا قائم مقام ہوتا ہے اور اس کو نائب فاعل قرار دیا گیا ہے مطلب یہ ہے کہ فعل مجہول میں مفعول فاعل کا قائم ہوتا ہے اور تذکیر و تانیث اور وحدت و جمعیت میں اس کا حال مثل فاعل کے ہوتا ہے۔

مندرجہ ذیل جملوں پر غور کرو۔

قُتِلَ الرِّجَالُ ۔ مرد قتل کیا گیا	قُتِلَتِ الْاِمْرَأَۃُ ۔ عورت قتل کی گئی
جُرِحَ الْجَمَلُ ۔ اونٹ زخمی کیا گیا	جُرِحَتِ النَّاقَۃُ ۔ اونٹنی زخمی کی گئی

متعلقات فعل

جملہ فعلیہ میں علاوہ فعل کے سات چیزیں اور آتی ہیں جن کو متعلقات کہتے ہیں پانچ مفعول، مفعول بہٖ، مفعول مطلق، مفعول فیہ، مفعول لہٗ، مفعول معہٗ اور حال اور تمیز۔

مفعول بہ - وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا - زید نے عمرو کو مارا - ضَرَبْتُ زَیْدًا - میں نے زید کو مارا -

مفعول مطلق - وہ مصدر ہے جو فعل کے بعد آئے یعنی فعل کے بعد مذکور ہو اور اسی کے فعل کے ہم معنی ہو جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبًا میں نے مار ماری

مفعول فیہ - وہ زمان یا مکان جس میں فعل واقع ہو - اس کو ظرف بھی کہتے ہیں اور اس کی دو قسمیں ہیں - ظرف زمان - اور ظرف مکان -

ظرف زمان جس میں وقت کے معنی ہوں جیسے جَلَسْتُ عِنْدَكَ میں تیرے پاس بیٹھا

مفعول لہٗ - وہ اسم ہے جس کے واسطے فعل واقع ہو یعنی وہ فعل کا سبب ہو - جیسے ضَرَبْتُهٗ تَأْدِيبًا میں نے اس کو ادب سکھانے کی غرض سے مارا - اس جملے میں تَأْدِيبًا مفعول لہٗ ہے -

مفعول معہٗ - وہ اسم ہے جو فعل کے بعد واو "مع" کے بعد مذکور ہو اور معیت کے معنی دے - جیسے جَاءَ الْبَرْدُ وَالطَّيَالِسَةَ - جاڑے کا موسم آیا مع چادروں کے طَیالِسَةَ مفعول معہٗ ہے -

حال :- وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول یا دونوں کی ہیئت کو بیان کرے جیسے جَاءَ زَيْدٌ رَاكِبًا زید آیا اس حال میں کہ سوار تھا - اس جگہ رَاكِبًا نے زید کی حالت فاعلیت کو بیان کیا اور ضَرَبْتُ زَيْدًا مَشْدُودًا - میں نے زید کو مارا - اس حال میں کہ وہ بندھا ہوا تھا اس جگہ مَشْدُودًا زید کی حالت مفعولیت کو بیان کیا اور لَقِيْتُ زَيْدًا رَاكِبَيْنِ میں نے زید سے ملاقات کی اس حال میں کہ ہم دونوں سوار تھے - اس جگہ رَاكِبَيْنِ سے فاعل اور مفعول دونوں کی حالتیں ظاہر ہوتی ہیں -

یاد رکھو فاعل اور مفعول ذو الحال یعنی صاحب حال کہتے ہیں - حال ہمیشہ نکرہ اور ذو الحال اکثر معرفہ ہوتا ہے لیکن جب ذو الحال نکرہ ہو تو حال کو مقدم

لانا واجب ہے جیسے جَاءَنِی رَاکِبًا رَجُلٌ۔ میرے پاس ایک شخص سوار ہوکر آیا۔

تمییز:۔ وہ اسم نکرہ ہے جو کسی مبہم اور مشکوک شے کے ابہام اور شک کو عدد یا پیمانے یا وزن یا مساحت سے دُور کرلے جیسے۔

عِنْدِیْ اَحَدَ عَشَرَ دِرْهَمًا رَطْلٌ زَیْتًا

قَفِیْزَانِ بُرًّا مَا فِی السَّمَاءِ قَدْرُ رَاحَةٍ سَحَابًا۔

یاد رکھو یہ مفاعیل خمسہ یعنی (۱) مفعول بہ (۲) مفعول مطلق (۳) مفعول فیہ (۴) مفعول لہٗ (۵) مفعول معہٗ اور حال اور تمیز ہر ایک فعل کے ساتھ آسکتے ہیں مگر فعل لازم کے ساتھ مفعول بہ نہیں آتا۔ اور جب فعل کو متعدی مجہول بنایا جاتا ہے تو اس کے فاعل کی جگہ اکثر مفعول بہ کو رکھ دیتے ہیں اور مفعول دوم عَلِمْتُ کا اور مفعول سوم اَعْلَمْتُ کا مفعول لہٗ اور مفعول معہٗ فاعل کی جگہ نہیں آسکتے۔ اور اَعْطَیْتُ کا مفعول اوّل دوم کے مقابلہ میں فاعل کی جگہ آنے کا زیادہ مستحق ہے۔

معرب و مبنی

تمام عربی کلمات کی بلحاظ اعراب کے دو قسمیں ہیں۔ معرب اور مبنی۔

معرب: وہ کلمہ ہے کہ اس کا آخری حرف عوامل کے آنے سے بدل جائے یعنی اس کے آخر میں ہمیشہ تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے کبھی حالت میں ضمہ یعنی پیش اور کسی حالت میں فتح یعنی زبر اور کسی حالت میں کسرہ یعنی زیر آتا ہے۔ جَاءَنِیْ زَیْدٌ۔ رَاَیْتُ زَیْدًا۔ مَرَرْتُ بِزَیْدٍ۔ دیکھو ان جملوں میں زید معرب ہے جس کے آخر میں تین حالتوں میں تین حرکتیں پیدا ہو رہی ہیں۔

اور مبنی وہ کلمہ ہے کہ عوامل کے آنے سے اس کا آخری حرف نہ بدلے یعنی اس کے آخر میں کبھی تغیر نہیں ہوتا اور کسی حالت میں بجائے ضمہ کے فتح بجائے فتحہ کے کسرہ نہیں آتا۔

جیسے :-

